★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 10 صفر المظفر 1447ھ، 5 اگست 2025ء 21 ساون 2082 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 254

دنیا مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی پر خاموش نہ رہے، اسرائیل کو جوابدہ ٹھہرائے: پاکستان

اسرائیلی حکام کی موجودگی میں ’’ٹیمپل ماؤنٹ ہمارا ہے‘‘ جیسے نفرت آمیز اعلانات کیے گئے، یہ اعلانات دنیا بھر میں مذہبی جذبات کو بھڑکانے اور تناؤ کو بڑھانے کی کوشش ہیں

اسرائیل کی توسیع پسندانہ کوششیں خطے کو غیر مستحکم کرنے اور امن کو خراب کرنے کی کوشش ہیں، دنیا کو غیر قانونی، غیر انسانی جارحیت پر خاموش نہیں رہنا چاہیے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) دفتر خارجہ پاکستان نے کہا ہے کہ اسرائیلی وزراء کی جانب سے مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی خطے کو غیر مستحکم کرنے کی کوشش ہے، دنیا اس پر خاموش نہ رہے بلکہ اسرائیل کو جواب دہ ٹھہرائے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ پاکستان مسجد اقصیٰ کی اشتعال انگیز اور جارحانہ بے حرمتی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے، اسرائیلی وزراء، عہدیداروں اور کنیسٹ کے ارکان سمیت ہزاروں (بقیہ نمبر 16)

چیف جسٹس آف پاکستان کی کراچی ڈویژن کے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز سے ملاقات

سندھ کے محکموں میں فوکل پرسنز کا تقرر؛ سپریم کورٹ نے ہائیکورٹ کے فیصلے میں ترمیم کردی

کراچی (این این آئی) سپریم کورٹ نے سندھ حکومت کے محکموں میں فوکل پرسنز کے تقرر کے احکامات کیخلاف اپیل پر ہائیکورٹ کے فیصلے میں ترمیم کردی۔ چیف جسٹس آف (بقیہ نمبر 3)

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نئے دور میں داخل، دنیا بھی معترف

فیلڈ مارشل امریکی تعلقات کو نئی جہت دے رہے ہیں: خطے میں سفارتی تبدیلی کا آغاز، رپورٹ

جنوبی ایشیا، چین اور مشرق وسطیٰ میں امریکی پالیسی میں تبدیلی، برطانوی جریدے دی اکانومسٹ کی رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نئے دور میں داخل ہو رہا ہے۔ برطانوی جریدے دی اکانومسٹ میں 3 اگست کو شائع ہونے والے مضمون میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی پاک امریکی تعلقات کی کوششوں کو سراہا (بقیہ نمبر 2)



گلگت، وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ ملکوں میں سرفہرست

وزیراعظم کا گلگت بلتستان میں انفراسٹرکچر کی بحالی کیلئے 4 ارب روپے کا اعلان

حکومت پاکستان اور پاکستانی عوام کی طرف سے کشمیری بہنوں اور بھائیوں کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ، پاکستان سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا، شہباز شریف کا یوم استحصال کشمیر کے موقع پر پیغام

پاکستان کا شمار ماحولیاتی تبدیلیوں سے شدید متاثر ہونیوالے 10 ممالک میں ہوتا ہے، گلگت بلتستان میں دانش سکول کا جلد قیام عمل میں لایا جائیگا، سولر پارک منصوبے کی ذاتی طور پر نگرانی کر رہا ہوں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ اسرائیلی کارروائیاں پورے خطے میں امن کے امکانات کو خطرے میں ڈال رہی ہیں۔ مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی کے واقعے پر اپنے مذمتی بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اسرائیلی وزرا کے قابض فوج (بقیہ نمبر 4)

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری میڈیا سے گفتگو کر رہی ہے

پنجاب میں یوم شہدا پولیس منایا گیا، مختلف شہروں میں تقریبات کا انعقاد

شہداء کی یاد میں شمعیں روشن کی گئیں، آر پی اوز، سی پی اوز، ڈی پی اوز سمیت سینئر پولیس افسروں نے شرکت کی

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں پیر کو یوم شہدا پولیس منایا گیا اور اس موقع پر مختلف شہروں میں تقریبات کا انعقاد کیا گیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق پنجاب سمیت ملک بھر میں 4 اگست کو یوم شہدا پولیس کے طور پر منایا جاتا ہے۔ کئی شہروں میں پولیس کے شہداء کی یاد میں شمعیں (بقیہ نمبر 37)

تحریک انصاف آج ملک بھر میں احتجاج کرے گی، مظاہرے، ریلیاں نکالی جائیں گی

احتجاج کسی ایک جگہ کی بجائے تمام حلقوں میں ہوگا، اراکین اسمبلی، ٹکٹ ہولڈرز، عہدیداروں کو ہدایات جاری کر دی گئیں

لاہور (خبر نگار) پاکستان تحریک انصاف آج (منگل) 5 اگست کو ملک بھر میں احتجاج کرے گی، پی ٹی آئی کے رہنماؤں کی قیادت میں کارکنان احتجاجی مظاہرے اور ریلیاں نکالیں گے جبکہ بانی چیئرمین عمران خان کی 5 اگست 2023 کو گرفتاری کے تناظر میں 5 اگست کے دن کو یوم (بقیہ نمبر 11)

لاہور: پنجاب اسمبلی کی لائبریری کمیٹی کے اہم اجلاس کی صدارت قائم مقام سپیکر پنجاب اسمبلی و چیئرمین لائبریری کمیٹی ملک ظہیر اقبال چنڑ کر رہے ہیں

بھارت کی یوکرین جنگ میں روس کی مدد کا انکشاف

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مشیر اعلیٰ نے بھارت پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ روس سے تیل خرید کر یوکرین (بقیہ نمبر 12)

آسٹریلیا، شدید برف باری نے دو دہائیوں کا ریکارڈ توڑ دیا

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا کے مشرقی علاقے میں شدید برف باری نے (بقیہ نمبر 13)

5 اگست کو پوری قوم یوم استحصال کشمیر منائے گی، فتنہ گروہ گوریلا جنگ کی بات کر رہا ہے: عظمیٰ بخاری

سمبڑیال اور مرید کے ضمنی الیکشن میں ناکامی کے بعد یہ لوگ بوکھلاہٹ کا شکار ہیں، 9 مئی کی معافی ممکن نہیں

کشمیریوں کی حمایت قومی فرض ہے، فتنہ گروہ کا گوریلا جنگ کا اعلان ملک دشمنی ہے، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (زیڈ این این) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پانچ اگست کو پوری قوم یوم استحصال کشمیر جوش و جذبے سے منائے گی اور کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں سفارتی و اخلاقی حمایت جاری رکھی جائے گی۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت نے مقبوضہ کشمیر کی آئینی حیثیت تبدیل کر کے کشمیریوں پر ظلم کا نیا باب رقم کیا، جس کے خلاف ہر سال یہ دن منایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کی آزادی تک کوئی پاکستانی سکون سے نہیں بیٹھ سکتا۔ (بقیہ نمبر 6)

گورنر سردار سلیم حیدر کا جنوبی پنجاب صوبہ بنانے کا وعدہ

بہاولپور (این این آئی) گورنر سردار سلیم حیدر نے جنوبی پنجاب صوبہ بنانے کا وعدہ کر دیا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے بہاولپور میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جنوبی پنجاب کے عوام پیپلز پارٹی کو صوبے میں اکثریت دلوائیں، پیپلز پارٹی الگ صوبہ نہ بنائے تو جماعت اور سیاست چھوڑ دوں گا۔ سردار سلیم حیدر کا مزید کہنا تھا کہ جنوبی پنجاب کے لوگ محرومیوں کا شکار ہیں، الگ صوبے کے قیام کے علاوہ محرومیوں کا ازالہ نہیں ہو سکتا، پنجاب کے وسائل (بقیہ نمبر 7)

دنیا بھر میں مقیم کشمیری (آج) یوم سیاہ منائیں گے

بھارتی حکومت نے 5 اگست 2019 کو بین الاقوامی قوانین اور اصولوں کی کھلی خلاف ورزی کی

سرینگر (این این آئی) کنٹرول لائن کے دونوں جانب، پاکستان اور دنیا بھر میں مقیم کشمیری 5 اگست 2019 کو مودی کی زیر قیادت بھارتی حکومت کی طرف سے کیے گئے غیر قانونی (بقیہ نمبر 10)

لاپتہ افراد کیس، صوبائی اور وفاقی حکومت سمیت متعلقہ فریقین سے جواب طلب

پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس ارشد علی نے 8 لاپتہ افراد سے متعلق دائر درخواستوں پر سماعت کی

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے لاپتہ افراد کیس میں صوبائی اور وفاقی حکومت سمیت متعلقہ فریقین سے جواب طلب کر لیا۔ پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس ارشد علی نے 8 لاپتہ (بقیہ نمبر 9)

سابق وزیراعظم آزاد کشمیر عبدالقیوم نیازی چار دن کیلئے نظر بند

مظفر آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر سردار عبدالقیوم نیازی کو (بقیہ نمبر 14)

مذہب کی تبدیلی، پسند کی شادی: ڈیفنس کی رہائشی لڑکی کو سپریم کورٹ میں پیش کرنے کا حکم

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ڈیفنس فیز 5 کی رہائشی لڑکی کی مذہب کی تبدیلی اور پسند کی شادی کے کیس میں سپریم (بقیہ نمبر 15)

حقائق کی جانچ سپریم کورٹ کا کام نہیں، صرف قانون کی خلاف ورزی کو دیکھیں گے: چیف جسٹس

نان نفقہ سے متعلق حقائق کی جانچ فیملی کورٹس نے کرنی ہیں، سپریم کورٹ حقائق کی جانچ سے متعلق مداخلت نہیں کرے گی، ہم سمجھتے ہیں ہائی کورٹ کو بھی حقائق کی جانچ میں نہیں جانا چاہیے۔ جسٹس یحییٰ آفریدی

آپ نے 2022 سے نان نفقہ ادا نہیں کیا، 3 برسوں سے آپ نے اپنے بچوں کو ایک روپیہ بھی نہیں دیا۔ آپ جو بات کر رہے ہیں اس کے لیے ریکارڈ کا جائزہ لینا پڑے گا، حقائق کی جانچ کا فورم ماتحت عدالت ہے

کراچی (این این آئی) سپریم کورٹ کراچی رجسٹری نے نان نفقہ کی ادائیگی کے خلاف مختلف درخواستیں مسترد کر دیں۔ دوران درخواست چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ حقائق کی جانچ سپریم کورٹ کا کام نہیں، ہم یہاں صرف قانون کی خلاف ورزی کو دیکھیں گے۔ پیر کو سپریم کورٹ کراچی رجسٹری میں نان نفقہ کی ادائیگی سے متعلق شہریوں کی مختلف اپیلوں پر چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس (بقیہ نمبر 1)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ادارہ برائے علاج امراض قلب بلوچستان کی فعالیت اور ٹراما سینٹ کی تعمیر سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسرائیلی وزیر بن گویر کا مسجد اقصیٰ پر دھاوا

یسرائیل کاٹ کا القدس پر کنٹرول بڑھانے کا مطالبہ

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) مقبوضہ بیت المقدس میں اسلامی اوقاف کی کونسل نے بتایا ہے کہ 1251 آبادکاروں نے مسجد اقصیٰ پر دھاوا بول کر اشتعال انگیز مارچ کیا۔ دوسری (بقیہ نمبر 18)

متحدہ عرب امارات میں منشیات کی روک تھام کے لیے نیا ادارہ قائم

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات (یو اے ای) نے منشیات کے انسداد کے لیے نیشنل اینٹی نارکوٹکس اتھارٹی قائم کر دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ ادارہ متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر نشے کے عادی افراد کے علاج اور بحالی کی نگرانی (بقیہ نمبر 19)

اسپین کا یورپ کی تاریخ کا سب سے سستا ویزا متعارف

غیر یورپی شہریوں کیلئے ویزا صرف 21 ہزار پاکستانی روپے میں دستیاب ہے، رپورٹ

اس ویزے کے حصول کے بعد آپ ایک سال تک اسپین میں رہ سکتے ہیں

میڈرڈ (این این آئی) یورپ کے خوبصورت ملک اسپین نے سب سے سستا ویزا متعارف کروا دیا ہے جسے صرف 21 ہزار پاکستا (بقیہ نمبر 17)

600 سابق اسرائیلی سیکیورٹی عہدیداروں کا ٹرمپ کو خط

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کے 600 سے زائد سابق سیکیورٹی عہدیداروں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو خط تحریر کیا ہے۔ تل (بقیہ نمبر 20)

سیف سٹی منصوبے کا پہلا مرحلہ جلد مکمل کر لیا جائے گا، آئی جی سندھ

ٹریفک پولیس کے خلاف شکایات اور غلط فہمیوں کا بھی خاتمہ ہوگا، غلام نبی میمن

کراچی (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس سندھ غلام نبی میمن نے کہا ہے کہ حکومت سندھ کے سیف سٹی منصوبے کے پہلے مرحلے کو جلد مکمل اور نافذ کیا جائے گا، جس کے تحت شہر (بقیہ نمبر 21)

فلسطینیوں کے قاتلوں سے جمہوریت کا سبق نہیں لیں گے، میئر ایتھنز

ایتھنز جمہوری ملک کا دارالحکومت ہے اور اپنے سیاحوں کا مکمل احترام کرتا ہے، بیان

اپنے شہریوں کے آزادانہ اظہار کے حق کی حمایت کرتا ہے: حارلیس ڈوکاس

ایتھنز (این این آئی) ایتھنز کے میئر حارلیس ڈوکاس نے یونان میں اسرائیلی سفیر نوعام کاتز کے ان بیانات کی مذمت کی ہے جن میں انہوں نے میئر پر دارالحکومت کو یہود دشمن گرافٹی سے صاف نہ کرنے کا الزام لگایا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ گرافٹی مبینہ طور پر یونان آنے والے اسرائیلی (بقیہ نمبر 22)

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے پی پی پی بلوچستان کے نومنتخب صدر سینئر سردار محمد عمر گرگیج، جنرل سیکرٹری ربانی کاکڑ اور سیکرٹری اطلاعات ظہور بلیدی کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

پاکستان دہشتگردی کیخلاف جنگ میں ناکام ہوا تو پوری دنیا لپیٹ میں آئیگی: طلال چودھری

دہشت گردی کے اثرات بڑھے تو پوری دنیا لپیٹ میں آئے گی، سیاسی کاوشوں کے بغیر دہشت گردی کے خلاف جنگ نہیں جیتی جاسکتی، خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی زیادہ ہے

ہمارے 2 سے 3 سیکورٹی فورسز کے اہلکار اور افسران ہر روز شہید ہو رہے ہیں، بلوچستان اور خیبر پختونخوا، دونوں صوبوں میں غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کیا گیا، اب یہ قابل قبول نہیں رہا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ناکام ہوا تو پوری دنیا لپیٹ میں آئے گی۔ اسلام آباد میں یوم شہدا پولیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ دہشت گردی کے اثرات بڑھے تو پوری دنیا لپیٹ میں آئے گی، سیاسی کاوشوں کے بغیر دہشت (بقیہ نمبر 23)

سیف سٹی منصوبے کا پہلا مرحلہ جلد مکمل کر لیا جائے گا، آئی جی سندھ

جب کراچی میں یہ جدید کیمرے کام شروع کریں گے تو ٹریفک پولیس کے خلاف شکایات اور غلط فہمیوں کا بھی خاتمہ ہوگا

شہریوں کو پولیس کی جسمانی تلاشی کے دوران پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے،: غلام نبی میمن

کراچی (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس سندھ غلام نبی میمن نے کہا ہے کہ حکومت سندھ کے سیف سٹی منصوبے کے پہلے مرحلے کو جلد مکمل اور نافذ کیا جائے گا، جس کے تحت شہر میں 1300 اسمارٹ کیمرے نصب کیے جائیں گے۔ پولیس کے شہدا کی یاد میں منعقدہ تقریب سے خطاب (بقیہ نمبر 33)

کارگو کمپنیوں کے ذریعے موبائل فون سمگلنگ میں ملوث گروہ گرفتار

فیصل ٹاؤن پولیس کی کارروائی، جھپٹ مار وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان گرفتار، سی سی ٹی وی سے شناخت

گرفتاریاں سی سی ٹی وی فوٹیج اور موبائل فون لوکیشنز کی مدد سے کی گئیں

لاہور (زیڈ این این) فیصل ٹاؤن پولیس نے کارگو کمپنیوں کے ذریعے موبائل فون سمگلنگ میں ملوث گروہ کو گرفتار کر لیا۔ کارروائی ایس ایچ او فیصل ٹاؤن افضال رؤف کی قیادت میں عمل میں لائی گئی، جس کے دوران دو ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ کے مطابق گرفتاریاں سی سی ٹی وی فوٹیج اور موبائل فون لوکیشنز کی مدد سے کی گئیں۔ ملزمان علی اصبح مختلف علاقوں میں شہریوں (بقیہ نمبر 24)

لاہور: سیکرٹری پرائس کنٹرول ڈاکٹر احسان بھٹی صوبے بھر میں چینی کی سپلائی کی موجودہ صورتحال بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سردار عبدالقیوم خان نیازی کی گرفتاری ایک خطرناک رجحان کی نشاندہی کرتی ہے، شہناز خان

مظفر آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر کی سینئر رہنما شہناز خان نے سابق وزیراعظم آزاد کشمیر و صدر پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر سردار عبدالقیوم خان نیازی کی بلا جواز (بقیہ نمبر 25)

کے-الیکٹرک نے پاکستان کا پہلا لسٹڈ شارٹ ٹرم ریٹیل سکوک متعارف

کراچی (این این آئی) کے الیکٹرک نے پاکستان کا پہلا ریٹیل لسٹڈ قلیل مدتی (بقیہ نمبر 26)

ہم جان بوجھ کر قیدیوں کو بھوکا نہیں رکھ رہے، القسام بریگیڈز

غزہ (این این آئی) فلسطینی تنظیم حماس کے عسکری ونگ القسام بریگیڈز کے ترجمان نے کہا ہے کہ تنظیم اس بات کے لیے تیار ہے کہ وہ (بقیہ نمبر 27)

لاہور: چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان یوم شہداء پولیس کے سلسلے میں الحمراء میں منعقدہ تقریب کے دوران پولیس شہداء کے اہلخانہ میں پلاٹس کے ملکیتی حقوق کے کاغذات تقسیم کر رہے ہیں

پاکستان کھجور پیدا کرنیوالا دنیا کا پانچواں بڑا ملک: سالانہ 5 لاکھ ٹن کھجور پیدا

اس وقت کھجور مختلف ممالک کی 23 مارکیٹوں میں برآمد کی جارہی ہے: رپورٹ

ملک میں سب سے زیادہ کھجور صوبہ سندھ میں پیداوار 2 لاکھ 52 ہزار 300 ٹن ہے، رپورٹ

کراچی (این این آئی) پاکستان کھجور پیدا کرنے والا دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہے اور ملک کے چاروں صوبوں میں کھجور کے وسیع باغات موجود ہیں۔ رپورٹ کے مطابق کھجور کی کاشت اور (بقیہ نمبر 30)

وزیراعلیٰ سندھ کی لیاری کی فٹبال ٹیم وناروے کپ جیتنے پر مبارکباد

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے لیاری کی فٹبال ٹیم کو ناروے کپ 2025 جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے اپنے پیغام میں کہا کہ لیاری کے نوجوان کھلاڑیوں نے دنیا بھر میں پاکستان اور سندھ کا نام (بقیہ نمبر 31)

سندھ حکومت انسدادِ منشیات عدالتوں کا قیام عمل میں لائے، رفیع احمد

ہماری نوجوان نسل کو ڈرگ مافیا نے اپنا ٹارگٹ بنایا ہوا ہے،

منشیات کا استعمال تشویشناک حد تک تعلیمی اداروں میں بھی بڑھتا جارہا ہے، ایڈووکیٹ سہیل بیگ

کراچی (این این آئی) منشیات کے پھیلاؤ کو سخت قوانین پر عملدرآمد کر کے ہی روکا جاسکتا ہے یہ بات گزشتہ روز تنظیم فانوس کے صدر رفیع احمد نے جسٹس لائرز فرنٹ کے چیئرمین ایڈووکیٹ سہیل بیگ نوری سے ملاقات کے موقع پر کہی۔ انہوں نے کہا کہ وطن عزیز میں منشیات کا دھندا (بقیہ نمبر 32)

حکومت پولیس شہدا کی قربانیوں کو نہیں بھولی، سید مراد علی شاہ

قیام امن کے لیے سندھ پولیس کے اہلکار اپنی جان کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ سندھ کا پیغام

1971 سے اب تک سندھ پولیس کے 2 ہزار 549 اہلکار شہید ہو چکے ہیں، شہدا میں 4 ایس پی، 1 اے ایس پی اور 22 ڈی ایس پی بھی شامل ہیں

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے یوم شہدائے سندھ پولیس پر خصوصی پیغام جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت پولیس شہدا کی قربانیوں کو بھولی نہیں ہے، قیام امن کے لیے سندھ پولیس کے اہلکار اپنی جان کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ مراد علی شاہ نے اپنے (بقیہ نمبر 28)

پاکستان دراصل اُن بے مثال قربانیوں کی میراث ہے

پاکستان، ہمارے آبا و اجداد کی اس سرزمین پر قائم :، ڈاکٹر عارفہ زہرا

پاکستان کی دراصل بنیادیں ایمان، اتحاد اور تنظیم کے جذبے سے رکھی گئیں

کراچی (این این آئی) 14 اگست کا دن ایک آزاد اور خود مختار ریاست کے اُس عظیم خواب کی تعبیر کا دن ہے، جو کئی نسلوں نے دیکھا تھا اور جس کیلئے بے شمار قربانیاں دی گئیں۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ پاکستان، ہمارے آبا و اجداد کی اس سرزمین پر قائم ہوا جس کی بنیادیں ایمان، اتحاد اور تنظیم کے جذبے سے رکھی گئیں۔ پاکستان دراصل اُن بے مثال قربانیوں کی میراث ہے جو ہمارے بزرگوں نے آزادی کے لیے دیں۔ اسی عظیم جدوجہد کی گواہی ڈاکٹر سیدہ عارفہ زہرا کی زبانی بھی سننے کو ملتی ہے، (بقیہ نمبر 29)

صوبائی وزیر توانائی سندھ ناصر حسین شاہ سے پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما انجینئر ہادی عسکری، ملک عیسیٰ ہزارہ اور عہدیدہ بتول ملاقات کر رہی ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

5 اگست کو بھارت نے آئین کی آڑ میں انسانیت کا گلا گھونٹا تھا، ڈاکٹر مزمل ہاشمی

لاہور (خبر نگار) پاکستان مرکزی مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا دن کشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، جب بھارت نے آرٹیکل 370 اور 35A کو ختم کر کے جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر دی۔ یہ عمل اقوام متحدہ کی قراردادوں، بین الاقوامی قوانین اور کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کی صریح خلاف ورزی ہے۔ ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے کہا کہ بھارت نے کشمیری عوام کی آواز دبانے، شناخت مٹانے اور حق خود ارادیت چھیننے کی کوشش کی، مگر کشمیری نوجوان کی جدوجہد آزادی کی راہ میں مزاحمت کی مثال ہیں۔ انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ خاموشی توڑ کر کشمیریوں کے ساتھ کھڑی ہو۔ کشمیر کی حیثیت مٹائی جا سکتی ہے، جذبہ نہیں۔ یہ دن انتصال کا نہیں، استقامت کا دن ہے۔ پاکستان کشمیری بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑا ہے، اور رہے گا جب تک آزادی کا سورج سری نگر میں طلوع نہ ہو جائے۔

ایس پی ڈوگلف اسلان زاہد کا سول لائنز ڈویژن کے مختلف علاقوں کا دورہ

لاہور (پریس ملی سے) ایس پی ڈوگلف اسلان زاہد کی مختلف پوائنٹ پر ڈویژن اور ٹی آر یو جیمن کی سپرائز چیکنگ، ایس پی ٹریفک ڈویژن کے موٹر سائیکلوں اور بی آر یو گاڑیوں کی ایس پی ٹی ایس جانب گارڈیوں، موٹر سائیکلوں کی انسپکشن کا مقصد ای کیٹیشن بارے آگاہی رکھنا ہے۔ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے پٹرولنگ میں بہتری لائی جاری ہے۔ ڈوگلف لاہور کی آر یو انتظامیہ کی کرائم میں واقعی کمی ہوئی ہے۔ شہر میں سیکیورٹی کے

یوم شہداء پولیس کے سلسلے میں الحمرا میں منعقدہ تقریب کے دوران چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان پولیس شہداء کے اہلخانہ میں پولیس کے مثلیثی حقوق کے کے غذات تقسیم کر رہے ہیں

یوم شہداء پولیس کی تقریب، شرکاء کا شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین

صوبہ میں امن شہداء کی قربانیوں کی بدولت ہے، پنجاب حکومت شہداء کے اہلخانہ کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری رکھے گی۔ چیف سیکرٹری

تقریب کا آغاز قومی ترانے سے ہوا، پنجاب پولیس کے بینڈ نے شہداء کے اہلخانہ کو سلامی پیش کی

لاہور (خبر نگار) یوم شہداء پولیس کے سلسلے میں روز پولیس کے زیر اہتمام الحمراء میں ہیڈ کوارٹر تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز قومی ترانے سے ہوا، لاہور پولیس کے آرکسٹرا نے قومی ترانے کی دھنیں بکھیر کر شرکا کو گرما دیا۔ لاہور پولیس کے بینڈ نے شہدا کی تعلیم پر سلامی پیش کی۔ تقریب کے شرکاء نے شہداء پولیس کی یاد میں پودے لگائے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے کہا کہ یوم شہداء پولیس کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں شرکت اگلے کے باعث اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں امن شہداء کی قربانیوں کی بدولت ہے، اعداد و شمار کے مطابق صوبہ پنجاب میں امن و امان کی صورتحال مثالی ہے۔ چیف سیکرٹری نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے تمام سرکاری ملازمین کی فلاح و بہبود کو بہتر بنیادوں پر یقینی بنانے کیلئے اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ خاص طور پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے مشکور ہیں کہ انہوں نے پولیس شہداء کے اہلخانہ کیلئے کیے گئے تمام ویلفیئر اقدامات کا گریڈ سابق گلگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی اور موجودہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا بھی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت شہداء پولیس کے اہلخانہ کی ویلفیئر کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ تقریب میں پولیس شہداء کی ویلفیئر کے اقدامات کا گریڈ سابق آئی جی پنجاب عثمان انور نے پولیس شہداء کے اہلخانہ کیلئے کیے گئے تمام ویلفیئر اقدامات کا گریڈ سابق نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے مزید کہا کہ تمام سرکاری ملازمین کی فلاح و بہبود کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس شہداء کے اہلخانہ کیلئے کیے گئے تمام

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 5 اگست 2025ء

یومِ شہداءِ پولیس کے موقع پر پولیس لائنز گوجرانوالہ میں پُروقار تقریب کا انعقاد

تقریب میں شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا، سلامی دی گئی، پھول چڑھائے گئے اور ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی گئی

گوجرانوالہ (پرویز مغل قوت بیورو) تقریب میں آر پی او طیب حفیظ چیمہ، کمشنر سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق، ایس ایس پی INV رضا تنویر سپرا، ڈویژنل ایس پیز، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، امن کمیٹی ممبران، صدر ڈسٹرکٹ بار، صدر چیمبر آف کامرس اور شہداء کی فیملیز نے شرکت کی۔ یوم شہداء منانے کا مقصد اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران جان قربان کرنے والے پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرنا ہے۔ کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ ہم اپنے شہداء کی عظیم قربانیوں کو بھولے ہیں اور نہ ہی کبھی بھولیں گے۔ شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ آر پی او طیب حفیظ چیمہ ہم اپنے شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں، ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے۔ ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق گوجرانوالہ (4 اگست 2025ء) یوم شہداء پولیس کے موقع پر اشرف مارتھ شہید پولیس لائنز گوجرانوالہ میں ایک باوقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے یادگار شہداء پر سلامی دی، پھول چڑھائے اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ تقریب میں آر پی او طیب حفیظ چیمہ، کمشنر سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق، ایس ایس پی INV رضا تنویر سپرا، ڈویژنل ایس پیز، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، امن کمیٹی ممبران، صدر ڈسٹرکٹ بار، صدر چیمبر آف کامرس اور شہداء کی فیملیز نے شرکت کی۔ اس موقع پر ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ نے کہا کہ گوجرانوالہ پولیس کے 103 افسران و جوانوں نے عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جانیں قربان کیں۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور ہم ان کے مشن کو آگے بڑھاتے رہیں گے۔ کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ پولیس کے شہداء نے قوم کے محفوظ مستقبل کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جنہیں ہمیشہ عزت اور احترام سے یاد رکھا جائے گا۔

ناجائز تجاوزات، ذخیرہ اندوزی اور اسٹیٹ لینڈ پر ناجائز قابضین کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری

ریڑھی بانوں کو کسی بھی صورت بے روزگار نہیں کیا جائے گا: ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر پیرا فورس ضلع ننکانہ میں ناجائز تجاوزات، ذخیرہ اندوزی اور اسٹیٹ لینڈ پر ناجائز قابضین کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ کی زیر صدارت پیرا فورس کی ذمہ داریوں اور کارروائیوں بارے اہم اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رائے ذوالفقار علی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل شاہد کھوکھر، اسسٹنٹ کمشنر عطیہ عنایت، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر، ہیڈ آف ضلع کونسل عامر اختر، ڈی ایس پی ٹریفک سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی شریک تھے۔ ضلع بھر کی تاجر تنظیموں کے نمائندوں نے بھی اجلاس میں خصوصی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ نے تاجر برادری کی درخواست پر ناجائز تجاوزات ہٹانے کے لیے 03 یوم کی ڈیڈ لائن دیتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری اپنی مدد آپ کے تحت تین روز میں اپنا سامان دوکانوں کے اندر کر کے تجاوزات کو ہٹا دیں، خلاف ورزی کی صورت میں پیرا فورس سخت ایکشن لیتے ہوئے سامان کو ضبط کرے گی اور ایف آئی آرز کا اندراج بھی کروائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ریڑھی بانوں کو کسی بھی صورت بے روزگار نہیں کیا جائے گا

ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب چوہدری عبدالحمید نے ساہیوال کا دورہ کیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب چوہدری عبدالحمید نے ساہیوال کا دورہ کیا۔ انہوں نے دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع میں ایک خصوصی اجلاس کی صدارت کی جس میں ڈائریکٹر زراعت ساہیوال چوہدری شہباز اختر، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر طاہر جاوید، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد اسلم نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کپاس کی فصل کی مجموعی صورتحال کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا، جس میں کیڑے مکوڑوں کی موجودگی، چنائی کی رفتار، اور حالیہ بارشوں کے فصل پر اثرات کا احاطہ کیا گیا۔ اس کے علاوہ دھان کی فصل پر اس لیف رولر کے حملے پر بھی غور کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب چوہدری عبدالحمید نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا

گورنمنٹ گریجویٹ کالج سول لائن شیخوپورہ میں انٹرنیشنل ریلیشنز میں ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام کا آغاز کر دیا گیا

پنجاب یونیورسٹی نے شعبہ سیاسیات کی بہترین کارکردگی اور اعلیٰ نتائج کی بنیاد پر ڈیپارٹمنٹ کو انٹرنیشنل ریلیشنز میں ڈگری پروگرام شروع کرنے کی بخوشی اجازت دے دی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ گریجویٹ کالج سول لائن شیخوپورہ میں انٹرنیشنل ریلیشنز میں ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پنجاب یونیورسٹی نے شعبہ سیاسیات کی بہترین کارکردگی اور اعلیٰ نتائج کی بنیاد پر ڈیپارٹمنٹ کو انٹرنیشنل ریلیشنز میں ڈگری پروگرام شروع کرنے کی بخوشی اجازت دے دی وہ تمام طلباء و طالبات جنہوں نے ایف اے، ایف ایس سی، آئی سی ایس، آئی کام پاس یا اس سے برابری تعلیم حاصل کی ہے وہ اس پروگرام میں داخلہ لینے کے اہل ہیں صدر شعبہ سیاسیات پروفیسر عمر دراز ڈوگر اور ڈاکٹر داؤد احمد نے میڈیا کو بتایا کہ یہ ایک اعزاز کی بات ہے کہ پنجاب یونیورسٹی نے شعبہ سیاسیات کی اعلیٰ خدمات کو سراہتے ہوئے ایک نئے اور بین الاقوامی سطح پر مفید مضمون کی ڈگری کی اجازت دے دی ہے اس سے پہلے یہ ڈگری پروگرام صرف پنجاب یونیورسٹی ہی کرواتی تھی یہ مضمون نہ صرف پاکستان میں بلکہ پوری دنیا میں نہایت اہمیت کا حامل ہے بین الاقوامی برادری کے آپس کے تعلقات جنگ اور امن کے قوانین، معاہدہ جات اور بین الاقوامی ادارہ یو این او اس مضمون کے بنیادی ابواب ہیں مزید یہ کہ مقابلہ جات کے امتحانات پی ایم ایس اور سی ایس ایس میں یہ مضمون فیورٹ سبجیکٹ کے طور پر لیا جاتا ہے لہذا طلبہ و طالبات کو ان کے مفاد میں یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد شعبہ سیاسیات گریجویٹ کالج سول لائنز شیخوپورہ میں رابطہ کریں کیونکہ داخلہ محدود نشستوں پر ہو گا اور پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر داخلہ دیا جائے گا

الخدمت فاؤنڈیشن حافظ آباد نے الحمد للہ عوامی خدمت کا ایک اور سنگ میل عبور کر لیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) الخدمت فاؤنڈیشن حافظ آباد نے الحمد للہ عوامی خدمت کا ایک اور سنگ میل عبور کر لیا۔ نواحی قصبہ رامکے چٹھہ الخدمت فاؤنڈیشن سنٹرل پنجاب واش پروگرام کے تحت واٹر فلٹریشن پلانٹ لگانے کا فیصلہ کر لیا ہے، جس کی پیداوار 1000 لیٹر فی گھنٹہ ہو گی اور بہت جلد یہاں کے عوام عوامی فلاح کے اس منصوبے سے فائدہ اٹھائیں گے اور جماعت اسلامی کے پیغام کو عام کرنے کے دروازے کھلیں گے۔ اس سلسلہ میں انچارج واش پروگرام وسطی پنجاب رانا محمد ریاض نے موقع کا سروے کیا اور نقشہ کو فائنل کرنے کے ساتھ ساتھ ضروری ہدایات دیں۔

جہلم اور گردونواح کے علاقوں میں پنجاب ساؤنڈ آرڈیننس کی خلاف ورزیاں عروج پر پہنچ گئیں

رکشوں، موٹر سائیکلوں، ریڑھیوں اور سائیکلوں پر نصب ہیوی ڈیوٹی سپیکرز کے شور وغل سے مکینوں کی زندگی اجیرن بن کر رہ گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم اور گردونواح کے علاقوں میں پنجاب ساؤنڈ آرڈیننس کی خلاف ورزیاں عروج پر پہنچ گئیں۔ رکشوں، موٹر سائیکلوں، ریڑھیوں اور سائیکلوں پر نصب ہیوی ڈیوٹی سپیکرز کے شور وغل سے مکینوں کی زندگی اجیرن بن کر رہ گئی، شہریوں کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، ڈپٹی کمشنر سے کارروائیاں کرنے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق جہلم شہر اور گردونواح میں بھیک مانگنے والے بھکاریوں سمیت سبزیاں پھل فروٹ فروخت کرنے والے موبائل دکانداروں نے اپنی ریڑھیوں، موٹر سائیکلوں، لوڈر رکشوں اور سائیکلوں پر ہیوی ڈیوٹی لاؤڈ سپیکرز نصب کر کے پنجاب ساؤنڈ آرڈیننس ایکٹ 2015ء کے قانون کی کھلے سرعام دھجیاں بکھیرنی شروع کر رکھی ہیں۔ بیک وقت کئی کئی سپیکرز کے چلنے سے کان پڑی آواز سنائی نہیں دیتی، مختلف اشیاء بیچنے والے مافیاز نے اپنے اپنے کاروباری تشہیر کے لیے کئی کئی گھنٹوں پر محیط ریکارڈڈ پیغامات کے میموری کارڈز فل کروا رکھے ہیں، جو کہ ایک دفعہ سوئچ آن ہو جانے پر سپیکر کئی کئی گھنٹے بغیر کسی وقفے کے تسلسل چلتے رہنے سے ماحول کو آلودہ کر دیا جاتا ہے ہر وقت کے شور وغل سے مکین شدید ذہنی کوفت کے سمیت دماغی، ذہنی اور چڑچڑاپن جیسے امراض کا شکار ہوتے لگے ہیں علاوہ ازیں شہریوں کی زندگی کے دیگر معمولات نماز، پڑھائی، عبادت اور نیند سمیت بوڑھے بچے اور مریض اور طالب علم شدید ڈسٹرب ہونے لگے۔

4 اگست یوم شہداء پنجاب پولیس کے حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس لائنز ننکانہ میں میں یوم شہداء کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) 4 اگست یوم شہداء پنجاب پولیس کے حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس لائنز ننکانہ میں میں یوم شہداء کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ضلع ننکانہ کے 6 شہیدوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد فیصل احمد، ڈپٹی کمشنر تسلیم اختر راؤ اور ڈی پی او سید ندیم عباس نے تقریب میں شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق تمام شہداء کی فیملیز کو سرکاری پروٹوکول میں پولیس لائن لایا گیا۔ ڈی پی او نے ایس پی انویسٹی گیشن حنا نیک بخت، معزز مہمانوں، پولیس افسران، اور مرد و خواتین کے ہمراہ شہداء کی فیملیز کا والہانہ استقبال کیا۔ ضلعی پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہداء کی یادگار پر سلامی دی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او نے شہداء کی یادگار پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ شہداء پولیس ننکانہ کی فیملیز کو تقریب میں بطور مہمان خصوصی سٹیج کی زینت بنایا گیا۔ تقریب میں ضلعی پولیس افسران، وکلاء، ڈی ایس پیز، تاجر، طلبتی رہنما، میڈیا و دیگر پولیس نے شرکت کی۔ شہید کنسٹیبل ارسلان اعجاز پنوں کے والد نے تقریب میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ تقریب میں خطاب کرتے ہوئے ڈی پی او ننکانہ کا کہنا تھا کہ شہدائے پنجاب پولیس کی شہادت معاشرے کے لیے بہت بڑا پیغام ہے۔ ہمارے شہداء نے امن و عامہ برقرار رکھنے کے لیے سینے پر گولیاں کھائی ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ شہداء کی فیملیز ہمارے لیے قابل فخر ہیں۔ ڈپٹی کمشنر تسلیم اختر راؤ کا کہنا تھا کہ زندہ قومیں اپنے شہیدوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہیں۔

جہلم شہر اور گردونواح میں ہوٹلز اور تندور مالکان کی جانب سے روٹی کے وزن میں کمی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور گردونواح میں ہوٹلز اور تندور مالکان کی جانب سے روٹی کے وزن میں کمی اور قیمتوں میں بے جا اضافہ شہریوں کے لیے باعث تشویش بن گیا، ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق جہلم شہر اور ملحقہ علاقوں میں واقع ہوٹلوں اور تندور کے مالکان نے راتوں رات امیر بننے کے لالچ میں روٹی کا وزن کم کر دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ روٹی کا وزن 100 گرام سے بھی کم کر دیا گیا ہے جبکہ اس کی قیمت 15 روپے سے 50 روپے وصول کی جا رہی ہے، جو کہ کسی بھی صورت ناقابل قبول ہے۔ شہری حلقوں نے بتایا کہ یہ صورتحال نہ صرف غریب طبقے کی جیب پر بوجھ بن رہی ہے بلکہ حکومت کے جاری کردہ نرخ ناموں کی بھی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔ مہنگائی کے اس دور میں جب عوام پہلے ہی مشکلات کا شکار ہیں، ہوٹلز مالکان کی خود ساختہ قیمتیں جلتی پر تیل کا کام کر رہی ہیں۔

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کی زیرِ صدارت ضلعی امن و بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کا اجلاس

اس موقع پر ڈی پی او لیفٹیننٹ (ر) احمد محی الدین بھی موجود تھے۔ اجلاس میں اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ سمیت ضلعی انتظامیہ و پولیس کے دیگر افسران نے بھی شرکت کی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کے زیرِ صدارت 17 صفر المظفر کے سلسلہ میں ضلعی امن و بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر ڈی پی او لیفٹیننٹ (ر) احمد محی الدین بھی موجود تھے۔ اجلاس میں اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ سمیت ضلعی انتظامیہ و پولیس کے دیگر افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں چہلم حضرت امام حسین رضہ، مدارس کی رجسٹریشن اور مشی واک کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے اے ڈی سی جی نے شرکاء اجلاس کو بتایا کہ ڈپٹی کمشنر کی کوشش سے وفاق المدارس نے مدارس کی رجسٹریشن کیلئے اپنا نمائندہ مقرر کر دیا ہے تمام مدارس کی رجسٹریشن جلد از جلد یقینی بنائی جائے گی۔ مشی واک پر حکومت پنجاب کی جانب سے اجازت نہیں ہے اور حکومت کی پالیسی پر عمل درآمد سو فیصد یقینی بنایا جائے گا۔ ضلعی امن و بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کے معزز اراکین نے اجلاس میں پیش کردہ ایجنڈے پر اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلع میں امن عامہ کے فروغ، ہم آہنگی کی خوشگوار فضا برقرار رکھنے اور سیکیورٹی سسٹم کو مستحکم کرنے کے ضمن میں ضلعی انتظامیہ و پولیس کو حسب روایت مکمل معاونت کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی اور ضلع کے امن کو مقدم رکھنے کا اہم ترین پیغام پوری سرایت پذیری کے ساتھ معاشرے میں عام کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دین اسلام امن و آشتی، اخوت و محبت اور صبر و تحمل کا درس دیتا ہے، جس کی روشنی میں امن و امان اور رواداری کا فروغ اہم ترین ذمہ داری ہے اور اس کی تکمیل کیلئے ہم سب کو مل جل کر کردار ادا کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات اور ڈی پی او لیفٹیننٹ (ر) احمد محی الدین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے لاء اینڈ آرڈر کنٹرول اور سیکیورٹی پلان پر عملدرآمد کے سلسلہ میں کمیٹی کے اراکین کی طرف سے مشاورت اور معاونت کی فراہمی کو قابل تحسین قرار دیا اور انکی مفید تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ امن عامہ کی خوشگوار فضا کی ترویج کے لئے ان تجاویز و آراء سے بھرپور استفادہ کیا جائے گا۔

آر پی او نے شرکا وفد کو گوجرانوالہ ریجن بھر کی ورکنگ بارے تفصیل سے بریفنگ دی

سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانے کیلئے گوجرانوالہ ریجن پولیس تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے: ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) 52ویں کامن سے تعلق رکھنے والے زیرِ تربیت اے ایس پیز کے وفد نے ریجنل پولیس آفس گوجرانوالہ کا دورہ کیا، دفتر پہنچنے پر پولیس افسران نے استقبال کیا، بعد ازاں آر پی او نے شرکا وفد کو گوجرانوالہ ریجن، گجرات، سیالکوٹ، منڈی بہاؤالدین، حافظ آباد اور نارووال کی ورکنگ بارے تفصیل سے بریف کیا، جس میں شرکا نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہیں بتایا گیا کہ پولیس امن و امان قائم رکھنے اور کرائم کی صورتحال کنٹرول کرنے کے لئے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کر رہی ہے۔ سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانے کیلئے گوجرانوالہ ریجن پولیس تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ کرائم کو کنٹرول کرنے کے لیے مربوط سسٹم بنایا گیا ہے، جس کے خاطر خواہ نتائج بھی سامنے آ رہے ہیں، اسی وجہ سے چوری، ڈکیتی، راہزنی میں ملوث درجنوں گینگز بھی گرفتار کیے گئے ہیں۔ آر پی او نے وفد میں شامل افسران کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے بتایا کہ سمارٹ اینڈ کمیونٹی پولیسنگ کے مطابق پنجاب پولیس عوام کی جان و مال کے تحفظ اور قانون کی حکمرانی کیلئے شب و روز مصروف عمل ہے۔ مزید برآں آر پی او طیب حفیظ چیمہ نے وفد کے شرکا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال سے شروع کیے گئے پراجیکٹس جیسا کہ پولیس خدمت مراکز، ویمن انکلیو گوجرانوالہ کے قیام کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ خواتین کسی بھی طرح دیگر اداروں کے متعلقہ مسائل کے لئے ویمن انکلیو میں آ سکتی ہے

فیصل آباد پریس کلب کا اجلاس قائم مقام صدر جی اے تنویر کی صدارت میں منعقد ہوا

اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا اور نعت رسول مقبول ﷺ بھی پڑھی گئی

فیصل آباد (میاں محمد ساجد سے) فیصل آباد پریس کلب کا اجلاس قائم مقام صدر جی اے تنویر کی صدارت میں منعقد ہوا جبکہ صدر پریس کلب شاہد علی نے ویڈیو لنک کے ذریعے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا اور نعت رسول مقبول ﷺ بھی پڑھی گئی۔ قائم مقام صدر جی اے تنویر نے کہا کہ صحافی کالونی کے معاملے میں جلد اعلیٰ سطحی ملاقات کی جائے گی اور ہم اپنے حق کے حصول کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ سیکرٹری پریس کلب سید عروہ دار حسین نے بتایا کہ سپورٹس کمپلیکس کا افتتاح ستمبر کے اوائل میں کیا جائے گا جبکہ میڈیکل اسکریننگ کیمپ اگلے ہفتے لگایا جائے گا۔ اجلاس میں نائب صدور ظفران سرور، ردا سندھو، ایگزیکٹو ممبران رانا محسن فاروق، شاہد محمود، افشاں بتول، ارشد انصاری، نعیم شاکر، علی ملک، ڈاکٹر سعید، طاہر علی مان، توفیق یوسف، نادر مان، رانا حنا جمیل، رفعت انور، توصیف یوسف، میاں کاشف فرید اور محمد طاہر نے شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر وفات پا جانے والے ممبر پریس کلب خاور محمود بھٹی کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی جبکہ اجلاس میں متفقہ طور پر ڈیتھ گرانٹ کی رقم میں بھی اضافہ کر دیا گیا۔

جناح کا پاکستان کے زیر اہتمام سپیک فار حسین میں فلسفہ امام حسین علیہ السلام موضوع سخن

رانا عادل خالد و پروفیسر ذوالفقار زکریا نے مقررین میں انعامات تقسیم کئے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے جوائنٹ سیکرٹری رانا عادل خالد ایڈووکیٹ نے جناح کا پاکستان آرگنائزیشن کے منعقدہ پروگرام سپیک فار حسین علیہ السلام میں بطور مہمان شرکت کی پروگرام کا خصوصی موضوع سپیک فار حسین علیہ سلام پر جوائنٹ سیکرٹری رانا عادل خالد نے اپنے خیالات کا بھرپور اظہار کرتے ہوئے فلسفہ سانحہ کربلا و پیغام حسینیت پر روشنی ڈالی۔ محمد مقیط صدر جناح کا پاکستان، عبدالولی کھانڈ سیکرٹری جنرل سیالکوٹ چیپٹر سیالکوٹ بھی موجود تھے۔ پروگرام کے دوران مقررین نے تقاریر کیں بعد ازاں اختتام پروگرام میں مقررین میں پوزیشن حاصل کرنے والے بچوں میں شیلڈز اور اسناد تقسیم کیں اور بچوں کی حوصلہ افزائی کی۔ آخر میں پرنسپل پروفیسر ذوالفقار زکریا کھانڈ آف دی نالج ان سکول نے جناح کا پاکستان کے سینٹرل گورنر پنجاب شاف علی کھانڈ کے ہمراہ جوائنٹ سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ رانا عادل خالد کو سوینئیر پیش کیا۔

4 اگست یوم شہدائے پولیس کے موقع پر چنیوٹ پولیس کی جانب سے مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا

ڈی پی او عبداللہ احمد، پولیس افسران و جوانوں نے قرآن خوانی کی، شہدائے پولیس کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی گئی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) 4 اگست یوم شہدائے پولیس کے موقع پر چنیوٹ پولیس کی جانب سے مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ پولیس لائن چنیوٹ میں قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا۔ ڈی پی او عبداللہ احمد، پولیس افسران و جوانوں نے قرآن خوانی کی، شہدائے پولیس کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی گئی۔ پولیس افسران نے شہدائے چنیوٹ پولیس کی قبروں پر حاضری دی، پھولوں کی چادریں چڑھائیں، دعا کی۔ شہدائے پولیس کی فیملیز کو خصوصی پروٹوکول کیساتھ لایا گیا، ڈی پی او نے فیملیز کا استقبال کیا، پولیس افسران و جوانوں نے فیملیز پر گل پاشی کی، خوش آمدید کہا۔ ڈی پی او عبداللہ احمد نے شہداء کی فیملیز سے ملاقات کی، خیریت دریافت کی، پولیس کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ یادگار شہداء پر سلامی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی دی۔ شہداء کی فیملیز، ڈی پی او، ایس پی انویسٹی گیشن، صدر بار ایسوسی ایشن، ڈسٹرکٹ پولیس نے یادگار شہداء پر پھولوں کی چادریں چڑھائیں شرکت کی۔ ملک پاکستان کی سلامتی، شہدائے پولیس کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی گئی۔ یوم شہدائے پولیس کے موقع پر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ڈی پی او عبداللہ احمد، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل، صدر بار ایسوسی ایشن، پولیس افسران و جوانوں، شہداء کی فیملیز، سول سوسائٹی، میڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔ شہدائے پولیس کی فیملیز کو بطور مہمان خصوصی سٹیج پر بٹھایا گیا۔ شہدائے پولیس کی فیملیز نے اپنے شہداء کے حوالے سے اظہار خیال کیا۔ سول سوسائٹی کے نمائندوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کی قربانیوں کی بدولت ہی چین کی نیند سوتے ہیں۔ ملک و قوم کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدائے پولیس کو سلام پیش کرتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی جان و مال کی حفاظت کے لیے اپنی قیمتی جان کی قربانی بہت بڑی قربانی ہے

رانا عبدالستار خان Mpa حلقہ انتخاب میں ترقیاتی کام جاری، اہلیان موماں کلاں کی اپیل

فرزند رانا شمیم احمد خان سے موماں کلاں میں نکاسی آب کا دیرینہ مسئلہ حل کرنے کی اپیل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سینئر سیاستدان رانا شمیم احمد خان جو عرصہ تقریباً گزشتہ چالیس سال سے ایم این اے رہے ہیں ان کے صاحبزادے بھی عرصہ تقریباً پندرہ سال سے ممبر قومی و صوبائی اسمبلی چلے آ رہے ہیں۔ اس دوران انہوں نے بلاشبہ اپنے انتخابی حلقہ جات میں بیشمار ترقیاتی کاموں کیساتھ دیرینہ عوامی مسائل بھی حل کرائے ہیں۔ آجکل موماں کلاں یونین کونسل میں ترقیاتی منصوبہ جات ممبر صوبائی اسمبلی رانا عبدالستار خان کی زیر قیادت تیزی سے جاری ہیں جس پر عوام انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ محترم رانا صاحب موماں کلاں آپ کا حلقہ انتخاب ہے برادرم نکاسی آب کا دیرینہ مسئلہ حل کرا کے گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول کیساتھ واقع یہ سڑک بھی تعمیر کرا کے شکریہ کا موقع دیں۔ ہمارے معززین اہل محلہ آپ کے پاس تشریف لائے مگر وہ ٹف ٹائل پراجیکٹ کی نوید لیکر واپس آئے۔ آپ سے گزارش ہے کہ اپنے قیمتی وقت میں سے کچھ ٹائم نکال کر آپ معہ چیئرمین رانا محمود احمد خان خود موماں کلاں تھوڑا وقت نکال کر تشریف لائیں اور پہلے سروے کیجئے کیونکہ پہلے جوہڑ سے نکاسی آب کا مسئلہ حل ہو گا پھر کوئی بھی ٹف ٹائل یا پی سی سی پراجیکٹ کامیاب ہو گا کیونکہ اس کیچڑ و گندے پانی کے نیچے پی سی سی میرے والد گرامی خواجہ جاوید فرخ بٹ مرحوم لگوا چکے ہیں مگر نکاسی آب کا مسئلہ جب تک حل نہ ہو گا پانی یہاں کھڑا رہا کر دوبارہ یہی حالات پیدا کرے گا۔ آپ جناب ماشاءاللہ یہ حالات بخوبی سمجھتے ہیں کیونکہ یہ آپ کا حلقہ انتخاب موماں کلاں گاؤں ہے اور عوام آپ اور آپ کے والد محترم کیساتھ عقیدت و محبت کا رشتہ رکھتے ہیں۔

جہلم شہر کے نوجوانوں میں شیشہ نوشی کا رجحان تیزی سے بڑھنے لگا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر کے نوجوانوں میں شیشہ نوشی کا رجحان تیزی سے بڑھنے لگا۔ شیشہ کو نوجوان نسل فیشن اور گلیمر کے طور پر استعمال کو لائف اسٹائل کا حصہ بنا رہے ہیں۔ جہلم میں شیشہ۔ دفاتر یا شیشہ گھروں کی تعداد میں غیر معمولی طور پر اضافہ ہو رہا ہے نوجوان لڑکے اور لڑکیاں دیدہ دلیری کے ساتھ شیشے کا استعمال کرتے ہیں، شیشہ کو صحت کے لیے خطرناک ماننے سے ہی انکاری ہیں۔ ان کے خیال میں شیشے میں استعمال ہونے والا تمباکو پانی کے ذریعے فلٹر ہو جاتا ہے جو مضر صحت نہیں رہتا۔ مختلف پھلوں کے ذائقوں (فلیورز) ہی منہ میں آتے ہیں، عالمی ادارہ صحت کی رپورٹ کے مطابق ایک گھنٹہ شیشہ پینا 2 سو سگریٹ پینے کے برابر ہے۔ اس میں 40 فیصد تمباکو اور 60 فیصد مختلف پھلوں مالٹا، انار، کیلا، لیموں، اسٹرابری، سیب، شہد اور چیری سمیت دیگر پھلوں کے ذائقے شامل ہوتے ہیں

ایکسیئن سٹی 1 عبدالقیوم کورائی کی زیر نگرانی 7 بجلی چور پکڑے گئے۔ انجینئر رانا کاشف محمود

سب ڈویژن نیکاپورہ کی حدود میں بجلی چوری کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ ایس ڈی او نیکاپورہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سپرنٹنڈنٹ انجینئر گیپکو سرکل سیالکوٹ سردار جمشید خان کی ہدایات پر ایکسیئن سٹی 1 انجینئر عبدالقیوم کورائی کی زیر قیادت بجلی چوری سمیت پاور ڈویژن کے دیئے گئے اہداف کامیابی سے حاصل کئے جا رہے ہیں۔ گزشتہ ایک ماہ کے دوران نیکاپورہ سب ڈویژن میں ڈبل سورس اور ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والوں کیخلاف مقدمات درج کر کے بذریعہ ڈیٹیکشن بلز ریکوری کر کے مجموعی طور پر لاکھوں روپے سرکاری خزانہ میں پیسے جمع کرائے گئے۔ ان باتوں کا اظہار فرض شناس ایس ڈی او نیکاپورہ رانا کاشف محمود نے میڈیا کیساتھ گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاور ڈویژن کے اہداف کے حصول کیلئے محکمانہ عملی کارروائیاں جاری ہیں اور آخری بجلی چور کی گرفتاری تک جاری رہیں گی۔

باسی کھانے، مردار گوشت، مضر صحت برگر پوائنٹس شہریوں کی زندگیوں سے کھلواڑ کرنے لگے

فوڈ اتھارٹی کی سب اچھا کے فارمیلٹی ہینڈ آؤٹ جاری، شکایت پر کل کارروائی کریں گے

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ قوت) باسی کھانے، مردار گوشت، مضر صحت برگر پوائنٹس شہریوں کی زندگیوں سے کھلواڑ کرنے لگے، فوڈ اتھارٹی کی سب اچھا کے فارمیلٹی ہینڈ آؤٹ جاری، شکایت پر کل کارروائی کریں گے کہ کر ٹال دیا جاتا ہے، شہری بیماریوں میں مبتلا، وزیر اعلیٰ سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ فوڈ اتھارٹی کی مبینہ غفلت کی وجہ سے شہریوں کی زندگیاں داؤ پر لگ گئیں۔ جگہ جگہ بنے برگر پوائنٹ مضر صحت کیچپ سے جہاں عوام بیماریوں میں مبتلا ہو رہی ہے وہاں پر مردار اور شدید بیمار جانوروں کا مضر صحت گوشت بھی صحت کی تباہی کا باعث بن رہا ہے۔ باسی کھانوں یا مضر صحت گوشت کی شکایت جب شہری محکمہ فوڈ اتھارٹی سے کرتے ہیں تو جواب دیا جاتا ہے کہ کل کارروائی کریں گے آج تو ممکن نہیں۔ محکمے کی مبینہ چشم پوشی کی وجہ سے مضر صحت گوشت، گندگی سے بھرے ہوٹلز اور مضر صحت برگر شوارمے پوائنٹس والوں کو کھلی چھٹی ملی ہوئی ہے کئی شہری موذی امراض میں مبتلا ہو چکے ہیں۔ شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز سے اپیل کی ہے محکمے کی غفلت کا نوٹس لیا جائے اور مضر صحت چیزیں بیچنے والوں کا محاسبہ کیا جائے تاکہ شہریوں کی زندگیاں محفوظ ہو سکیں۔

رائیونڈ: یومِ شہداء پولیس کے موقع پر چوہدری محمد اقبال گجر شہید کو خراجِ عقیدت

اس موقع پر ریلوے تھانہ کے ایس ایچ او شیخ شکیل احمد اور ان کی ٹیم نے چوہدری محمد اقبال گجر شہید کی قبر پر حاضری دی، پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) ملک بھر کی طرح رائیونڈ میں بھی یوم شہداء پولیس عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا۔ اس موقع پر ریلوے تھانہ کے ایس ایچ او شیخ شکیل احمد اور ان کی ٹیم نے چوہدری محمد اقبال گجر شہید کی قبر پر حاضری دی، پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ بعد ازاں ایس ایچ او شیخ شکیل احمد شہید کے گھر گئے، جہاں انہوں نے چوہدری اقبال گجر شہید کی بیوہ کو مٹھائی اور مالی امداد کا چیک پیش کیا۔ اس موقع پر شہید کے بیٹے چوہدری جاوید اقبال، چوہدری حمید ایڈووکیٹ، ڈاکٹر وسیم احمد سمیت علاقے کے معززین نے شرکت کی اور شہید کے درجات کی بلندی کے لیے دعائیں کیں۔ ایس ایچ او شیخ شکیل احمد نے اپنے خطاب میں کہا کہ شہداء ہمارا فخر ہیں۔ ہم ان بہادر ماؤں کے بہادر بیٹوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ 4 اگست قربانیوں کی وہ داستان ہے جو رہتی دنیا تک یاد رکھی جائے گی۔ یہ وردی صرف لباس نہیں بلکہ قربانی کی علامت ہے۔ جو قوم کے لیے جان دے، وہی حقیقی شہید کہلاتا ہے۔ یوم شہداء پولیس منانے کا مقصد ان بہادر سپاہیوں اور افسران کو خراج تحسین پیش کرنا ہے جنہوں نے ملک میں امن و امان کی بحالی، دہشتگردی کے خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔

جہلم ملک و قوم کی خاطر جانوں کی قربانیاں دینے والے ہمارے ہیرو ہیں

یوم شہدائے پولیس پر ڈپٹی کمشنر جہلم سید محمد میثم عباس کا شہداء کو زبردست خراجِ عقیدت، یادگار شہداء پر پھول چڑھائے فاتحہ خوانی کی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ملک و قوم کی خاطر جانوں کی قربانیاں دینے والے ہمارے ہیرو ہیں یوم شہدائے پولیس پر ڈپٹی کمشنر جہلم سید محمد میثم عباس کا شہداء کو زبردست خراج عقیدت، یادگار شہداء پر پھول چڑھائے فاتحہ خوانی کی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے یوم شہداء پولیس کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ 4 اگست یوم شہدائے پولیس کے موقع پر ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو کی زیر قیادت شہدائے جہلم پولیس کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے دیوان سعید گولڈ مارکی جہلم میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں شہداء پولیس کے اہل خانہ کو مدعو کیا گیا جہاں ڈی سی جہلم میثم عباس اور ڈی پی او جہلم نے ان سے فرداً فرداً خیریت دریافت کی، تحائف پیش کیے اور شہداء کے بلند درجات کے لیے خصوصی دعا کی۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر جہلم کے علاوہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے سربراہان، معروف روحانی شخصیت بابا عرفان الحق، اے ایس پی صاحبان، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز، صدر انجمن تاجران، چیئرمین جہلم پریس کلب چوہدری عابد محمود، صدر الیکٹرانک میڈیا عامر کیانی سینئر نائب صدر ڈاکٹر اعجاز اعوان جائنٹ سیکرٹری چوہدری تصور حسین سیکرٹری فنانس شہریار علی راجہ جنرل سیکرٹری غلام قادر مخلص چوہدری دانیال عابد انفارمیشن سیکرٹری سید ناصر محمود، امن کمیٹی کے ممبران، عوامی نمائندگان اور دیگر پولیس افسران نے شرکت کی۔ شرکاء نے پولیس کے کارہائے نمایاں، شہداء کی قربانیوں اور پنجاب پولیس جہلم کی خدمات کو بھرپور انداز میں سراہا۔ اس موقع پر ڈی سی جہلم میثم عباس نے کہا کہ: "شہداء پولیس کی لازوال قربانیاں جہلم پولیس اور عوام پر قرض ہیں۔ شہداء نے اپنا آج ہمارے کل پر قربان کیا اور یہ ثابت کیا کہ ہم ملک و ملت کی خاطر کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔"

فرینڈز فارایور گروپ کی محبت، یگانگت اور خلوص سے سجی شاندار و یادگار تقریب ڈیرہ میاں شفقات وٹو فریدکوٹ دیپالپور میں انعقاد پذیر ہوئی



دیپالپور (تحصیل رپورٹر) فرینڈز فارایور گروپ کی محبت یگانگت اور خلوص سے سجی شاندار و یادگار تقریب ڈیرہ میاں شفقات وٹو، فریدکوٹ دیپالپور میں انعقاد پذیر ہوئی خلوص دوستی اور بھائی چارے کی عملی مثال بننے والے فرینڈز فارایور گروپ نے ایک یادگار اور شاندار تقریب کا انعقاد ڈیرہ میاں شفقات وٹو، فریدکوٹ دیپالپور میں کیا، جو دیر تک شرکاء کے دلوں کو گرما دینے والے لمحات سے بھرپور رہی۔ یہ محفل فقط ایک ملاقات نہ تھی، بلکہ یہ دوستی کے جذبے کو نئی تازگی بخشنے اور باہمی رشتوں کو مضبوط بنانے کی ایک کامیاب کوشش تھی، جس میں فرینڈز فارایور گروپ کے تمام دوستوں نے بھرپور شرکت کی اور تقریب کو خوشیوں کا گہوارہ بنا دیا۔ میاں شفقات وٹو نے اپنی خالص دیہی مہمان نوازی سے تمام مہمانوں کے دل جیت لیے۔ دیسی کھانوں سے سجی پرتکلف ضیافت نے محفل میں بیٹھے ہر فرد کو محبت، خلوص اور ذائقے کا وہ حسین امتزاج دیا جسے مدتوں یاد رکھا جائے گا۔ فرینڈز فارایور گروپ ایک ایسی رفاقت ہے جو وقت، حالات اور فاصلے کی قیود سے آزاد ہے۔ یہ صرف دوستی نہیں، بلکہ ایک ایسا جذبہ ہے جو دکھ سکھ میں ساتھ نبھانے کا وعدہ ہے۔ ہم اس گروپ کو ایک خاندان کی طرح دیکھتے ہیں، جہاں ہر رکن کی محبت اور خلوص اسے خاص بناتا ہے تقریب کے اختتام پر اس بات پر زور دیا گیا کہ گروپ کے اندر باہمی ربط، اعتماد، وفاداری اور بھائی چارے کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مستقبل میں بھی ایسی تقریبات منعقد کی جاتی رہیں گی تاکہ رشتوں کو مزید مضبوط، دلوں کو قریب اور دوستی کو دیرپا بنایا جا سکے۔ اس موقع پر میاں ریاست علی وٹو، میاں عمران سرور وٹو، میاں محمود وٹو، میاں وسیم ریاض وٹو، میاں شفقات وٹو، میاں محمد یاسین واپڈا، خالد محمود واپڈا، ڈاکٹر محمد ناصر، مرزا جمیل احمد، میاں عبداللہ عمر بودلہ ایڈووکیٹ، حکیم میاں محمد شعیب بودلہ، شیخ محمد فیاض پراچہ ایڈووکیٹ، چوہدری محمد بنیامین، چوہدری جواد الامین، ریاض حسین طاہر ایڈووکیٹ، چوہدری نیاز احمد، میاں محمد سرور، ملک تقی محمد اعوان، میاں عبدالحمید ڈولہ، میاں عبدالرؤف بھٹہ، محمد خالد سٹیل ورکس، ڈاکٹر محمد ندیم، میاں محمد جمشید، محمد ریاض، رانا محمد شکیل، راؤ محمد رضوان، اور محمد سجاد رانجھا، نے بھرپور شرکت کی

زندہ قومیں اپنے ہیروز کو نہیں بھولتی، شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں: ڈاکٹر قریش خان

موٹر وے پولیس اپنے شہداء کی قربانیوں کو مد نظر رکھتے ہوئے مستقبل میں بھی تندہی ایمانداری کے جذبے سے سرشار ہو کر اپنے فرائض منصبی سرانجام دیتے ہوئے کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی

شیخوپورہ / شرقپور شریف (بیورو رپورٹ/ نامہ نگار) زندہ قومیں اپنے ہیروز کو نہیں بھولتی۔ ڈاکٹر قریش خان شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں ان کی قربانیاں کسی صورت نہیں بھلائی جا سکتیں۔ ان خیالات کا اظہار کمانڈنٹ نیشنل ہائی وے اینڈ موٹر وے پولیس ٹریننگ کالج شیخوپورہ ڈاکٹر قریش خان نے یوم شہداء پہ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اور انکی زیر قیادت صبح بعد از نماز فجر نہ صرف موٹر وے پولیس کے شہداء کے لئے دعا کروائی گئی بلکہ یادگار شہداء پہ چاک و چوبند دستے کے ہمراہ قومی ترانے کے بعد سلامی پیش کرنے کے بعد پھول بھی چڑھائے۔ مزید کہا کہ موٹر وے پولیس اپنے شہداء کی قربانیوں کو مد نظر رکھتے ہوئے مستقبل میں بھی تندہی ایمانداری کے جذبے سے سرشار ہو کر اپنے فرائض منصبی سرانجام دیتے ہوئے کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ عوام الناس اور روڈ یوزرز کے تحفظ جان و مال کو یقینی بنانا موٹر وے پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

تھتھا کیفے کھڑیانوالہ کا شاندار افتتاح، معززین و عوام کی بھرپور شرکت

اس موقع پر رانا محمد عقیل جاوید، میاں افتخار اور اعظم شہزاد نے کیفے کے مالک علی رضا کٹو کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کی کامیابی و ترقی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار اور خصوصی دعا کی

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) اسپائر کالج کے قریب تھتھا کیفے کی افتتاحی تقریب نہایت شاندار انداز میں منعقد ہوئی، جس میں معززین علاقہ، سماجی و سیاسی شخصیات، میڈیا نمائندگان اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے تقریب کو یادگار بنا دیا۔ تقریب کے مہمانان خصوصی ڈاکٹر رانا عمران اور معروف سماجی رہنما مرزا حسن یاسین بیگ تھے، جبکہ رانا محمد عقیل جاوید، میاں افتخار، اعظم شہزاد، خالد محمود ماہر انشورنس اور پروفیسر ملک امان اللہ نے بطور مہمانان اعزاز شرکت کر کے تقریب کی رونق کو دوبالا کر دیا۔ افتتاح کے موقع پر کیفے کے آنر علی رضا کٹو نے تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور اس اعتماد اور محبت پر شکریہ ادا کیا جو اہل علاقہ نے ان کے نئے کاروبار پر ظاہر کی۔ تقریب میں مقامی میڈیا اور سوشل میڈیا سے وابستہ شخصیات کی بھی بڑی تعداد موجود تھی، جنہوں نے تھتھا کیفے کے ماحول، سہولیات اور سروس کو بھرپور سراہا۔ تقریب میں علاقے بھر سے سینکڑوں افراد نے شرکت کر کے اسے عوامی پذیرائی کا بھرپور ثبوت دیا۔ تقریب کے اختتام پر تمام مہمانوں کو پرتکلف عشائیہ پیش کیا گیا۔ اس موقع پر رانا محمد عقیل جاوید، میاں افتخار اور اعظم شہزاد نے کیفے کے مالک علی رضا کٹو کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کی کامیابی و ترقی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار اور خصوصی دعا کی۔

صحابہ کرام تاریخی یا کتابی شخصیت نہیں بلکہ یہ قرآنی شخصیات ہیں: علامہ مولانا حافظ زبیر احمد ظہیر

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) مرکز توحید و سنت مصطفیٰ آباد میں محفل حمد و نعت تحفظ صحابہ و اہل بیت کانفرنس، علامہ مولانا حافظ زبیر احمد ظہیر صدر اسلامی جمہوری اتحاد پاکستان سمیت مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام کی بڑی تعداد نے شرکت، تفصیلات کے مطابق ممبر اتحاد بین المسلمین کمیٹی پنجاب مولانا عبدالستار نیازی کے مرکز توحید و سنت و جامعہ مسجد توحیدیہ و جامعہ ستاریہ اہل حدیث مصطفیٰ آباد میں منعقدہ محفل حمد و نعت عظمت صحابہ و اہل بیت کانفرنس کا اہتمام کیا گیا۔ اس میں علامہ مولانا حافظ زبیر احمد ظہیر صدر اسلامی جمہوری اتحاد پاکستان، حضرت مولانا مفتی مبشر احمد نظامی، علامہ مولانا محمد اسلم صدیقی، حضرت مولانا مفتی عاشق حسین، حضرت مولانا محمد نعمان حامد، علی عمران شاہین چیئرمین پاک سولسائٹی، حضرت مولانا اعظم الاشرف، سرپرست اعلیٰ پریس کلب مصطفیٰ آباد للیانی جنرل سیکرٹری محمد عمران علماء و مدرسین مرکز حافظ محمد مدثر نیازی، معروف شاعر حافظ عبدالعظیم ربانی سمیت مختلف مکتبہ فکر کے علماء کرام و نعت خواں حضرات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کانفرنس کا آغاز حافظ ابرار سلیم کی تلاوت کلام پاک اور حافظ عبدالعظیم ربانی کی نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا۔ کانفرنس کی صدارت عمر فاروق نیازی نے کی علماء کرام نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ صحابہ کرام تاریخی یا کتابی شخصیت نہیں بلکہ یہ قرآنی شخصیات ہیں، ہم تک اسلام اہل بیت اور صحابہ کی وجہ سے پہنچا دین حق ہے جس کی سب سے پہلی گواہی صحابہ نے دی اور دین ہم تک پہنچایا صحابہ کرام ہمارے ایمان کی بنیاد ہیں صحابہ کرام اور اہل بیت کو اللہ کے نبی ﷺ سے نسبت رسول ﷺ کی وجہ سے عظمت والا بنایا ہے صحابہ کرام و اہل بیت کے درمیان محبت مثالی تھی وہ ایک دوسرے پر جان چھڑکتے تھے صحابہ اور اہل بیت ہمارے ایمان کا حصہ ہیں، حضور ﷺ نے فرمایا کہ سب سے بہترین لوگ وہ ہیں جنہوں نے میرا زمانہ پایا۔ محبت رسول ﷺ ہر مسلمان پر فرض ہے جس کے بغیر ہمارا ایمان مکمل نہیں ہو سکتا۔ منافقین جہاد سے فرار اختیار کرتے تھے صحابہ جہاد کرتے تھے

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ڈاکٹر عافیہ صدیقی، اسلام ہائی کورٹ اور توہین عدالت

اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس سردار اعجاز اسحٰق نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی، صحت اور وطن واپسی سے متعلق رپورٹ جمع نہ کرانے پر وزیر اعظم شہباز شریف اور وفاقی کابینہ کے تمام ارکان کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کیا ہے اور دو ہفتے میں اس کا جواب دینے کا حکم دیا ہے۔ عافیہ صدیقی کے حوالے سے ان کی بہن ڈاکٹر فوزیہ صدیقی نے عدالت عالیہ میں درخواست دائر کی ہوئی ہے۔

عافیہ صدیقی دہشت گردی میں معاونت اور ایک امریکی اہلکار پر قاتلانہ حملہ کے الزام میں نیویارک کی ایک عدالت سے سزا یافتہ ہیں اور 2010 سے امریکی جیل میں قید ہیں۔ انہوں نے امریکہ سے اچانک فرار ہونے سے پہلے طویل مدت اس ملک میں گزاری اور وہاں کی اعلیٰ یونیورسٹیوں سے تعلیم حاصل کی۔ اس لیے یقین سے یہ کہنا بھی مشکل ہے کہ وہ صرف پاکستان کی شہری ہیں یا ان کے پاس امریکی شہریت بھی ہے۔ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے معاملہ کو طویل عرصہ سے پاکستان کی قومی سیاست میں اہم عنصر کے طور پر شامل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے لیکن کوئی بھی حکومت ان کی رہائی کے لیے کوئی مناسب اقدام کرنے میں کامیاب نہیں ہوئی۔ ان کے اہل خاندان عافیہ صدیقی کی سرگرمیوں اور رجحانات کے بارے میں یک طرفہ معلومات فراہم کرتے ہیں۔ البتہ اس کہانی کا دوسرا رخ بھی ہے جس کے مطابق عافیہ صدیقی طویل عرصہ تک دہشت گرد گروہوں کے ساتھ ملوث رہیں اور ان کی اعانت کرتی رہی ہیں۔ نائن الیون کے بعد جن دہشت گردوں کو خاص طور سے تلاش کیا جاتا رہا ہے، ان میں عافیہ بھی شامل تھیں۔

پاکستان میں عافیہ صدیقی کے خاندان اور ایک خاص مذہبی و سیاسی لابی نے جس میں جماعت اسلامی پیش پیش رہی ہے، انہیں 'قوم کی بیٹی' قرار دینے کی مہم چلائی ہے۔ لیکن کوئی شخص ابھی تک پاکستانی عوام کو یہ بتانے سے قاصر رہا ہے کہ عافیہ صدیقی کس حوالے سے پاکستان کی بیٹی قرار پاتی ہیں۔ انہوں نے اپنی زندگی میں کون سا ایسا کارنامہ سرانجام دیا ہے جس کی وجہ سے انہیں قوم و ملک کی عزت و غیرت قرار دیا جائے۔ اہل پاکستان کو چونکہ مذہب اور عقیدہ کے نام پر گمراہ کرنے کا طریقہ عام ہے، اس لیے عافیہ صدیقی کے معاملہ میں بھی یہی وتیرہ اختیار کیا گیا ہے۔ اس معاملہ کو پھیلانے اور اٹھانے والی لابی نے ہر پاکستانی حکومت پر اس معاملہ میں دباؤ ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ اسی لیے ہر حکومت بیان بازی کی حد تک عافیہ صدیقی کو اہم شہری قرار دیتے ہوئے ان کی رہائی کے دعوے کرتی رہی ہے۔

البتہ یہ کسی پاکستانی حکومت یا عدالت کے اختیار میں نہیں ہے کہ وہ عافیہ صدیقی کی رہائی کے لیے امریکی حکومت پر دباؤ ڈالے۔ عافیہ صدیقی کو نہ تو پاکستان سے گرفتار کیا گیا اور نہ ہی ان کا کوئی جرم پاکستان میں سرزد ہوا۔ انہیں افغانستان میں امریکی فوج نے پکڑا تھا اور ایک امریکی عدالت نے انہیں طویل المدت سزا دی ہے۔ اس سزا کے بارے میں کوئی بھی رائے قائم کی جا سکتی ہے لیکن پاکستان کے لوگوں کی کوئی رائے یا اس کی حکومت کی کوئی اپیل یا کوئی عدالتی فیصلہ کسی امریکی حکومت یا عدالت کو اپنی رائے تبدیل کرنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔ اس کے باوجود پاکستانی حکومت نے اپنے سفارت خانہ کے ذریعے عافیہ صدیقی کو قونصلر سہولتیں اور وکیلوں کی خدمات فراہم کی ہیں۔ کوئی حکومت بیرون ملک سنگین الزامات میں قید کسی پاکستانی شہری کے لیے اس سے زیادہ کچھ کرنے کی پوزیشن میں نہیں۔ عافیہ صدیقی کا خاندان امریکی عدالتی نظام میں اپنا مقدمہ چلانے میں ناکام ہے لیکن پاکستان میں رائے عامہ ہموار کرکے پاکستانی حکومت کو ایسے کسی اقدام پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ جس کا شرمندگی کے سوا کوئی نتیجہ نہیں نکل سکتا۔

اس کے باوجود پاکستان کی سرکاری سفارتی پوزیشن یہی ہے کہ عافیہ صدیقی بے گناہ ہے اور اسے امریکی جیل سے رہا ہونا چاہیے۔ یہ سفارتی پوزیشن پاکستانی حکومتیں مختلف طریقوں سے گزشتہ پندرہ سال کے دوران امریکی حکومت تک پہنچانے کی کوشش بھی کرتی رہی ہیں۔ گزشتہ سال تو سابق صدر جو بائیڈن کے پاس عافیہ صدیقی کی صدارتی معافی کے لیے مہم بھی چلائی گئی تھی اور اسے وائٹ ہاؤس پہنچایا بھی گیا تھا لیکن صدر بائیڈن نے عہدہ چھوڑنے سے پہلے انہیں معافی نہیں دی۔ اس کا ایک ہی مطلب اخذ کیا جا سکتا ہے کہ امریکی نظام عافیہ صدیقی کو اپنے مفادات کے لیے سنگین خطرہ سمجھتا ہے اور کسی بھی قیمت پر اسے سزا پوری کرنے سے پہلے رہا کرنے پر آمادہ نہیں ہے۔ پاکستان میں عافیہ صدیقی کا کیس چونکہ صرف پروپیگنڈا اور میڈیا مہم جوئی پر استوار ہے، اس لیے عافیہ صدیقی لابی کسی بھی طرح اس معاملہ کو زندہ رکھنا چاہتی ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں اپیل دائر کرنے اور حکومت سے عافیہ صدیقی کے لیے رعائتیں لینے کا بھی یہی مقصد ہے۔

بدقسمتی سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس سردار اعجاز اسحٰق بھی اس حوالے سے دائر درخواست پر سماعت کرتے ہوئے، اسی پروپیگنڈا کا دباؤ محسوس کر رہے ہیں۔ بصورت دیگر ایک معمول کی درخواست پر جذباتی ریمارکس دینا، اسے عدلیہ کی آزادی اور اسلام آباد ہائی کورٹ میں ججوں کی خود مختاری اور انتظامی اختیارات سے منسلک کرنا اور پوری وفاقی حکومت کو جواب نہ دینے پر توہین عدالت کا نوٹس جاری کرنے جیسے انتہائی اقدامات دیکھنے میں نہ آتے۔ جسٹس سردار اعجاز اسحٰق نے آج کی سماعت میں عافیہ صدیقی کو قوم کی بیٹی قرار دیا اور کہا کہ حکومت ان کی رہائی کے لیے راست اقدام کرنے میں ناکام رہی ہے۔

ناول ''قید''

اقراء عرفات

''رات آدھی گزر چکی تھی مگر لو رکنے کا نام نہ لیتی تھی، لگتا تھا جیسے دنیا کی دوسری جانب کسی ریگستان پر سورج چمک رہا ہے اور تپتی ہوئی ہوا وہاں سے سیدھی اس گاؤں کا رخ کر رہی ہے۔''

ناول ''قید'' کے صفحہ اول پر ''عبداللہ حسین'' کی تحریر کردہ چند سطور قاری کو آگے کے منظر میں کھو جانے کی دعوت دیتی ہیں۔ کہانی کے آغاز میں موجود نو برس کے بچے کے آس پاس کی دنیا اس کے لیے باعث حیرت ہوتی ہے۔ اس دنیا میں ایک طرف مائی سروری صبح و شام اپنی خیمے میں روپوش رہتی تو دوسری جانب پیر کرامت علی بحیثیت پیر اپنے حجرے میں مقید تھا۔

فلیش بیک کی تکنیک کا استعمال کرتے ہوئے عبداللہ حسین سلامت علی سے کہانی کا آغاز کر کے اس کے دادا برکت علی کا احوال بتاتا ہے۔ ایک فقیر کی دعا سے برکت علی کی نسل بڑھانے کی خواہش پوری ہوتی ہے اور پھر مرکزی کردار ''کرامت علی'' اس قصے کو آگے بڑھاتا ہے۔ کرامت علی اور فیروز شاہ دونوں نے ایک ہی ماحول میں پرورش پائی اور دونوں کی دوستی بے مثال ٹھہری۔ فیروز شاہ سیاست سے وابستہ ہو کر رہ جاتا ہے تو کرامت علی اپنے مستقبل کی راہیں ہموار کرنے کے لیے پولیس کی ملازمت اختیار کرتا ہے۔ تیسرا اہم نسوانی کردار ''رضیہ سلطانہ'' کا ہے جو نڈر اور بہادر ہونے کے ساتھ ساتھ فیروز شاہ کے عشق میں مبتلا ہے۔

کہانی میں حیران کن موڑ اس وقت آتا ہے جب فیروز شاہ کا قتل، رضیہ سلطانہ کی گرفتاری اور کرامت علی اپنی ملازمت سے استعفیٰ دے کر پیری فقیری کا سلسلہ اختیار کر لیتا ہے۔ عبداللہ حسین نے اس مختصر ناول میں جس مہارت سے انسانی اعتقادات، نفسیات، مذہب، انتقام اور سیاست کو مربوط کیا ہے وہ قابل داد ہے۔

کرامت علی کے کردار کے ذریعے پیری فقیری کے اس نظام کو موضوع بنایا گیا ہے جس میں ادھوری خواہشات اور ان کی تکمیل کے لیے انسانوں کا عقل و فہم سے ماورا ہو کر ناپسندیدہ اعمال سرانجام دینا ہے۔ توہمات اور اندھے اعتقادات کی ایک مثال ناول میں ایسے پیش کی گئی ہے۔

''رحمت علی کی پچیس سال کی سوکھی ہوئی ٹہنی ہری ہوئی تھی اس کے پیر زمین پر نہ ٹکتے تھے۔ اس کی واپسی کی دیر تھی کہ یہ خبر آگ کی طرح چاروں طرف پھیل گئی کہ اولاد کی دین کرامت علی شاہ کے ہاتھ میں تھی۔ پھر کیا تھا، بے اولادوں کا تانتا بندھ گیا۔ کرامت علی شاہ نے بہت روکا مگر آخر کب تک۔ بے اولاد عورتوں کے رونے دھونے، ان کی آہ و فریاد، منت سماجت اور نذر و نیاز کی فراوانی کے سامنے مجبور ہو کر کرامت علی شاہ نے استخارے کرنے شروع کر دیے۔''

سلسلہ بیعت کے ساتھ دولت، شہرت اور مقام بھی برکت علی پر مہربان ہوا تو اس نے بھی خوب فائدہ اٹھایا۔ عبداللہ حسین نے کرامت علی کے ذریعے ضیاء الحق اور اسلامائزیشن کو محتاط انداز میں بیان کیا ہے۔ طاقت کے حصول اور اس کو برقرار رکھنے کے لیے حکمران کس طرح مذہب کو بطور ہتھیار استعمال کرتے ہیں مصنف نے یہ موضوع بہت دلچسپ انداز میں سمیٹا ہے۔

عورت جب انتقام لینے پر آئے تو کیسے کیسے سورماؤں کو دھول چٹا دیتی ہے رضیہ سلطانہ کا کردار یہی دکھاتا ہے۔ تین مردوں کو قتل کرنے کے بعد ایک طویل عرصے تک جیل میں خاموشی سے شب و روز بسر کرنے والی عورت جب اعتراف جرم کرتی ہے تو مردوں کو گنگ کر دیتی ہے۔ مصنف نے اس کردار کے ذریعے ایک عورت کی اپنی اولاد سے غیر مشروط محبت کو بیان کیا ہے۔ اسی ماں کی محبت جب نفرت میں بدلتی ہے تو انسان کو چیر پھاڑ کر رکھ دیتی ہے۔ یہاں مصنف نے عورت کی جنس کو بنیاد بنا کر ہونے والی زیادتی کو بھی موضوع بنایا ہے۔

ہر لمحے خدا کی یاد میں بسر کرنے والا امام مسجد ''احمد شاہ'' جب اپنے ہی خون کو اپنے ہاتھوں سے قتل کرتا ہے تو بقیہ زندگی اس کے لیے عذاب بن جاتی ہے۔ خدا کی محبت بھی اس کے دل میں نوزائیدہ بچے کے لیے رحم نہیں ڈال سکی اور بالآخر مسجد کے باہر ملنے والے اپنے ہی بیٹے فیروز شاہ کی اولاد کو پتھروں سے مار ڈالتا ہے۔ ناول سے اقتباس ہے کہ:

''مسجد کی حرمت کے بارے میں خدا کے سخت احکام ہیں۔ حرمت کے چوکیدار مولوی، رضیہ سلطانہ چلا کر بولی چار گھنٹے کی معصوم جان خدا کے گھر کی بے حرمتی کرے گی؟ خدا کا گھر اتنا کچا ہے۔ سن تیرا خدا کیا کہتا ہے سورت بقرہ کو یاد کرو۔ یصورکم فی الارحام (میں ماؤں کے رحموں میں بچے کی تصویر بناتا ہوں) احمد شاہ تم اللہ کی بنائی ہوئی تصویر کو پتھروں سے پاش پاش کرتے ہو اور پاکدامنی کے دعویدار بنتے ہو''۔

سلامت علی گدی نشینی کے بعد اپنے باپ کے راستے پر چلنے کی بجائے نظام کو اپنے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرتا ہے۔ روحانیت کے اس سفر کو جدید خطوط اور کلچر کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی کوشش میں مگن ہو جاتا ہے۔

ناول میں موجود کہانی اپنے کرداروں کے بہترین امتزاج کے ہمراہ تجسس اور حیرت کے کئی نئے پہلو قاری پر آشکار کرتی ہے۔ ناول فکری اور فنی حوالے سے ایک بہترین ناول ہے۔

معاشرے کے خاموش مجرم کون ہیں؟

ڈاکٹر عامر طاسین

یہ ایک نہایت اہم اور سنجیدہ سوال ہے۔ جس میں معاشرے کے سینکڑوں نہیں، ہزاروں نہیں، بلکہ لاکھوں لوگوں اور طبقات کا کردار پوشیدہ ہے۔ معاشرے کے وہ سب لوگ جو کسی کے جرم پر خاموشی طاری کیے ہوتے ہیں وہ بھی فروغ جرم کے سہولت کار ہوتے ہیں۔

معاشرتی نظام کی کمزوریوں کے سبب یہ واضح ہے کہ سماج کے مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے لوگ فرسودہ روایات کے سامنے خاموشی اختیار کر لیتے ہیں۔ ایسی صورتحال میں جب نفاذ قانون کے ادارے اپنی ذمہ داروں سے لاپرواہ ہو جائیں، نظام عدل کے منصب پر براجمان منصف بھی فیصلے بروقت جاری نہ کر سکے۔ تعلیم کے میدان میں اساتذہ بھی اپنے ہونٹ سی لیں۔ دینی درسگاہ کے وارثین بھی ایسے معاملات کو اہمیت نہ دیں۔ مذہبی جماعتوں کے رہبر و رہنما اور دعوت دین سے تعلق رکھنے والے داعی بھی مصلحتوں کا شکار ہو جائیں تو ایسے میں کس کو مجرم گردانا جائے گا؟ جرم تو ایک فرد کرتا ہے مگر اس جرم کے خاموش مجرم بے شمار بنتے چلے جاتے ہیں۔ نتیجہ میں مجرم حوصلہ پکڑتے ہیں۔ متاثرین کی زندگی تباہ ہو جاتی ہے۔ نئی نسل خوف زدہ اور کمزور بنتی ہے اور معاشرہ غیر محفوظ، بے حس اور ظلم پر خاموش ہو جاتا ہے۔

ہمارے معاشرہ کے کچھ پس ماندہ علاقوں میں، طاقت ور مجرم کے خوف یا دباؤ کے سبب متاثرین اپنی زبان بندی کر لیتے ہیں۔ مگر اسی علاقے کے وہ لوگ جو اس جرم کی حقیقت سے واقف ہوتے ہیں۔ ان میں بھی حق سچ کہنے کی جرات کسی نہ کسی سبب ختم ہو جاتی ہے اور وہ بھی مصلحتوں کے سبب خاموشی میں عافیت سمجھنے لگتے ہیں۔

خاموش جرم پنپتا کیسے ہے؟ عمومی مشاہدہ کے مطابق کئی اسباب ہو سکتے ہیں۔ خوف کی وجہ سے (مثلاً خاندان کی عزت یا دشمنی کا خطرہ لاحق ہو جائے گا)۔ سماجی بے حسی کے سبب (لوگ سمجھتے ہیں ''یہ ہمارا مسئلہ نہیں'')۔ قانونی نظام پر عدم اعتماد کے سبب کہ (لوگ سمجھتے ہیں کہ انصاف نہیں مل سکے گا)۔ لاعلمی کے سبب کہ (لوگوں کو اب تک اپنے جائز حقوق کے بارے میں معلومات ہی نہیں ہوتی ہیں)۔ قبائل یا برادریوں میں رسم یا رواج کی لاج کا دباؤ کہ (اگر ساتھ نہیں دیا تو قبیلے یا برادری سے نکال باہر کیا جائے گا اور دوسرا کوئی ہمیشہ کیسے قبول کرے گا) خصوصی طور پر سماجی رسم و رواج میں غلط فیصلوں کے باعث ایک پورا خاندان ظلم کی بھینٹ چڑھ جاتا ہے۔ جس میں عموماً کم عمری کی شادی کا مسئلہ، خواتین کے حقوق، جہیز کا دباؤ، شادیوں میں وٹہ سٹہ، مرضی کی شادی، غیرت کے نام پر قتل اور وراثت کے حق سے محروم ہونا ہے۔

یوں تو خاموش جرائم کی اقسام میں، گھریلو تشدد، جنسی ہراسانی یا بدسلوکی (بچوں کے ساتھ بھی)، نو عمر بچوں سے مشقت، نفسیاتی اور جذباتی استحصال، دفتر یا اداروں میں امتیازی سلوک، رشوت اور اندرونی کرپشن، تعلیم یا صحت کے حق سے محروم رکھنا بھی شامل ہے۔ لیکن کچھ قبائل اور کچھ برادریوں میں مخصوص جرائم کو جرم ہی نہیں سمجھا جاتا ہے۔

حالانکہ سورہ بقرہ کی آیت 283 میں بتایا گیا ہے کہ ''اور گواہی کو نہ چھپاؤ، اور جو چھپائے گا اس کا دل گناہ گار ہوگا''۔ یہ آیت ہمیں بتاتی ہے کہ اگر ہم ظلم دیکھیں اور گواہی نہ دیں، تو ہم بھی مجرم ٹھہریں گے۔ اسی طرح سے مسلم شریف کی روایت کے مطابق نبی آخر الزمان علیہ السلام کا فرمان مبارکہ ہے کہ ''تم میں سے جو کوئی برائی دیکھے، تو اسے ہاتھ سے روکے، اگر نہ روک سکے تو زبان سے روکے، اور اگر یہ بھی نہ کر سکے تو دل میں برا سمجھے، اور یہ ایمان کا کمزور ترین درجہ ہے''۔ یہ حدیث بالکل واضح پیغام دیتی نظر آتی ہے کہ برائی یا جرم پر خاموشی ایمان کی کمزوری کی علامت ہے۔ اور غالباً یہ قول کسی فقہی کا ہے کہ ''حق بات پر خاموش رہنے والا گونگا شیطان ہے''۔

کتب سیرت ہمیں بتاتی ہیں کہ عرفات کا میدان ہے، ایک لاکھ سے زیادہ صحابہ کرام موجود ہیں، سب سے بڑے رہبر و رہنما، سب سے عظیم انسان منبر پر آتے ہیں اور حجۃ الوداع کے اس عظیم موقع پر ان الفاظ کے ساتھ حجت تمام کر دیتے ہیں! اور فرماتے ہیں اے ''میرے لوگوں میں زمانہ جاہلیت کی تمام فرسودہ روایات کو اپنے پاؤں کے نیچے روندتا ہوں، اور تمہیں یہ تلقین کرتا ہوں کہ ''عورتوں اور غلاموں پر رحم کرنا اور ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا''

پاکستان ایک ایسا مسلم معاشرہ میں جہاں اکثریت کلمہ گو مسلمانوں کی ہے۔ جہاں ہزاروں کی تعداد میں مختلف مکاتب فکر کی دینی درس گاہیں ہیں، جہاں اللہ اور اس کے رسول کی تعلیم کی صدائیں بلند ہوتی ہیں۔ لاکھوں کی تعداد میں مساجد اور منبر و محراب بھی ہیں جہاں ہر جمعہ تذکیہ نفس اور عبادات کی اہمیت اجاگر کی جاتی ہیں۔ ہزاروں کی تعداد میں دعوت دین کے داعی بھی ہیں جو مسلمانوں کی اصلاح کا بیڑا اٹھاتے ہیں۔ جگہ جگہ ولی اللہ کے دربار اور پیروں کی اصلاحی خانقاہیں بھی ہیں جہاں تزکیہ نفوس کا سلسلہ جاری و ساری رہتا ہے۔ یہ سب معاشرے کا وہ اہم طبقات ہیں۔ جو مجموعی طور پر اسلامی تعلیمات کے تناظر میں طاقت وروں کے آگے نہ جھکنے کا درس دیتے ہیں، جہالت و گمراہی کے اندھیروں کو ختم کرنے کی بات کرتے ہیں، باطل کے سامنے حق و سچ کی گردان پڑھنے کی تاکید کرتے ہیں۔ بدی سے دور رہنے اور نیک اعمال کو اختیار کرنے کی دعوت دیتے ہیں مگر معاشرے کی ایسی فرسودہ روایات کے خاتمہ کے لیے سب کہیں نہ کہیں مصلحتوں کا شکار نظر آتے ہیں۔

نبی مکرم علیہ السلام کا وہ تاریخی اور سنہرے حروف سے لکھا جانے والا جملہ کہ ''زمانہ جاہلیت کی تمام فرسودہ روایات کو اپنے پاؤں تلے روندتا ہوں'' یہ محض یہ ایک تاریخی جملہ نہیں، بلکہ ہر دور کے داعی دین کے لیے اہم ترین امتحان بھی ہے۔ جس پر روح بلالی کے ساتھ عمل کی ذمہ داری بدرجہ اولا ان پر عائد ہوتی ہے۔

یاد رکھنے کی بات یہی ہے کہ جرم تو ایک فرد کرتا ہے مگر اس جرم کے خاموش مجرم بے شمار بنتے چلے جاتے ہیں۔ خاموش جرم صرف ایک شخص کو نہیں، پورے معاشرے کو نقصان پہنچاتا ہے۔ جب فرسودہ اور گمراہ کن سماجی روایات کی جڑیں مضبوط ہو جاتی ہیں تو حق و سچ کی تمیز بھی اپنی موت آپ مر جاتا ہے۔ قبیح جرائم بھی جرم نہیں لگتے ہیں اور معاشرہ بربادی کی طرف چلا جاتا ہے۔ ایسے قبیح جرائم، فرسودہ روایات کے خاتمہ کے لیے حکومتی عہدیداروں، اسمبلی میں بیٹھے اراکین، قانون کے نفاذ کے اداروں اور علمائے کرام کو بھی مل کر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

جب دوست پرانے ملتے ہیں

عالیہ نذر

اس وقت 15 جولائی 2024 کی رات کے آٹھ بج چکے ہیں۔ ہمارا جہاز ٹورنٹو پیرسن ائرپورٹ سے لندن جانے کے لئے رینگتا ہوا رن وے کی طرف بڑھ رہا ہے، اور میں آنکھیں موندے ٹورنٹو میں گزارے ہوئے تین ماہ کے شب و روز کو یاد کرنے میں محو ہوں۔ میری سوچوں کا دھارا ان خوبصورت اور یادگار لمحوں کو دہرا رہا ہے۔ ان طلسماتی لمحوں کی انمٹ یادیں دل کو خوش بھی کر رہی ہیں، اور مغموم بھی کر رہی ہیں کہ نا جانے دوبارہ کب ایسے لمحات میسر ہوں۔

ٹورنٹو میں گزارے ہوئے آٹھ دس سالوں کے دوران بے حد مخلص دوستوں کا ساتھ ملا، جو آج بھی قائم ہے، اور انشاء اللہ ہمیشہ رہے گا۔ اب بھی جب سال میں ایک دفعہ جاتے ہیں، تو ہمارے پیارے دوست اس قدر پیار اور خلوص سے ملتے ہیں، کہ احساس ہی نہیں ہوتا، اب ہم ادھر نہیں رہتے۔ ہر روز ملنے کے پروگرام بنتے ہیں، ہر گھر میں پرتکلف دعوتوں کا اہتمام کیا جاتا ہے، اور اس قدر خلوص اور پیار نچھاور کیا جاتا ہے کہ دل چاہتا ہے اب ادھر ہی رہا جائے۔ مخلص دوست ہونا بھی اللہ پاک کی بہت بڑی نعمت ہے۔

اس دفعہ سونے پر سہاگہ یہ ہوا کہ ہم یونیورسٹی کے تین دوست ٹورنٹو میں اکٹھے ہو گئے تھے، اور یہ تیس سال بعد ہوا تھا، اور کبھی سوچا نہ تھا کہ ہم پاکستان سے ہزاروں میل دور کینیڈا میں ملیں گے، تو اندازہ لگایا جا سکتا ہے، کہ کیا جذبات اور کیا احساسات ہوں گے۔ فون پر بات چیت ہو رہی تھی، بس اب دن اور وقت مقرر کیا جانا تھا کہ ملاقات کب اور کہاں کی جائے، کیونکہ ہم تینوں ہی ایک دوسرے سے کافی فاصلے پر رہ رہے تھے۔ کافی بات چیت کے بعد جگہ اور وقت کا تعین ہو گیا، اور پھر بے چینی سے ملنے کا انتظار شروع ہو گیا۔ خدا خدا کر کے وہ دن آ گیا، جس دن تین دہائیوں کے بعد تین عدد دوستوں نے اکٹھے ہونا تھا۔ بار بار ایک دوسرے کو فون کالز کی جا رہی تھیں، اور وقت کی پابندی کی تلقین کی جا رہی تھی۔ ٹورنٹو ڈاؤن ٹاؤن کے ایک مشہور شاپنگ مال میں ملنا طے پایا تھا، یہ جگہ میرے گھر سے تقریباً پونے گھنٹے کی ڈرائیو پر تھی۔

گھر سے نکلتے ہوئے ہمیں کوئی ایک گھنٹہ ہونے کو آیا تھا، لیکن ہائی وے پر ٹریفک کا ازدحام تھا، جو ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا تھا۔ طبیعت میں اضطراب اور بے چینی بڑھتی جا رہی تھی، میں مسلسل بڑبڑا رہی تھی کہ یہ رش آج ہی ہونا تھا، اور میری بیٹی اور شوہر نامدار میری اس اضطراری کیفیت کو دیکھ کر مسکرا رہے تھے، جس کی وجہ سے مجھے اور غصہ آ رہا تھا۔ میری دونوں سہیلیاں پہنچ چکیں تھیں اور بار بار فون آ رہا تھا، یار اب آ بھی جاؤ۔ جیسے تیسے کر کے ہم پونے گھنٹے کی بجائے ڈیڑھ گھنٹے میں پہنچے، اور گاڑی سے اترتے ہی مطلوبہ جگہ کی طرف دوڑ لگا دی، میری بیٹی میرے ساتھ تھی، اور اس ساری صورت حال کو انجوائے کر رہی تھی۔ مجھے یقین نہیں آ رہا تھا کہ فاصلے سمٹنے کو ہیں، اور ابھی تھوڑی دیر میں ہم آمنے سامنے ہوں گے۔

میں اس جگہ پہنچ کے ادھر ادھر نظریں دوڑا رہی تھی، اور پھر اچانک تبسم نظر آئی۔ میں دوڑ کے اس کے گلے مل رہی تھی کہ پیچھے سے زینب نے آ کر گلے لگا لیا، ہم بے یقینی سے ایک دوسرے کو بار بار گلے مل رہے تھے اور فاطمہ ان سب جذباتی لمحات کو کیمرے کی آنکھ میں محفوظ کر رہی تھی۔ اس وقت ہم بھول چکے تھے کہ وقت کا پنچھی کتنی دہائیاں آگے جا چکا ہے، ایسے ہی لگ رہا تھا ابھی بھی ہم یونیورسٹی میں ہیں، بالکل ویسے ہی خوش گپیوں میں مصروف تھے، گزرے وقت کو یاد کر کے، اپنا دل لبھا رہے تھے، ہم بھول چکے تھے کہ اب ہم عمر کے کس دور میں ہیں، ہم ایک دم سے جوان ہو گئے تھے، دل و دماغ میں ایک عجیب سی خوشی اور تازگی کا احساس تھا۔ یہ سچ ہے کہ زندگی ہمیں خوبصورت دوست دیتی ہے لیکن اچھے دوست ہمیں خوبصورت زندگی دیتے ہیں۔ تین گھنٹے کیسے گزرے پتہ ہی نہ چلا، اور پھر دوبارہ ملنے کا پروگرام بنا کر رخصت ہو گئے۔ دو تین دفعہ دوبارہ ملے اور یوں لگا جیسے ابھی بھی تشنگی باقی ہے۔

یہ خلوص اور پیار کے بے لوث رشتے بے شک اللہ پاک کی دی گئی نعمتوں میں سے بہترین نعمت ہے۔ میں نے کہیں پڑھا تھا، پرانے دوست حروف تہجی کی طرح ہوتے ہیں۔ اور نئے دوست ایک نظم کی طرح ہوتے ہیں، اس لئے نظم پڑھنے کے لیے حروف تہجی کا ازبر ہونا ضروری ہے۔ سلامت رہیں ایسے رشتے جو اس بھاگتی دوڑتی زندگی میں خوشی کا باعث بنتے ہیں۔

حاجی فارم 47 آکا

فضل تنہا غرشین

عبدالقادر بچپن ہی سے پڑھائی میں کمزور تھا۔ خدا خدا کر کے اس نے میٹرک کا امتحان پاس کر لیا، جب کہ کالج پڑھنا اس کے لیے جوئے شیر لانے کے مترادف تھا۔ تاہم والدین کے عتاب سے بچنے اور بے روزگاری سے نمٹنے کے لیے عبدالقادر نے شہر میں مناسب اجرت پر کسی پرچون اسٹور پر کام کرنا شروع کیا۔ بہت قلیل عرصے میں عبدالقادر نے دکان داری کے تمام اسرار و رموز سیکھ لیے اور سیٹھ جی کی آنکھوں کا تارا بن گیا۔

عبدالقادر کے اکثر ہم جماعتوں نے کالج میں داخلہ لیا تھا اور صبح سویرے وہ اکٹھے شہر آتے اور شام کو واپس اکٹھے گاؤں جاتے۔ اپنے ہم جماعتوں کو صاف ستھرا کالج یونیفارم میں دیکھنے سے عبدالقادر کی پہلے حوصلہ شکنی ہوتی تھی، مگر بعد میں وہ آہستہ آہستہ ماحول کے مطابق ہو گئے اور محنت و مزدوری اس کی پہچان بن گئی۔ اس کے تمام پرانے ہم جماعت کالج چھٹی ہونے کے بعد اس کے سٹور پر آتے، اپنی کتابیں اور دیگر سامان اس کے پاس امانتاً رکھ دیتے اور اپنے گھروں کے لیے اشیائے خورد و نوش بھی عبدالقادر کے سٹور سے لیتے۔ یہ عبدالقادر اور سیٹھ دونوں کے لیے حوصلہ افزا پیش رفت تھی۔

وقت گزرتا گیا۔ عبدالقادر کے کئی ہم جماعت بڑے بڑے عہدوں پر براجمان ہو گئے، مگر وہ ابھی تک پرچون سٹور پر ایک عام ملازم کی حیثیت سے کام کرتا تھا۔ عبدالقادر صابر اور شاکر انسان ہونے کے ساتھ ساتھ ایمان دار بھی تھا، لیکن جب اس کا کوئی سرکاری ملازم دوست اس کے سٹور پر سودا سلف لینے آتا تو عبدالقادر کو تھوڑی دیر کے لیے اپنی کسمپرسی پر دلی خلش ہوتی، مگر چند ثانیوں کے بعد یہ کیفیت خود بخود ختم ہو جاتی۔ اب وہ خدا سے اکثر اپنی دکان کے مالک ہونے کی دعائیں مانگنے لگا تھا۔ خدا کا کرنا تھا کہ سیٹھ جی کو زیادہ معمر ہونے کی وجہ سے فشار خون، ذیابیطس اور نقص نظری کی بیماری لگ گئی۔ سیٹھ جی کو یقین ہو گیا تھا کہ اس کے دن گنے جا چکے ہیں، کیوں نہ اپنے کاروبار اور جائیداد کو اپنی زندگی ہی میں اپنی اولاد میں برابر تقسیم کر کے تمام ذمہ داریوں سے عہدہ برا ہو جاؤں۔

سیٹھ جی نے ایسا ہی کیا اور ساتھ ہی نصیحت کی کہ عبدالقادر اس کا ایک ایمان دار ملازم ہے اس کو خالی ہاتھ مزدوری سے نکالنا معیوب بات ہے، لہٰذا بہتر یہ ہے کہ اس کو کچھ نقد رقم بطور زکوٰۃ، خیرات یا قرض دیں تاکہ وہ اپنا کاروبار شروع کر سکے۔ ایسا کرنے سے عبدالقادر کا بھی بھلا ہو گا اور خدا بھی راضی ہو گا۔ عبدالقادر کی ایمان داری کسی سے ڈھکی چھپی نہیں تھی، سو ایسا ہی ہوا۔ اس کے تمام سرکاری ملازم دوستوں، بہی خواہوں اور اس کے گاؤں والوں نے اس کی دکان سے سودا لینا شروع کیا۔ بہت کم عرصے میں عبدالقادر نہ صرف شہر کا ایک معروف تاجر بن گیا، بلکہ ایک دنیا اس کی مقروض ہو گئی۔ دولت کی ریل پیل ہو گئی۔

عبدالقادر نے نئی گاڑی خریدی، نیا گھر بنایا، حج کیا، ضیافتیں شروع کیں، مختلف پروگراموں میں مہمان خصوصی ہوتا تھا، وہ مخیر آدمی بن گیا اور مقامی سطح پر چھوٹے چھوٹے تنازعات کے فیصلے بھی کرنے لگا۔ اب وہ ملک حاجی عبدالقادر آکا سے مشہور ہو گئے اور اس کی شہرت چہار دانگ پھیل گئی۔

وقت گزرتا گیا اور انتخابات سر پر آ گئے۔ ملک حاجی عبدالقادر آکا کو ایم پی اے بننے کی سوجھی، بطور آزاد امیدوار کاغذات نامزدگی جمع کروائے، اپنے پرانے پڑھے لکھے اور سرکاری ملازم دوستوں کو ساتھ ملا کر خوب کمپین کی، پیسے کو پانی کی طرح بہایا اور کامیاب ٹھہرے۔ اب وہ ایم پی اے وزیر خزانہ الحاج ملک حاجی عبدالقادر صاحب سے موسوم ہو گئے۔

اپنی وزارت کے پہلے دو سال انھوں نے خوب ترقیاتی کام کیے۔ پھر ان کو بدعنوانی کا چسکا لگ گیا۔ انھوں نے فاتحہ خوانیاں اور مبارک بادیاں چھوڑ دیں۔ وہ شہری زندگی کے عادی ہو گئے۔ اور پھر وہ کہیں نظر نہیں آئے۔ پانچ سال پورا ہونے پر عوام ان سے بدظن ہونے لگے، نیب نے ان کے خلاف تحقیقات شروع کر دیں اور یوں وہ انتخابات ہار گئے۔ مگر ملک حاجی عبدالقادر صاحب ہار ماننے والوں میں سے نہیں تھے۔ وہ کبھی اسلام آباد، کبھی پنڈی اور کبھی کوئٹہ میں ہوا کرتے تھے۔ ایک دفتر میں داخل ہوتے اور دوسرے سے نکلتے تھے۔ اب وہ عوام کے لیے مکمل اجنبی اور قصہ پارینہ بن چکے تھے۔ پانچ سال گزر گئے۔ نئے انتخابات سر پر آ گئے اور وہ ایک بار پھر آزاد امیدوار کی حیثیت سے انتخابات لڑنے لگے۔ مگر اس باران کے ساتھ کوئی ووڑ نہیں تھا اور نہ ہی انھوں نے کوئی کمپین چلائی۔

انتخابات ہو گئے۔ کسی نے ان کو ووٹ نہیں دیا، مگر اگلی صبح الیکشن کمیشن نے فارم 47 کے ذریعے الحاج ملک عبدالقادر صاحب کو بھاری اکثریت سے کامیاب قرار دے دیا تھا۔ مورخین لکھتے ہیں کہ بعد ازاں وہ حاجی فارم 47 آکا سے مشہور ہو گئے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

غیرت کی فائرنگ: قانون کی لاش پر کھڑی قبائلی عدالت

بانو کے ہاتھ میں قرآن تھا، اور اس کے سامنے بندوقیں تھیں۔ قرآن کو تھامنے والی انگلیوں میں نہ کوئی لرزش تھی، نہ التجا، اور نہ ہی رحم کی امید۔ جیسے وہ جانتی ہو کہ اس کے نصیب میں اب زندگی نہیں، صرف گولیاں لکھی جا چکی ہیں۔ ڈیڑھ سال قبل اس نے زرک کے ساتھ پسند کی شادی کی تھی۔ ایک نکاح، جس کی بنیاد محبت اور رضا پر تھی، جو اسلام کا عین تقاضا ہے، مگر انہی دو لفظوں نے اس کی قبر کھود دی۔

بلوچستان کے ایک قبیلے نے دونوں کو دعوت پر بلایا۔ دکھاوے کی مسکراہٹوں کے ساتھ سجی ایک ایسی دعوت جہاں کھانے کی نہیں، بلکہ خون کی دیگ پکی تھی۔ انہیں گاڑیوں کے ایک قافلے میں لا کر چٹیل میدان میں اتارا گیا، جہاں 19 غیرت مند مرد پہلے سے موجود تھے، ان میں سے پانچ کے ہاتھوں میں جدید خودکار ہتھیار تھے۔ مگر اصل ہتھیار بندوقیں نہیں تھیں، وہ سوچ تھی جس نے لڑکی کے فیصلے کو جرم سمجھا۔ یہ وہی سوچ ہے جو آج بھی پاکستان کے گاؤں، قصبوں اور شہروں میں عورت کے اختیار کو بغاوت سمجھتی ہے۔

بانو نے سامنے آ کر کہا، ''صرف گولی مارنے کی اجازت ہے''۔ مگر اجازت کون مانگتا ہے؟ یہاں تو فیصلے وہ کرتے ہیں جو خود کو قانون سے بالاتر سمجھتے ہیں۔ وہ خود آگے بڑھی، شاید اس لیے کہ وہ جانتی تھی، مزاحمت سے کچھ نہیں بدلے گا۔ اس کے قدم نہیں کانپے، آنکھوں میں آنسو نہیں آئے، چیخ کی آواز نہ نکلی، صرف ایک گہری خاموشی تھی۔ ایسی خاموشی جو آج ہزاروں چیخوں پر بھاری ہے۔ پھر ایک گولی نہیں، نو گولیاں چلیں۔ اور پھر زرک کی باری آئی، اسے دوگنا مارا گیا۔

تحریر
روپ چند سکرانی

یہ واقعہ سوشل میڈیا پر ہر طرف موجود ہے، ویڈیوز، چیخیں، خون، بندوقیں، اور عوام کی بے بسی۔ جو لوگ اس ظلم کو دیکھ رہے ہیں، ان میں سے اکثر یا تو خاموش ہیں یا دل ہی دل میں اسے جائز سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ یہی اصل جرم ہے۔ یہی وہ خاموشی ہے جو قاتلوں کو تحفظ دیتی ہے۔ یہی وہ بے حسی ہے، جو غیرت کو قانون سے طاقتور بنا دیتی ہے۔

پاکستان کا آئین کہتا ہے کہ ہر شہری کو زندگی کا حق حاصل ہے۔ پینل کوڈ کی دفعہ 302 قتل کو ناقابل معافی جرم قرار دیتی ہے، اور سپریم کورٹ کئی بار غیرت کے نام پر قتل کو قتل عمد قرار دے چکی ہے۔ تو پھر یہ قتل کیوں ہوا؟ یہ بندوقیں کیوں چلیں؟ یہ کیمرہ کس نے آن کیا؟ یہ ویڈیو کیوں وائرل ہوئی؟ اور سب سے بڑھ کر، یہ قاتل ابھی تک آزاد کیوں ہیں؟

انسانی حقوق کے بین الاقوامی معاہدے، جن پر پاکستان نے دستخط کیے ہیں، عورتوں کو تحفظ دیتے ہیں، آزادی دیتے ہیں، انصاف کا وعدہ کرتے ہیں۔ مگر بانو کی خون میں لت پت لاش ان وعدوں پر ہنستی ہے۔ زرک کی گولیوں سے پھٹی ہوئی سانسیں ان قوانین کو بے معنی قرار دیتی ہیں۔ اور وہ ویڈیو۔ وہ جیسے ہم سب کے ضمیر پر تھپڑ ہے، جو ہمیں جگانے کے بجائے مزید بے حس کر رہی ہے۔

غیرت کے نام پر قتل اب صرف ایک جرم نہیں رہا، یہ ایک سماجی اجازت نامہ بن چکا ہے۔ راضی نامے کے کاغذوں پر قاتل بری ہو جاتے ہیں، ماں باپ معاف کر دیتے ہیں، اور ریاست خاموشی سے کھڑی رہتی ہے۔ کسی تھانے میں ایف آئی آر نہیں کٹتی، کوئی عدالت از خود نوٹس نہیں لیتی، اور کوئی اسمبلی اس ظلم پر قرارداد نہیں لاتی۔

بانو نے صرف محبت کی، نکاح کیا، اپنے حق انتخاب کو استعمال کیا۔ کیا یہ اس کی سزا تھی؟ کیا عورت کا اپنے لیے فیصلہ کرنا اتنا بڑا جرم ہے کہ اسے زندہ درگور کر دیا جائے؟ ہم اس معاشرے میں جی رہے ہیں جہاں بیٹیاں جیتی نہیں، فقط خاموشی سے قتل ہوتی ہیں اور ہر بار پگڑیاں جیت جاتی ہیں۔

اب ہم کہاں کھڑے ہیں؟ کیا ہم صرف یہ وڈیو دیکھ کر افسوس کا اظہار کریں گے؟ اگلے واقعے کا انتظار کریں گے؟ یا واقعی یہ سوال اٹھائیں گے کہ آئین اور بندوق میں سے بالادست کیا ہے؟ غیرت یا قانون؟ شریعت یا قبائلی فیصلہ؟

سچ تو یہ ہے کہ آج ہم نے ایک بار پھر شریعت کا نام لے کر ظلم کو تقویت دی، آئین کو روند ڈالا، اور قانون کو تماشا بنا دیا۔ اور شاید کل کسی اور شیتل کو مار دیا جائے گا، کسی اور زرک کو بھی۔ کیونکہ ہمارے معاشرے میں انصاف صرف وہی ہے، جو بندوق کے دہانے سے نکلتا ہے۔

عدالتی انصاف کا ارتقا: سینٹ کا سزائے موت پر اہم فیصلہ

یوسف تبجمن

پاکستان کی پارلیمان کے ایوان بالا یعنی سینٹ نے 19 جولائی کو ایک تاریخی فیصلہ کرتے ہوئے کرمنل لاز (ترمیمی) بل 2025 کی منظوری دی ہے۔ اسے پاکستان میں عدالتی انصاف کے ارتقاء کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا جا سکتا ہے جس کے تحت تعزیرات پاکستان کی دو اہم دفعات یعنی دفعہ 354-A اور دفعہ 402-C میں سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ یہ بل جہاں ایک طرف پاکستان کے قوانین کو بین الاقوامی انسانی حقوق کے معیارات سے ہم آہنگ کرے گا وہیں دوسری جانب منصفانہ اور انسانیت دوست عدالتی نظام کی بنیاد بھی رکھی جائے گی۔

سزائے موت ایک ایسا موضوع ہے جو عالمی سطح پر شدید بحث و مباحثے کا مرکز رہا ہے۔ دنیا کے بیشتر ترقی یافتہ ممالک اسے انسانی زندگی کے حق کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے ختم کر چکے ہیں جبکہ دیگر ممالک نے اسے صرف انتہائی سنگین جرائم تک محدود کر رکھا ہے۔ پاکستان میں بھی اس کی تاریخ پیچیدہ رہی ہے۔ 2008 سے 2014 تک سزائے موت پر ایک غیر رسمی پابندی عائد رہی۔ تاہم پشاور کے آرمی پبلک سکول پر حملے کے بعد دہشت گردی کے مقدمات میں اسے بحال کر دیا گیا۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ پاکستان جیسے ملک میں جہاں عدالتی نظام میں نقائص اور غلطی کا امکان موجود رہتا ہے وہاں سزائے موت جیسی ناقابل واپسی سزا رکھی گئی ہے کہ جس میں کسی بے گناہ کی جان بھی جا سکتی ہے۔ ماضی میں ہمارے نظام میں ایسی غلطیاں ہو چکی ہیں۔

پاکستان میں اس وقت تقریباً 33 مختلف جرائم پر سزائے موت کا قانون لاگو ہوتا ہے جن میں قتل (دفعہ 302 PPC)، دہشت گردی (اینٹی ٹیررازم ایکٹ 1997)، اہانت رسالت (مختلف دفعات)، عصمت دری (دفعہ 376 PPC)، اغوا برائے تاوان (دفعہ 365-A PPC)، منشیات کی سمگلنگ (کنٹرول آف نارکوٹک سبسٹنسز ایکٹ 1997)، ریاست کے خلاف جنگ یا بغاوت (دفعہ 121 PPC)، جھوٹی گواہی دینا (دفعہ 194 PPC)، زنا بالجبر (ریپ) اور حدود آرڈیننس سے متعلقہ دیگر جرائم اور فوجی قوانین کے تحت بغاوت کے جرائم شامل ہیں۔

سینٹ نے جو بل منظور کیا ہے اس کے تحت صرف دو مخصوص جرائم میں سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کیا گیا ہے، باقی تمام جرائم جن کی تعداد تقریباً 31 بنتی ہے ان پر سزائے موت برقرار رہے گی۔ یہ بل سزائے موت کے مجموعی خاتمے کی بجائے اس کے دائرہ کار کو محدود کرنے کی جانب ایک سنجیدہ کوشش ہے۔

سینٹ کی جانب سے یہ بل منظور کرنا محض قانون کی ایک سادہ ترمیم نہیں بلکہ یہ پاکستان کی قانونی اور معاشرتی سوچ میں ایک نمایاں ارتقاء کا اشارہ ہے۔ یہ فیصلہ اس حقیقت کو تسلیم کرتا ہے کہ صرف سخت سزائیں ضروری نہیں کہ جرائم کی شرح کو کم کریں بلکہ جیسا کہ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے بھی دلیل پیش کی کہ یہ عدالتی نظام کی شفافیت، قانون کا موثر نفاذ اور مجرموں کی یقینی گرفتاری و سزا ہی ہے جو حقیقی معنوں میں جرائم کی روک تھام کرتی ہے۔ یہ اقدام پاکستان کو اس کی بین الاقوامی ذمہ داریوں، خصوصاً یورپی یونین کے GSP+ تجارتی معاہدے کے تحت انسانی حقوق سے متعلق وعدوں کی پاسداری میں بھی مدد دے گا اور عالمی سطح پر ملک کے مثبت امیج کو فروغ دے گا۔ یہ فیصلہ پاکستان کو ان اقوام کی صف میں شامل کرتا ہے جو عصری تقاضوں اور انسانی وقار کے احترام کو اولین ترجیح دیتے ہیں۔

اس ترمیم کا اثر تعزیرات پاکستان کی دفعہ 354-A جو اس سنگین جرم سے متعلق ہے پر ہو گا جس میں کسی عورت پر اسے بے لباس کرنے کی نیت سے حملہ یا مجرمانہ طاقت کا استعمال کیا جائے۔ ماضی میں اس جرم پر سزائے موت یا عمر قید کی سزا دی جاتی تھی لیکن اب سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ اس تبدیلی کا مقصد متاثرین کو زیادہ موثر قانونی تحفظ فراہم کرنا ہے جبکہ عدالتی غلطی کے امکانات کو کم کرنا ہے۔

دوسری دفعہ 402 سی ہے، یہ دفعہ ہوائی جہاز کے اغوا کاروں کو پناہ دینے سے متعلق ہے۔ اس جرم میں بھی سزائے موت کی جگہ عمر قید کی سزا تجویز کی گئی ہے۔ جو سزائے موت کے استعمال کو کم کرنے کی عالمی کوششوں سے ہم آہنگ ہے۔

اگرچہ یہ بل سزائے موت کا مکمل خاتمہ نہیں کرتا لیکن یہ بلاشبہ صحیح سمت میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ یہ عدالتی نظام میں غلطی کے امکانات کو کم کرنے اور کسی بے گناہ کو ناقابل واپسی جیسی سزا سے بچانے کی جانب ایک مثبت قدم ہے۔ تاہم اس بل کو قانون کا حصہ بننے اور اس پر موثر طریقے سے عمل درآمد کے لیے ابھی مزید چیلنجز کا سامنا ہو سکتا ہے۔ جن میں عوامی ردعمل اور مختلف سیاسی آراء شامل ہیں۔ حکومت پر لازم ہے کہ وہ اس بل کو جلد از جلد قانون کا حصہ بنائے اور مستقبل میں ایسے مزید اصلاحی اقدامات کیے جائیں جو ملک میں سزائے موت کو مکمل طور پر ختم کرنے کی راہ ہموار کریں۔ صرف سزاؤں کی تبدیلی ہی کافی نہیں بلکہ عدالتی نظام میں جامع اصلاحات، تیز تر انصاف کی فراہمی، آزادانہ تفتیش اور گواہوں کے تحفظ کو بھی یقینی بنایا جانا چاہیے۔

سینٹ کا یہ فیصلہ پاکستان کو ایک منصفانہ، مہذب اور انسانی اقدار کا پاسدار معاشرہ بنانے کی جانب ایک جرات مندانہ قدم ہے۔ یہ ملک کے روشن مستقبل کی جانب ایک ارتقائی سفر کی ابتدا ہے جہاں ہر فرد کی زندگی کا احترام کیا جائے گا اور جہاں انصاف کی فراہمی میں غلطی کا امکان کم سے کم ہو گا۔ یہ اقدام امید کی ایک نئی کرن ہے کہ پاکستان اپنے آئینی وعدوں اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہوئے ایک بہتر کل کی جانب بڑھ رہا ہے۔

امید واثق ہے کہ ہم اس عدالتی انصاف کے ارتقائی سفر پر گامزن رہتے ہوئے جلد ملک میں سزائے موت کا مکمل خاتمہ اور انسانی احترام اور زندگی کے حق کا بول بالا دیکھیں گے۔

ٹین کی تپتی چھت پر تم سے کس نے کہا تھا کہ چلو

میرا ذہن راستے بھر سن رہا اور میں آنکھیں بند کیے بیٹھی رہی۔ کچھ خواتین مجھے کمرے میں بچھے ہوئے پلنگ پر بٹھا کر باہر نکل گئیں تو میں نے پہلی بار آنکھیں کھول کر کمرے کا جائزہ لیا۔ دروازے پر کیا ہوا گاڑھا فیروزی پینٹ مجھے عجیب سا لگا۔ اگلے لمحے اس دروازے سے محلے کی چند عورتیں داخل ہوئیں اور میرے ہاتھ پر ایک ایک، دو دو اور پانچ روپے کے میلے کچیلے مڑے تڑے نوٹ رکھ کر دوسرے دروازے سے باہر نکل گئیں۔ میں مسکرا دی۔ میں نے احفاظ سے محبت کی تھی، وہ کس طرح کے گھر اور محلے میں رہتے ہیں، اس سے مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا تھا کم از کم اس وقت میں نے یہی سوچا تھا۔

مگر چھوٹی چھوٹی باتیں بھی کبھی کبھی ہماری دنیاؤں کی درمیانی خلیج کو آشکار کر دیتی تھیں۔ اس گھر میں پانی کا نلکا تک نہیں تھا۔ صبح صبح سقہ یا ماشکی مشک بھر بھر کے پانی ڈال کر جاتا تھا۔ ایک روز احفاظ کی ننھی منی بھانجی نے معصومیت سے مجھ سے پوچھا، ''ممانی! آپ کے امی ابو کے گھر استری ہے۔'' مجھے یاد ہے میں گنگ سی ہو کر رہ گئی تھی۔ کیا کوئی گھر ایسا بھی ہو سکتا ہے جہاں استری جیسی بنیادی ضرورت کی چیز موجود نہ ہو۔ لیکن بات وہی کہ میں احفاظ سے اتنی زیادہ محبت کرتی تھی کہ ان باتوں سے کوئی فرق نہیں پڑتا تھا۔

شادی کے بعد بہت سے دوستوں نے ہمیں اپنے گھر دعوتوں پر مدعو کرنا شروع کر دیا لیکن ہم صرف چند دعوتوں پر ہی جا پائے کیونکہ ہمارے پاس ٹیکسی یا رکشہ کا کرایہ ہی نہیں ہوتا تھا۔ احفاظ کے پاس اس وقت تک موٹر سائیکل بھی نہیں تھی۔ جن چند دعوتوں میں ہم جا پائے، وہ مجھے ہمیشہ یاد رہیں گی۔ ایک تو شبر اعظمی کی دعوت جو شروع سے بائیں بازو کی سیاست اور اخبارات میں ٹریڈ یونین کی سرگرمیوں میں شامل رہے تھے۔ وہ کورنگی میں رہتے تھے۔ شبر اپنی بیگم کو منی کہہ کر بلاتے تھے۔ یہ ایک خوش و خرم خاندان تھا۔ اس دعوت میں ان کی والدہ نے اپنے ہاتھوں سے ہمارے لئے انڈوں کا حلوہ بنایا تھا جو اتنا ذائقہ دار تھا کہ مجھے سالوں اس کا ذائقہ یاد رہا۔ مشہور انقلابی شاعر خالد علیگ جو مساوات میں ہمارے کولیگ بھی تھے نے لانڈھی میں اپنے گھر ہمیں بلایا اور کھانا کھلانے کے بعد واپس گھر جانے کے لئے پانچ روپے کرایہ کے لئے بھی دیے۔ اسی طرح احفاظ کے ایک دوست رحمان نے دعوت کے بعد واپسی کے کرایہ کے لئے پانچ روپے دیے۔ احفاظ کا حلقہ احباب بے حد وسیع تھا اور ہمیں بے شمار دعوت نامے موصول ہوئے لیکن ہمیں سارے دوستوں سے معذرت کرنا پڑی کیونکہ ہمارے پاس کرایہ کے پیسے نہیں ہوتے تھے۔

ایک ہفتہ بعد ہم دوبارہ دفتر جانے لگے

میرا اپنے والدین سے رابطہ بالکل منقطع ہو چکا تھا۔ ابی مجھ سے ناراض تھے اور شاید میں بھی ان سے ناراض تھی۔ میرے میکے سے کوئی مجھ سے ملنے نہیں آیا تھا اور نا ہی احفاظ اور میں ان سے ملنے گئے تھے۔ دس دن بعد جب میں مساوات کے دفتر میں اپنے کام میں مصروف تھی کہ میز پر رکھے فون کی گھنٹی بجی۔ میں نے فون اٹھایا تو دوسری طرف امی تھیں۔ ایک دو جملے بولنے کے بعد ہی ان کی آواز میں لرزش پیدا ہوئی اور انہوں نے رونا شروع کر دیا۔ مجھے لگا میرے وجود کے اندر کوئی چیز پگھلنا شروع ہو گئی تھی۔ میں نے ریسیور رکھا، اپنا پرس اٹھایا اور احفاظ سے کہا کہ میں امی سے ملنے جا رہی ہوں۔ احفاظ خاموش رہے۔ میں نے دفتر سے نیچے اتر کر رکشہ لیا اور نارتھ ناظم آباد جا پہنچی۔ گھر میں داخل ہوتے ہی جذبات کا طوفان امڈ آیا، آنسو بہہ رہے تھے، سب نے مجھے گلے لگایا اور کہے بغیر بہت کچھ کہہ دیا۔ مجھے ایک اطمینان سا محسوس ہوا، جیسے میری ذات کا گم شدہ حصہ مجھے واپس مل گیا ہو۔

ساٹھ ہزار روپے اور ایک دکھ دینے والا فخریہ جملہ

ہماری شادی کو کچھ عرصہ ہی ہوا تھا۔ میں دفتر میں بیٹھی کچھ لکھنے میں مصروف تھی کہ میرے کانوں میں شمیم عالم کی آواز پڑی، وہ ہنستے ہوئے احفاظ سے کہہ رہے تھے ''میاں، اب تو پھنس گئے، ساٹھ ہزار مہر لکھ دیا ہے۔'' میں نے سر اٹھا کر احفاظ کو دیکھا۔ مجھے توقع تھی کہ وہ ہمارے رشتے کے حوالے سے کوئی خوب صورت بات کہیں گے جیسے ''اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔ ہم ہمیشہ ساتھ رہیں گے'' لیکن میری توقع کے برعکس انہوں نے انانیت بھرے لہجے میں کہا ''اگر میں کچھ کرنا چاہوں تو مجھے کوئی نہیں روک سکتا'' اور وہاں سے چل دیے۔

میرے اندر کوئی چیز ٹوٹ گئی۔ آخر وہ اپنے دوست کے چڑھانے پر اتنا سخت جملہ کیسے کہہ سکتے تھے۔ میں آنسو پی کر دوبارہ اپنے کام میں مصروف ہو گئی۔

اب اس عمر میں، میں سمجھ سکتی ہوں کہ وہ محض مردانگی کا ایک تماشا تھا۔ ایک مرد کا دوسرے پر اپنی دھاک بٹھانے کا روایتی انداز۔ مرد ایک خاص انداز میں ایک دوسرے سے بات کرتے ہیں جب کہ ہم عورتیں آپس میں الگ انداز سے بات کرتی ہیں۔ بہر حال ان کے جملے نے میرا دل دکھایا تھا۔ یوں لگا جیسے مجھے رد کر دیا گیا ہو۔ اس تعلق کو جھٹلا دیا گیا ہو جسے قائم کرنے کے لئے ہم نے اتنی کوشش کی تھی۔ تب میں اس کی کوئی توجیہہ نہ کر سکی مگر یہ تو محض شروعات تھی۔

اپنی ہی کمائی کیلئے بھیک مانگنا پڑتی ہے، علیزے شاہ شوبز انڈسٹری پر برس پڑیں

اداکار کی زندگی مشکل ہوتی ہے، ہمیں ایک ڈرامے کا چیک 3 مہینے بعد ملتا ہے، اپنی ہی کمائی کیلئے ہمیں لوگوں سے بھیک مانگنی پڑتی ہے

لاہور: (ویب ڈیسک) معروف اداکارہ علیزے شاہ نے انڈسٹری میں کام نہ کرنے کی وجہ بتادی۔ اداکارہ علیزے شاہ نے سوشل میڈیا پر اپنی ویڈیو میں انڈسٹری میں تاخیر سے معاوضے ملنے اور کام کے حوالے سے بات کی۔ علیزے شاہ نے کہا کہ اداکار کی زندگی مشکل ہوتی ہے، ہمیں ایک ڈرامے کا چیک 3 مہینے بعد ملتا ہے، اپنی ہی کمائی کیلئے ہمیں لوگوں سے بھیک مانگنی پڑتی ہے کہ چیک کا کیا ہوا، جب چیک ملتا ہے تو ایسا لگتا ہے ہم پر کوئی احسان کیا جارہا ہے، یہ ہی وجہ ہے کہ میں نے کام کرنا روک دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب میں لوگوں کے پاس جاتی ہوں اور بولتی ہوں کہ مجھے اپنی فیملی اور گھر کو سپورٹ کرنا ہے تو مجھے کہتے ہیں ہم آپ کیلئے اتنا کر تو رہیں ہیں جتنا گزارا ہوجائے، وہ بتاتے ہیں ہم اتنی بڑی پروڈکشن میں ڈرامہ دے کر احسان کررہے ہیں، تو بھائی اپنا احسان اپنے پاس رکھیں، مجھے کام نہیں کرنا، جہاں کام میں عزت ہی نہیں ہے آپ وہاں کیا کام کرو گے۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ جب میں نے اپنا معاوضہ مانگا تو سوشل میڈیا پر مختلف پیجز کو پیسے دے کر مجھے تنقید کا نشانہ بنایا گیا اور مجھ پر میمز بنائی گئیں، میٹنگز میں مجھے بیعزت کیا گیا، مجھے کام دے کر میری ذات پر احسان نہیں کرو، مجھے صرف عزت چاہیے اور وقت پر معاوضہ چاہیے، اگر آپ وہ بھی نہیں کرسکتے تو میرا خیال ہے کہ اس انڈسٹری میں آپ سے بڑا بھکاری کوئی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ لوگ اداکاروں کا پیسہ کھا کر اتنے بڑے محل بنا رہے ہیں وہ کبھی تو ٹوٹیں گے، سب آپ لوگوں کو ہی مبارک ہو، میں کام صرف تب کروں گی جہاں میری عزت ہوگی۔ واضح رہے کہ اس سے قبل سینئر اداکار محمد احمد کی جانب سے بھی انڈسٹری میں تاخیر سے معاوضہ ملنے پر برہمی کا اظہار کیا گیا تھا جب کہ دیگر اداکار بھی اس حوالے سے لب کشائی کرچکے ہیں۔

PIANAVALLEGIFFONI، اٹلی-22 جولائی Irene Maiorino 22 جولائی 2025 کو Giffoni Valle Piana، Italy میں 55th Giffoni فلم فیسٹیول 2025 کے دوران ریڈ کارپٹ میں شرکت کررہی ہے

''گلفام کی انارکلی'' نسیم وکی نیا شاہکار تیار کررہے ہیں

25 جولائی سے شروع ڈرامہ میں اداکار گلفام مرکزی کردار ادا کررہے ہیں

ڈرامے میں مرکزی کردار گلفام خان دتو ادا کررہے ہیں، جب کہ ان کے مدمقابل معروف فنکارہ آفرین پری جلوہ گر ہوں گی

لاہور (ندیم چوہدری) معروف ہدایتکار، اداکار اور کامیڈین نسیم وکی ایک بار پھر شائقین تھیٹر کے لیے نئی پیشکش لے کر آرہے ہیں۔ ان کا نیا اسٹیج ڈرامہ ''گلفام کی انارکلی'' 25 جولائی سے محفل تھیٹر لاہور میں اسٹیج کیا جائے گا، جس کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ ڈرامے میں مرکزی کردار گلفام خان دتو ادا کررہے ہیں، جب کہ ان کے مدمقابل معروف فنکارہ آفرین پری جلوہ گر ہوں گی۔ دیگر نمایاں فنکاروں میں اکرم اداس، سونو بٹ، نایاب خان، تمنا نور، فہد اعوان، شجر عباس، عقیل حیدر اور خود نسیم وکی بھی شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق یہ ڈرامہ مزاح، رومانس اور سماجی مسائل پر مبنی ہوگا اور تھیٹر شائقین کے لیے زبردست تفریح فراہم کرے گا۔ نسیم وکی کا کہنا ہے کہ وہ ہمیشہ معیاری اور خاندانی تفریح پیش کرنے کے قائل رہے ہیں، اور ''گلفام کی انارکلی'' بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

لپ فلرز ختم کروانے پر بھارتی اداکارہ عرفی جاوید کا چہرہ بگڑ گیا

''یہ فلٹر نہیں ہے، میں نے اپنے فلرز ختم کروادیے ہیں کیونکہ وہ بہت زیادہ خراب ہوچکے تھے، میں دوبارہ فلرز لگواؤں گی، مگر قدرتی انداز میں؛ گفتگو

ممبئی: (دنیا نیوز) لپ فلرز ختم کروانے پر بھارتی اداکارہ عرفی جاوید کا چہرہ بگڑ گیا۔ معروف بھارتی سوشل میڈیا انفلوئنسر اور منفرد انداز کے فیشن کے لیے مشہور عرفی جاوید نے حال ہی میں انسٹاگرام پر ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس میں انہوں نے بتایا کہ انہوں نے اپنے لپ فلرز ختم کروالیے ہیں، ویڈیو میں ان کے ہونٹ سوجے ہوئے دکھائی دیے، جس کے بعد یہ پوسٹ وائرل ہوگئی۔ عرفی نے بتایا کہ ان کے فلرز ''اپنی جگہ سے ہٹ گئے تھے'' اس لیے انہوں نے انہیں حل کروانے کا فیصلہ کیا، ویڈیو کے کیپشن میں عرفی نے لکھا کہ ''یہ فلٹر نہیں ہے، میں نے اپنے فلرز ختم کروادیے ہیں کیونکہ وہ بہت زیادہ خراب ہوچکے تھے، میں دوبارہ فلرز لگواؤں گی، مگر قدرتی انداز میں۔'' عرفی نے اس عمل کو ''تکلیف دہ'' قرار دیا اور مداحوں کو مشورہ دیا کہ کسی بھی بیوٹی ٹریٹمنٹ کے لیے ماہر ڈاکٹر سے رجوع کریں، عرفی نے کہا، ''یہ بہت اہم ہے کہ آپ کسی اچھے ڈاکٹر کے پاس جائیں۔'' عرفی جاوید کی یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر آگ کی طرح پھیل گئی ہے اور صارفین عرفی کی ہمت کو سراہا رہے ہیں کیونکہ ایسے ٹریٹمنٹ تو آج کل سب اداکار کرواتے ہیں مگر اس طرح سے پوسٹ کوئی نہیں کرتا اور نہ ہی قبول کرتے ہیں کہ انہوں نے خوبصورتی کیلئے کوئی ٹریٹمنٹ کروایا ہے۔

اداکارہ مرینہ خان نے اپنی آخری خواہش بتادی، مداح حیران رہ گئے

زندگی میں ایک بار ڈرگز استعمال کرنا چاہتی ہوں، صرف یہ جاننا چاہتی ہوں لوگ نشے کے پیچھے اتنے دیوانے کیوں ہوتے ہیں، مرینہ خان

لاہور (این این آئی) اپنی بے ساختہ اداکاری سے برسوں تک مداحوں کے دل پر راج کرنے والی مرینہ خان نے اپنی آخری خواہش کا اظہار کرکے سب کو حیران کردیا۔ حال ہی میں ایک انٹرویو میں میزبان نے سوال کیا کہ مرنے سے پہلے آپ کون سی چیز آزمانا چاہیں گی جو آپ نے پہلے کبھی نہ کیا ہو؟ جس کے جواب میں اداکارہ مرینہ خان نے برجستہ پوچھا کہ کیا میں سچ بتادوں؟ آپ اسے کاٹ تو نہیں دیں گے، کیوں کہ زرا عجیب سی بات ہے۔ جب میزبان نے یقین دلایا کہ ان کا جواب من وعن ایسا ہی جائے گا جیسا آپ کہیں گی۔ جس پر مرینہ خان نے ہنستے ہوئے کہا کہ وہ زندگی میں ایک بار ڈرگز آزمانا چاہتی ہیں۔ مرینہ خان نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ وہ صرف یہ جاننا چاہتی ہیں کہ لوگ نشے کے پیچھے اتنے دیوانے کیوں ہوتے ہیں۔ اس میں ایسی کیا کشش ہے جو انھیں اپنی گرفت میں لے لیتی ہے۔ اداکارہ نے یہ بھی کہا کہ انھیں کسی نے بھنگ پینے کا مشورہ بھی دیا تھا لیکن میں نے خوف کی وجہ سے کبھی ٹرائی نہیں کیا، البتہ قریبی دوست احباب ہوں تو آزمایا جاسکتا ہے۔

جس سینما مالک نے ذلیل کیا، پہلی فلم پروموشن کے دوران اس نے پروٹوکول دیا، ہارون شاہد

سعودی عرب میں ہی گلوکاری شروع کردی تھی اور بچپن میں والد کی جانب سے انہیں سخت مار بھی پڑی

کراچی (این این آئی) معروف اداکار و گلوکار ہارون شاہد نے انکشاف کیا ہے کہ جس سینما مالک نے انہیں ذلیل اور بے عزت کیا تھا، اسی سینما مالک نے انہیں ان کی پہلی فلم کی پروموشن کے دوران پروٹوکول دیا۔ ہارون شاہد نجی ٹی وی کے پروگرام میں شریک ہوئے، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل گفتگو کی۔ پروگرام کے دوران بات کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ ان کا بچپن سعودی عرب میں گزرا، انہوں نے خلیجی ممالک کی جنگ وہیں دیکھی۔ ان کے مطابق سعودیہ میں رہنے کے دوران عراق اور کویت کے درمیان جنگ لگی، اس وقت ان کی عمر 7 سے 8 سال تھی اور جنگ کی وجہ سے ہر وقت وہ گھر میں رہتے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ ان کا ایک جڑواں بھائی بھی ہے لیکن دونوں کی شکلیں بالکل مختلف ہیں، دوسرے بھائی ان سے دو منٹ بڑے بھی ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ انہیں اس وقت شدید غصہ آتا ہے جب شوٹنگ کے دوران کوئی بھی شخص خود سے چھوٹے شخص پر غصہ نکالتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ غصہ نکالنے والے شخص کو اپنے ہم پلہ شخص پر غصہ نکالنا چاہیے، تب ہی مزہ آئے گا، خود سے کم تر شخص پر غصہ کرنا کوئی اچھی بات نہیں۔ ہارون شاہد نے بتایا کہ انہوں نے سعودی عرب میں ہی گلوکاری شروع کردی تھی اور بچپن میں والد کی جانب سے انہیں سخت مار بھی پڑی۔

بٹی ہوئی دھات -- ''چٹان کی چوٹی پر بٹی ہوئی دھات'' -- تصویر

معروف یوٹیوبر رجب بٹ کے گھر پر فائرنگ کا معمہ حل، شوٹرز گرفتار

پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو ویلنشیا سمیت مختلف علاقوں سے گرفتار کیا

لاہور (این این آئی) چوہنگ پولیس نے معروف یوٹیوبر رجب بٹ کے گھر پر ہونے والی فائرنگ کے واقعے کا معمہ حل کرتے ہوئے واردات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کرنے والے موٹر سائیکل سوار شوٹرز کی شناخت کاشف چوہان اور فرخ کے نام سے ہوئی ہے، جنہوں نے ابتدائی تفتیش میں انکشاف کیا ہے کہ وہ شانی ٹائیگر نامی شخص کے کہنے پر یہ اقدام کر رہے تھے۔ مزید تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ واردات کے دوران شوٹرز کے ساتھ ایک کار میں دو دیگر افراد، عثمان اور لقمان بھی موجود تھے جو منصوبہ بندی کا حصہ تھے۔ چوہنگ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعہ کی اصل وجہ رجب بٹ اور شہزاد بھٹی نامی نوجوان کے درمیان سوشل میڈیا پر ہونے والی تلخ کلامی بنی۔ پولیس کے مطابق شہزاد بھٹی نے شانی ٹائیگر سے رابطہ کر کے فائرنگ کروانے کا کہا جس پر اس نے شوٹرز کو یوٹیوبر کے گھر بھیجا۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو ویلنشیا سمیت مختلف علاقوں سے گرفتار کیا، ملزمان کو مزید تفتیش کے لیے سی سی ڈی کے سپرد کردیا گیا ہے۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو ویلنشیا سمیت مختلف علاقوں سے گرفتار کیا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو ویلنشیا سمیت مختلف علاقوں سے گرفتار کیا، ملزمان کو مزید تفتیش کے لیے سی سی ڈی کے سپرد کردیا گیا ہے۔

شادی شدہ اداکاروں کا نامناسب رویہ، علیزہ شاہ نے ڈراموں میں کام بند کردیا

صرف انہی پروجیکٹس کا حصہ بننا چاہتی ہیں جہاں عزت اور وقار سے پیش آیا جائے اور وقت پر ادائیگی یقینی ہو

کراچی (این این آئی) معروف اداکارہ علیزہ شاہ نے ڈراموں میں مسلسل غیر حاضری اور کام نہ کرنے کی حیران کن وجہ بتادی۔ فلم سپر اسٹار سے اپنے کیریئر کا آغاز کرنے والی ابھرتی ہوئی خوبرو اداکارہ علیزہ شاہ نے شوبز انڈسٹری میں خواتین کے ساتھ نامناسب سلوک، معاوضہ دینے میں تاخیر اور غیر پیشہ ورانہ رویے جیسے مسائل کو ڈراموں میں کام نہ کرنے کی وجہ بتایا۔ علیزہ شاہ نے انڈسٹری میں شادی شدہ مرد اداکاروں کے غیر مناسب رویے پر بھی کھل کر بات کی اور کہا کہ بعض افراد خواتین کے ساتھ غیر اخلاقی برتاؤ کرتے ہیں۔ اداکارہ علیزہ شاہ نے مزید بتایا کہ وہ اب صرف انہی پروجیکٹس کا حصہ بننا چاہتی ہیں جہاں ان کے ساتھ عزت اور وقار سے پیش آیا جائے اور وقت پر ادائیگی یقینی ہو۔ علیزہ شاہ نے شکوہ کیا کہ کئی بار اپنی محنت کی کمائی کے لیے تین سے چار ماہ تک انتظار کرنا پڑا تھا۔ بارہا اپنی ہی رقم مانگنی پڑتی ہے تب جا کر کہیں ادائیگی ہوتی ہے۔ میں اب صرف اسی جگہ کام کروں گی جہاں مجھے میرا حق وقت پر دیا جائے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ سوشل میڈیا پر ان کے لباس پر تنقید کی جاتی ہے حالانکہ انہوں نے کبھی کسی غلط طریقے سے کام حاصل کرنے کی کوشش نہیں کی۔

معروف بالی وڈ اداکار نے ہمیشہ کیلئے بھارت چھوڑ دیا

ممبئی: (ویب ڈیسک) بالی وڈ کے اداکار شائنی اہوجا نے ہمیشہ کیلئے بھارت چھوڑ دیا۔ شائنی اہوجا نے فلمی کیریئر کا آغاز 2005 میں فلم ہزاروں خواہشیں ایسی سے کیا اور پہلی فلم میں بہترین ڈینیو اداکار کا ایوارڈ لے اڑے تھے۔ اس کے بعد فلم گینگسٹر میں اداکاری کی اور شہرت کی بلندیوں پر پہنچ گئے۔ بالی وڈ اداکار نے ایک کے بعد ایک فلم کی لیکن جون 2009 میں ان کو اپنی ملازمہ سے جنسی زیادتی کے الزام میں گرفتار کیا گیا اور بعد میں 7 سال قید کی سزا بھی سنائی گئی۔ بعد ازاں اداکار نے 2015 میں فلم ویلکم بیک میں کام کیا لیکن انہیں انڈسٹری میں کام نہیں ملا اور وہ فلمی دنیا سے دور ہوگئے۔ گزشتہ دنوں 50 سالہ شائنی اہوجا کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہونے لگیں تو نئے انکشافات سامنے آئے۔ رپورٹس کے مطابق شائنی اہوجا 2021 میں بھارت چھوڑ چکے ہیں اور فلپائن کے شہر فیلا میں فیملی کے ہمراہ مستقل رہائش پذیر ہیں۔ رپورٹس کے مطابق بالی وڈ اداکار فلپائن میں گارمنٹس کا بزنس کررہے ہیں۔

اداکارہ حمیرا اصغر کے فلیٹ سے پولیس کو نئے ثبوت مل گئے

اداکارہ کے کپڑے بھی فلیٹ سے لیکر کیمیکل تجزیے کے لیے بھیجے جائیں گے

کراچی (این این آئی) اداکارہ و ماڈل حمیرا اصغر کے فلیٹ سے پولیس کو نئے ثبوت مل گئے۔ پولیس کو حمیرا کے فلیٹ میں 3 سے 4 جگہ پر مٹی کے برتن رکھا سفید پاؤڈر ملا جس کے بعد پولیس نے اس پاؤڈر کو کیمیکل تجزیے کے لیے لیبارٹری بھیجنے کا فیصلہ کرلیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق بظاہر اتنی جگہوں پر سفید پاؤڈر رکھنے کی کوئی وجہ سامنے نہیں آئی۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ کیمیکل تجزیہ کے بعد ہی معلوم ہوسکے گا کہ سفید پاؤڈر کیا ہے اور پولیس اب تک اس بات کی کھوج میں ہے کہ لاش کی بدبو کیوں نہیں پھیلی؟ ممکنہ طور پر سفید پاؤڈر کی وجہ سے لاش کی بدبو نہ پھیلی ہو۔ پولیس ذرائع کے مطابق اداکارہ کے کپڑے بھی فلیٹ سے لیکر کیمیکل تجزیے کے لیے بھیجے جائیں گے۔ واضح رہے کہ 8 جولائی کو اداکارہ حمیرا اصغر کی لاش کراچی کے علاقے ڈیفنس فیز 6 میں ایک فلیٹ سے ملی تھی اور وہ گزشتہ 7 سال سے اس فلیٹ میں مقیم تھیں۔

یک طرفہ چیز محبت نہیں ہوتی بلکہ وہ اذیت ہوتی ہے، محبت میں مجھے دھوکہ مل چکا ہے، اداکارہ زینب مظہر

خود بھی دراز قد ہوں تو خواہش ہے شریک حیات بھی دراز قد ہو، خواہش ہے بلال عباس یا فواد خان کی طرح دکھنے والا شوہر ملے

کراچی (این این آئی) ابھرتی ہوئی اداکارہ زینب مظہر نے انکشاف کیا ہے سنبھل چکی ہیں۔ اداکارہ نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں مختلف معاملات پر کھل کر ریڈیو سے بطور میزبان کیریئر کا آغاز کیا تھا، اس وقت وہ یونیورسٹی کی طالبہ گیا، لوگ اس میں فون کر کے محبت کے مشورے تک مانگتے تھے۔ ایک سوال کے وہ کچھ نہ کچھ بننا چاہتی تھیں۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ اداکاری شروع کرنے کے بعد حقیقی زندگی میں کرنے کا انہیں موقع نہیں ملتا۔ ان کے مطابق بعض اوقات حقیقی سب کچھ کیا جاسکتا ہے۔ یک طرفہ محبت کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ دراصل کسی سے یک طرفہ محبت نہیں ہوئی اور اگر انہیں کبھی کسی سے محبت ہوئی تو وہ انہیں بتا انہیں پسند نہیں آئے تو وہ انہیں صاف منع کردیں گی۔ اسی موضوع پر بات کرتے نے بتایا کہ دھوکا دینے والے شخص نے بظاہر مجبوری کا بہانا کیا لیکن بعد میں انہیں مظہر نے اعتراف کیا کہ دل ٹوٹنے پر انہیں تکلیف ہوئی اور کافی وقت تک وہ درد برداشت کرتی رہیں لیکن اب وہ خوش ہیں۔ ہونے والے شریک حیات سے متعلق پوچھے گئے سوال پر اداکارہ کا کہنا تھا کہ وہ خود بھی دراز قد ہیں تو ان کی خواہش ہے کہ ان کا ہونے والے شریک حیات بھی دراز قد ہو۔ انہوں نے بتایا کہ ان کی خواہش ہے کہ انہیں بلال عباس یا فواد خان کی طرح دکھنے والا شوہر ملے۔ کہ انہیں بھی محبت میں دھوکا ملا، بے وفائی پر انہیں کافی تکلیف ہوئی لیکن اب وہ بات کی۔ پروگرام کے دوران بات کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ انہوں نے تھیں۔ ان کے مطابق انہوں نے ریڈیو پر لوگو نامی شو کیا تھا، جسے کافی پسند کیا جواب میں زینب مظہر نے بتایا کہ اگرچہ انہیں اداکاری کا شوق نہیں تھا لیکن ہمیشہ انہیں سکون ملا، اداکاری کے دوران وہ بہت سارے ایسے کام کرلیتی ہیں، جنہیں زندگی میں انسان رونا اور ہنسنا چاہتا ہے لیکن ایسا کر نہیں پاتا لیکن اداکاری میں یہ یک طرفہ چیز محبت نہیں ہوتی بلکہ وہ اذیت ہوتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انہیں کبھی دیں گی۔ زینب مظہر نے کہا کہ اگر کسی کو ان سے یک طرفہ محبت ہوگئی اور وہ شخص ہوئے اداکارہ نے اعتراف کیا کہ انہیں بھی محبت میں دھوکا مل چکا ہے۔ انہوں احساس ہوا کہ انہوں نے منصوبہ بندی کے تحت ان سے بے وفائی کی۔ زینب

لندن: جیمس فولی دی ساوائے تھیٹر میں ''برلیسکیو: دی میوزیکل'' کے لیے ایک فوٹو کال میں شرکت کررہی ہے

لندن: جارجیا مارینوسیٹ سینی ورلڈ لیسٹر اسکوائر میں ''دی نیکڈ گن'' یو کے پریمیئر میں شرکت کی

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

میونسپل کمیٹی حافظ آباد میں خواتین کے لیے وویمن فسیلی ٹیشن سینٹر کا قیام لوکل گورنمنٹ کی جانب سے ایک قابلِ تحسین اقدام قرار دیا جارہا ہے

اس مرکز کے قیام سے خواتین کو میونسپل امور سے متعلق اپنے مسائل کے حل میں خاطرخواہ سہولت حاصل ہورہی ہے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) میونسپل کمیٹی حافظ آباد میں خواتین کے لیے وویمن فسیلی ٹیشن سینٹر کا قیام لوکل گورنمنٹ کی جانب سے ایک قابل تحسین اقدام قرار دیا جا رہا ہے، جو وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ××ستھرا پنجاب×× وژن کی عملی شکل ہے۔ اس مرکز کے قیام سے خواتین کو میونسپل امور سے متعلق اپنے مسائل کے حل میں خاطرخواہ سہولت حاصل ہو رہی ہے۔ سینٹر کے دورے کے موقع پر فوکل پرسن اقصیٰ رشید اور انچارج مس ارسا نے معروف سماجی کارکنان ساجدہ فریاد اور نگہت خان کا استقبال کیا اور سینٹر کی افادیت پر تفصیلی گفتگو کی۔ انہوں نے بتایا کہ اس مرکز کے ذریعے خواتین بغیر کسی جھجک کے اپنے مسائل براہِ راست متعلقہ حکام تک پہنچا سکتی ہیں، جن میں گلیوں و نالیوں کی صفائی، کوڑا کرکٹ کی بروقت نکاسی، بچوں کی پیدائش کے اندراج، کمپیوٹرائزڈ نکاح نامہ کے حصول، بلڈنگ نقشہ جات کی فراہمی، سٹریٹ لائٹس کی تنصیب و مرمت اور نکاسی آب کے دیگر مسائل شامل ہیں۔ سماجی کارکن ساجدہ فریاد اور نگہت خان نے اس موقع پر کہا کہ سب سے خوش آئند بات یہ ہے کہ سنٹر کی انچارج بھی ایک خاتون ہیں، جو خواتین سے ہمدردی اور افہام و تفہیم کے جذبے کے ساتھ ان کے مسائل کو سنتی اور ان کے حل کو یقینی بناتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سہولت سینٹر کے قیام کے بعد خواتین میں شعور اجاگر ہو رہا ہے اور وہ میونسپل کمیٹی سے متعلق معاملات میں خود رجوع کر کے مسائل کے حل کی جانب قدم بڑھا رہی ہیں۔ عوامی و سماجی حلقوں نے اس سہولت مرکز کے قیام کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے توقع ظاہر کی ہے کہ اس ماڈل کو دیگر علاقوں میں بھی وسعت دی جائے گی تاکہ خواتین کو بلدیاتی نظام میں فعال کردار ادا کرنے کا موقع ملے۔

لالیاں پریس کلب کے صدر رانا محمد اکرام اللہ وفد سمیت مبارک باد دینے انکے گھر پہنچ گئے

لالیاں پریس کلب کے انفارمیشن سیکرٹری محمد عمران عمرہ کی ادائیگی کے بعد وطن واپس پہنچ گئے

لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) لالیاں پریس کلب کے انفارمیشن سیکرٹری محمد عمران عمرہ کی ادائیگی کے بعد وطن واپس پہنچ گئے، لالیاں پریس کلب کے صدر رانا محمد اکرام اللہ وفد سمیت مبارک باد دینے انکے گھر پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق لالیاں پریس کلب کے انفارمیشن سیکرٹری محمد علی عمران عمرہ ادائیگی کے بعد گھر پہنچ گئے۔ اسی حوالے سے مبارک باد دینے کے لئے لالیاں پریس کلب کے صدر رانا محمد اکرام اللہ کی قیادت میں وفد انکے گھر پہنچا۔ جہاں پر انہیں پھولوں کے ہار اور گلدستہ اور مٹھائی پیش کیا اور عمرہ کی ادائیگی پر مبارک باد پیش کی۔ اس موقع پر سینئر وائس چیرمین انصر چھینہ۔ جنرل سیکرٹری غلام جلال الدین۔ سینئر نائب صدر قاسم قادری۔ وائس چیرمین کاشف ظفر لالی۔ نائب صدر غلام نصیر الدین۔ نائب صدر شیخ شعیب۔ سیکرٹری فنانس سید علی مشتاق کاظمی سمیت دیگر موجود تھے جنہوں نے حاجی علی عمران کو عمرہ ادائیگی پر مبارک باد دی اور دعا کرائی۔

غیر قانونی پٹرول پمپس اور پیمانے میں کمی کرنے والے اداروں کے خلاف سخت ایکشن



ساہیوال (مہر اے ڈی لیسم سپرا سے) اسٹنٹ کمشنر ساہیوال ماہم واحد نے بونگہ حیات روڈ اور اڈا 73 فائیو ایل پر اچانک کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی پٹرول پمپس اور پیمانے میں کمی کرنے والے اداروں کے خلاف سخت ایکشن لیا۔ کارروائی کے دوران ایک پٹرول پمپ کو نامکمل دستاویزات کی بنیاد پر سیل، ایک کو پیمانے میں کمی کی بنا پر جرمانہ جبکہ تیسرے پمپ پر قانونی تقاضے پورے نہ ہونے پر جرمانہ عائد کیا گیا۔ اس کے علاوہ ایک غیر قانونی آئل ایجنسی کو فوری طور پر بند کر دیا گیا۔ معائنہ کے دوران پٹرول پمپس پر پیمانوں کی درستگی، سیفٹی اقدامات، فائر فائٹنگ سسٹمز اور متعلقہ این او سیز کی جانچ کی گئی۔ اسٹنٹ کمشنر ماہم واحد کا کہنا تھا کہ ایسی سرگرمیاں نہ صرف قانون شکنی بلکہ عوامی اعتماد کے ساتھ کھلا دھوکہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام مالکان کو وارننگ دی گئی ہے کہ وہ مقررہ معیار اور قواعد و ضوابط پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنائیں بصورت دیگر مستقبل میں مزید سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ایسے عناصر کی نشاندہی میں ضلعی انتظامیہ سے تعاون کریں تاکہ ذخیرہ اندوزی، کم ناپ تول اور غیر قانونی کاروبار کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

ڈائریکٹر جنرل پاسپورٹ اور زونل ہیڈ سنٹرل پنجاب کی ہدایت پر پاسپورٹ آفس جھنگ کے باہر بیٹھے ٹاؤٹ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کیا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل پاسپورٹ اور زونل ہیڈ سنٹرل پنجاب کی ہدایت پر پاسپورٹ آفس جھنگ کے باہر بیٹھے ٹاؤٹ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کیا گیا تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز ڈائریکٹر جنرل پاسپورٹ اسلام آباد مصطفی جمال قاضی اور زونل ہیڈ سنٹرل پنجاب خالد عباس کی ہدایات کی روشنی میں پنجاب پولیس جھنگ کے تعاون سے انچارج پاسپورٹ شہزادہ علی عمران کی جانب سے پاسپورٹ آفس جھنگ کے باہر ٹاؤٹ مافیا کے خلاف ایک بھرپور کریک ڈاؤن کیا گیا جس سے ٹاؤٹ مافیا اپنی دکانیں چھوڑ کر بھاگ نکلے اس موقع پر انچارج پاسپورٹ آفس جھنگ شہزادہ علی عمران نے کہا کہ ایسے ٹاؤٹ مافیا کی حوصلہ شکنی کی جائے گی اور آئندہ بھی ٹاؤٹ مافیا کے خلاف کارروائی جاری رکھی جائے گی انہوں نے کہا کہ میرے آفس کے دروازے بلا تفریق معزز شہریوں کیلئے کھلے ہیں وہ جس وقت چاہیں دفتری اوقات کار میں پاسپورٹ سے متعلقہ مجھ سے مشورہ حاصل کر سکتے ہیں اگر میرا ماتحت عملہ بھی کسی سائل سے رقم کا تقاضا کرے تو اس کی اطلاع مجھے کی جائے یقیناً اس کی دادرسی کی جائے گی

شہدائے پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

تقریب میں سکول کے بچوں نے شہداء کی قربانیوں کو اجاگر کرنے کے لیے شاندار ٹیبلو ڈرامہ پرفارم کیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) پولیس کے زیر اہتمام مقامی مارکی میں شہدائے پولیس کو خراج



تحسین پیش کرنے کے لیے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی، ڈپٹی کمشنر جھنگ علی اکبر بھنڈر، جیل سپرنٹنڈنٹ علی اکبر گجر، شہدائے پولیس کے لواحقین، سیاسی وسماجی شخصیات، پولیس افسران، سکول وکالجز کے پرنسپلز، وکلاء، ڈاکٹرز، انجمن تاجران اور میڈیا نمائندگان نے شرکت کی تقریب میں سکول کے بچوں نے شہداء کی قربانیوں کو اجاگر کرنے کے لیے شاندار ٹیبلو ڈرامہ پرفارم کیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جھنگ علی اکبر بھنڈر اور ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ ہم شہدائے پولیس کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنے لہو سے وطن کی آبیاری کی شہدائے پولیس کی قربانیاں محکمہ پولیس کے لیے مشعل راہ ہیں ہمیں شہداء پولیس کی فیملیز سے الگ نہ سمجھا جائے کیونکہ آپ سب ہمارے گھر کے فرد کی حیثیت رکھتے ہیں اور محترم ہیں انہوں نے کہا کہ عوام کی جان ومال کی عزت وآبرو کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کر نیوالے شہداء ہمیشہ ہمارے دلوں میں زندہ رہیں گے انہوں نے کہا کہ شہداء پولیس کی فیملیز کو کوئی بھی مسئلہ درپیش ہو تو آپ لوگوں کی مدد کے لیے ہم ہمہ وقت حاضر ہیں پروگرام کے آخر میں ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی اور ڈی سی علی اکبر بھنڈر نے شہدائے پولیس کی فیملی میں تحائف بھی تقسیم کیے یادگار شہداء پر حاضری دی پھولوں کی چادر چڑھائی اور شہداء پولیس کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اس دوران شہداء پولیس کے لواحقین کو پولیس کے چاق وچوبند دستے نے سلامی پیش کی

سابق وزیر مملکت مذہبی امور پیر محمد امین الحسنات شاہ صاحب کو سنی سپریم کونسل پاکستان کا چیئرمین منتخب کرلیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سابق وزیر مملکت مذہبی امور پیر محمد امین الحسنات شاہ صاحب کو سنی سپریم کونسل پاکستان کا چیئرمین منتخب کر لیا گیا۔ پاکستان فلاح پارٹی انکو مبارکباد پیش کرتی ہے موجودہ دگرگوں حالات میں یہ انتخاب اہلسنت کے لئے بالخصوص اور مختلف مذہبی قوتوں کے لئے باعث اعزاز ہے۔ پاکستان فلاح پارٹی کے سینئر وائس چیئرمین سید آفتاب عظیم بخاری نے پیر محمد امین الحسنات شاہ کو ××سنی سپریم کونسل×× کا چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ پیر امین الحسنات شاہ صاحب کا انتخاب اہلِ سنت کے لیے خوشی، فخر، اور امید کا پیغام لے کر آیا ہے۔ پیر صاحب کی علمی، روحانی اور ملی خدمات کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ انہوں نے ہمیشہ اعتدال، رواداری اور علمی استقامت کا علم بلند رکھا۔ ان کی خطابت، تحریر اور روحانی تربیت نے ہزاروں دلوں کو حق کی راہ دکھائی ہے۔ ان کی قیادت میں جماعتی نظم و نسق کو وسعت ملی اور نوجوان نسل کو اہل سنت کے عقائد سے جوڑا گیا۔ آپ کی دینی، ملی، علمی اور روحانی خدمات کا دائرہ بہت وسیع اور روشن ہے۔

شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی: ڈپٹی کمشنر چکوال

پنجاب پولیس کے شہداء عوام کے جان ومال کے تحفظ اور قانون کی بالادستی کے لئے اپنی جانوں کے نذرانے دینے والے عظیم لوگ ہیں

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے کہا ہے کہ پنجاب پولیس کے شہداء عوام کے جان ومال کے تحفظ اور قانون کی بالادستی کے لئے اپنی جانوں کے نذرانے دینے والے عظیم لوگ ہیں۔ شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ پولیس چکوال کے زیر اہتمام شہداء پولیس کے قومی دن کے موقع پر مقامی ہال میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں سابق سینیٹر جنرل (ر) عبدالقیوم اعوان، ممبران صوبائی اسمبلی پنجاب ملک فلک شیر اعوان و مہوش سلطانہ راجہ، ڈی پی او لیفٹیننٹ ر احمد محی الدین، معروف سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر، ضلعی انتظامیہ و پولیس کے افسران سمیت شہداء کے لواحقین ان کی فیملیز نے شرکت کی۔ سینیٹر اور ممبران صوبائی اسمبلی پنجاب نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شہداء کو خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے عوام کو تحفظ فراہم کیا۔ انہوں نے ان والد، ماؤں، بہنوں، بیویوں اور بیٹیوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کے پیاروں نے فرائض کی ادائیگی بجا آوری کے لئے اپنے ملک و قوم کی حفاظت کے لئے شہادت کو قبول کیا۔ ڈی پی او لیفٹیننٹ ر احمد محی الدین نے اپنے خطاب میں کہا کہ پنجاب پولیس چکوال کے شہداء قوم کے ماتھے کا جھومر ہیں جنہوں نے اپنے فرائض کی ادائیگی کے پیش نظر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے محکمہ پولیس کا سر فخر سے بلند کر دیا۔

حافظ آباد کے ریلوے روڈ پر پانچ مسلح ملزمان نے ڈنڈے سوٹوں سے حملہ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کے ریلوے روڈ پر پانچ مسلح ملزمان نے ڈنڈے سوٹوں سے حملہ کرکے ایک شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق باجوڑ کے رہائشی پٹھانوں نے ریلوے روڈ پر جوتیوں کی دوکانیں بنا رکھی ہیں جہاں گذشتہ روز انکا برف فروش دوکاندار سے جھگڑا ہوا تو اس دوران عمر حیات ولد محمد حسین منہاس نے انہیں چھڑانے کی کوشش کی تو مسلح پٹھان جن میں عمیر خان، زاہد خان، خالد، نصیر وغیرہ شامل تھے انہوں نے ڈنڈوں سوٹوں سے عمر حیات پر حملہ کر دیا جس سے وہ موقع پر دم توڑ گیا جبکہ پٹھان/ملزمان فرار ہو گئے۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی غازی آباد میں ناجائز قابضین کے خلاف کاروائی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی غازی آباد میں ناجائز قابضین کے خلاف کاروائی، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید کی زیر نگرانی اینٹی انکروچمنٹ ٹیم نے غازی آباد میں سرکاری اراضی کو واگزار کروانے کے لیے مقبوضہ جگہ پر نشانات لگادیے اور ناجائز قابضین کو ایک دن میں سرکاری اراضی کو خالی کرنے کے احکامات جاری کر دیے، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق ضلع بھر میں سرکاری اراضی کو ناجائز قابضین سے واگزار کرنے کے لیے سخت اقدامات اٹھائے جائیں گے اور ان کے خلاف بلاتفریق کاروائیاں کرتے ہوئے ضلع بھر کو قبضہ مافیا سے پاک کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے اور اس سلسلہ میں کسی قسم کے دباؤ کو ہرگز خاطر میں نہیں لایا جائے گا۔

یوم شہداء پولیس کے موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عاطف نذیر کی ہدایت پر ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر کی زیر صدارت جمخانہ ہال حافظ آباد میں ایک پُروقار اور پُراثر تقریب منعقد کی گئی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) یوم شہداء پولیس کے موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عاطف نذیر کی ہدایت پر ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر کی زیر صدارت جمخانہ ہال حافظ آباد میں ایک پُروقار اور پُراثر تقریب منعقد کی گئی، جس میں پولیس شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور ان کی لازوال قربانیوں کو سراہا گیا۔ تقریب میں شہداء کی فیملیز، پولیس افسران و اہلکاروں سمیت زندگی کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ پروگرام کا بنیادی مقصد ان شہداء کی قربانیوں کو یاد رکھنا تھا جنہوں نے ملک وملت کی خاطر اپنی جانیں نچھاور کر دیں۔ ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر حافظ آباد نے اس موقع پر شہداء کی فیملیز سے فرداً فرداً ملاقات کی، ان کے ساتھ محبت و عقیدت کا اظہار کیا اور ان کے اعزاز میں تحائف بھی پیش کیے۔ بعد ازاں شرکاء کے لیے ایک شایانِ شان ضیافت کا اہتمام بھی کیا گیا۔

مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ اور ہارون اینڈ دلاور لاء چیمبرز نے معروف قانون دان اور پنجاب بار کونسل لاہور سیٹ کے امیدوار مدثر شفیق بٹ ایڈووکیٹ کے اعزاز میں مقامی ہال میں ظہرانہ دیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ اور ہارون اینڈ دلاور لاء چیمبرز نے معروف قانون دان اور پنجاب بار کونسل لاہور سیٹ کے امیدوار مدثر شفیق بٹ ایڈووکیٹ کے اعزاز میں مقامی ہال میں ظہرانہ دیا جس میں ڈسٹرکٹ بار شیخوپورہ کے سابق صدور زاہد سعید چوہدری، عظمت علی سدھو، میاں سجاد باقر ڈوگر، سیکرٹری بار نسیم حسن بھٹی، سابق سیکرٹریز بار چوہدری عباس علی چھینہ، میاں علی بشیر، سینئر وکیل چوہدری غلام رسول، آئی ایل ایف کے صدر چوہدری وقار حمید گجر، سہیل احمد ورک، فیصل بشیر ولانہ، جواد احمد، آمنہ شہادت بھٹی، حافظ رانا طارق محمود، مظاہر حسین بٹ، ملک طاہر تنگ، رکن پنجاب اسمبلی سردار سرفراز احمد ڈوگر، نواز لیگ کے سینئر رہنما چوہدری شہباز چھینہ، صدر پریس کلب مبشر حسن بٹ، سابق صدر رانا محمد عثمان و دیگر وکلاء اور صحافیوں نے شرکت کی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مدثر بٹ ایڈووکیٹ نے کہا کہ ان شاء اللہ وہ کامیاب ہو کر بلا امتیاز و تفریق وکلاء برادری کے اجتماعی و انفرادی مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ آئین و قانون کی بالادستی عدلیہ و میڈیا کی آزادی انصاف کی بروقت فراہمی و کالے کوٹ کے تقدس کی فراہمی کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے ملک کے موجودہ حالات میں وکلاء برادری اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے تاکہ معاشرے میں ظلم و ناانصافی ختم کر کے انصاف اور تحفظ کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے، انہوں نے کہا کہ انہوں نے ہمیشہ وکلاء برادری کی سیاست کو اپنا طرہ امتیاز بنایا ہے ان کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی و ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی کیونکہ یہ معاشرے کا ایک ایسا باثر طبقہ ہیں جو عام آدمی کے حقوق کے تحفظ کیلئے اپنا جاندار کردار ادا کر سکتا ہے

قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس شہداء ہمارے ہیرو ہیں: کمشنر ساہیوال

ساہیوال (مہر اے ڈی لیسم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا ہے کہ

عوام کی جان و مال کی حفاظت کرتے ہوئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس شہداء ہمارے ہیرو ہیں۔ قابل تحسین ہیں وہ خاندان جن کے سپوتوں نے عوام کے جان و مال کی حفاظت میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے یہ بات یوم شہداء پولیس کے موقع پر شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے منعقدہ ایک خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں ممبران صوبائی اسمبلی نوید اسلم خان لودھی، پیر ولائت شاہ کھگہ اور رانا ریاض احمد، ڈپٹی کمشنر شاہد محمود، ڈی پی او رانا طاہر الرحمن، ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، پولیس افسران، سول سوسائٹی، انجمن تاجران، علما کرام، صحافی اور شہدا کی فیملیز نے شرکت کی۔ تقریب کے شرکاء کی جانب سے پولیس شہداء کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور بلندی درجات کے لئے فاتحہ خوانی بھی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں امن و امان نافذ کرنے کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہدا کے خاندان ہمارے لئے قابل قدر ہیں انہیں کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری دفاتر کے دروازے شہداء کے خاندانوں کے لئے ہمیشہ کھلے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر الرحمن نے کہا کہ قوموں کی سلامتی شہداء کے خون کے باعث ممکن ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس سمیت پوری قوم شہداء پولیس کو خراج تحسین پیش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم شہداء پولیس کے موقع پر دہشت گردی کے نتیجے میں شہید ہونے والے دھرتی کے ان سپوتوں کو سرخ سلام پیش کرتے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی انتظامیہ کے افسران کا اجلاس

اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد تحسین وسطرو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب ودیگر موجود تھے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی انتظامیہ کے افسران کا اجلاس، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد تحسین وسطرو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر، اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ رب نواز، اسسٹنٹ کمشنر ایچ آر انور محمد، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ مرغوب حسین ڈوگر، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شہباز سکھیرا، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید، ایس این اے افضال حسین بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوامی بہتری کے لیے وزیراعلیٰ پنجاب کے گڈ گورننس اقدامات پر مکمل طور پر عمل درآمد عوام کے لیے آسانیاں پیدا کی جائیں، صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات، ریونیو سروسز کی فراہمی، جشن آزادی تقریبات اور تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز کاروائیوں کے لیے اقدامات کیے جائیں اور عوام کی بہتری اور انہیں سہولیات کی فراہمی میں کے ساتھ

پولیس شہداء ڈے 4 اگست 2025 کو انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا

پولیس اہلکاروں کی جانب سے اسلامی پیش بھی پیش کی گئی، جس نے محفل کو روحانی ماحول فراہم کیا



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) ملک بھر کی طرح میاں چنوں میں بھی پولیس شہداء ڈے 4 اگست 2025 کو انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا، تقریب کی نگرانی ڈی ایس پی میاں ممتاز احمد نے کی، تقریب کا آغاز قرآن خوانی سے ہوا، جس کے بعد شہداء کے درجات کی بلندی اور ان کے لواحقین کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ اس موقع پر پولیس شہداء کی لازوال قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا، پولیس اہلکاروں کی جانب سے اسلامی پیش بھی پیش کی گئی، جس نے محفل کو روحانی ماحول فراہم کیا۔ تقریب میں شریک افراد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پولیس کے شہداء قوم کا سرمایہ ہیں، اور ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

زندہ قومیں یوم آزادی دھوم دھام سے مناتی ہیں: چوہدری جاوید اقبال گورائیہ

ہمارے آباؤ اجداد نے خون دے کر وطن حاصل کیا لاکھوں جانیں دے کر اسلامی جمہوریہ پاکستان کی بنیاد رکھی گئی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) زندہ قومیں یوم آزادی دھوم دھام سے مناتی ہیں ہمارے آباؤ اجداد نے خون دے کر وطن حاصل کیا لاکھوں جانیں دے کر اسلامی جمہوریہ پاکستان کی بنیاد رکھی گئی نئی نسل کو اقبال کے خواب اور قائداعظم محمد علی جناح کی تکمیل سے روشناس کروانے کی ضرورت ہے، جشن آزادی نوجوان نسل کو آزادی کی اہمیت سے روشناس کروانے کا موقع ہے ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت پاکستان مسلم لیگ کے ضلعی صدر چوہدری جاوید اقبال گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ 14 اگست کو شجر کاری مہم شروع کی جائے زیادہ سے زیادہ پودے لگائے جائیں ہر پاکستانی اپنے خاندان کے ایک ایک فرد کے نام سے پودے لگائے تاکہ ان کی اہمیت سے فائدہ اٹھایا جاسکے موجودہ موسمیاتی اثرات کے پیش نظر زیادہ سے زیادہ درخت لگانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔

سی سی ڈی پنجاب میں مثالی کام کر رہی ہے: چوہدری اورنگزیب گورائیہ

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پنجاب کا نقشہ تبدیل کرنے کیلئے اربوں روپے کے فنڈز جاری کیے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سی سی ڈی پنجاب میں مثالی کام کر رہی ہے وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے پنجاب کا نقشہ تبدیل کرنے کیلئے اربوں روپے کے فنڈز جاری کیے ٹرانسپورٹ کی بہترین سہولیات دی جارہی ہیں تھانہ اور بدمعاشی کلچر کو ختم کیا جا رہا ہے پنجاب حکومت دن رات ایک کر کے عوام کی خدمت میں مصروف ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے چوہدری اورنگزیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ مریم نواز پنجاب کی کامیاب ترین وزیراعلی ثابت ہوئی ہیں جنہوں نے اپنے والد اور چچا کے نقش قدم پر عمل کرتے ہوئے پنجاب کو ترقی یافتہ ممالک کی طرح بنانے کیلئے عملی اقدامات کا آغاز کیا طلباء کسانوں اور مڈل کلاس طبقے سمیت ہر کسی کیلئے مختلف سکیمیں نکالیں تاکہ لوگوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا جاسکے۔

5 اگست فیصلہ کن دن ہوگا پی ٹی آئی لیڈرشپ کو جبری سزائیں دینے کی مذمت کرتے ہیں: چوہدری فیصل حیات پنوں

ایسا آمریت کے دور میں بھی نہیں ہوتا جیسا موجودہ دور حکومت میں کیا جارہا ہے صرف ایک شخص کو نیچا دکھانے کیلئے کا حد تک گر چکے ہیں

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) 5 اگست فیصلہ کن دن ہوگا پی ٹی آئی لیڈرشپ کو جبری سزائیں دینے کی مذمت کرتے ہیں ایسا آمریت کے دور میں بھی نہیں ہوتا جیسا موجودہ دور حکومت میں کیا جا رہا ہے صرف ایک شخص کو نیچا دکھانے کیلئے کا حد تک گر چکے ہیں پی ٹی آئی کو ختم کرنے کی خواہش کبھی پوری نہیں ہوگی عوام آج بھی عمران خان کے ساتھ ویسے ہی کھڑی ہے جیسے پہلے کھڑی تھی ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما چوہدری فیصل حیات پنوں نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ ہم حق کے ساتھ کھڑے ہیں عمران خان نے ملک کا نظام تبدیل کرنے کی بات کی عوام کو حق لینا سکھایا جاگیردارانہ نظام بدلنے کی کوشش کی جس کی سزا جھوٹے مقدموں اور جیل کی صورت میں دی جارہی ہے۔

پتوکی ہیڈ بلوکی سے نامعلوم خاتون کی لاش برآمد

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی ہیڈ بلوکی سے نامعلوم خاتون کی لاش برآمد۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی سرکل کے تھانہ سرائے مغل کی حدود میں دریائے راوی ہیڈ بلوکی سے خاتون کی نعش برآمد ہوئی پولیس کے مطابق نعش دروازہ نمبر 26 میں پھنسی ہوئی تھی نعش کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی جبکہ متوفیہ کی عمر 45 سے 40 سال کے لگ بھگ ہے۔

لڑکی کے ساتھ مبینہ زیادتی، ملزمان کا 5 روزہ ریمانڈ منظور

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) بس عملے کی ایک جواں سالہ لڑکی کے ساتھ مبینہ زیادتی کے افسوسناک واقعے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے× عدالت نے گرفتار تینوں ملزمان کو پانچ روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا ہے، پولیس کے مطابق دوران ریمانڈ ملزمان سے تفتیش کا دائرہ وسیع کیا جائے گا، شواہد اکٹھے کیے جائیں گے اور ڈی این اے ٹیسٹ سمیت دیگر قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے تاکہ مقدمے کو منطقی انجام تک پہنچایا جاسکے، واقعے کے بعد شہر بھر میں غم و غصے کی فضا ہے، جب کہ شہریوں نے ملزمان کو سخت سزا دینے کا مطالبہ کیا ہے، پولیس حکام کا کہنا ہے کہ متاثرہ لڑکی کو انصاف دلانے کے لئے ہر ممکن قانونی اقدام اٹھایا جارہا ہے۔

لاہور روڈ دولو والا سٹاپ کے قریب ڈمپر اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم، حادثے کے نتیجے میں ایک شخص جان بحق جبکہ ایک شدید زخمی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) لاہور روڈ دولو والا سٹاپ کے قریب ڈمپر اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم، حادثے کے نتیجے میں ایک شخص جان بحق جبکہ ایک شدید زخمی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم ڈیڈ باڈی اور زخمی کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر منتقل کر دیا جاں بحق ہونے والوں میں ظفر عباس ولد صمد شامل ہے جبکہ اللہ یار ولد احمد شیر زخمی ہے ریسکیو 1122 کے عملہ نے جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش کو ورثا کے حوالے کر دیا

نارنگ ریلوے اسٹیشن پر بکنگ کلرک نہ ہونے سے ریلوے کو نقصان کا سامنا

اسٹیشن ماسٹر کو بکنگ کلرک کی جگہ ٹکٹ فروخت کرنے پڑتے ہیں لیکن وہ ٹرین کی آمد سے 10,5 منٹ پہلے ٹکٹ گھر کھولتا ہے

نارنگ منڈی (نامہ نگار) نارنگ ریلوے اسٹیشن پر بکنگ کلرک نہ ہونے سے ریلوے کو نقصان کا سامنا اسٹیشن ماسٹر کو بکنگ کلرک کی جگہ ٹکٹ فروخت کرنے پڑتے ہیں لیکن وہ ٹرین کی آمد سے 10,5 منٹ پہلے ٹکٹ گھر کھولتا ہے جس کی وجہ سے بہت سے مسافر ٹکٹ نہیں خرید پاتے اور انہیں بغیر ٹکٹ سفر کر کے جرمانہ ادا کرنا پڑتا ہے مسافروں کا کہنا ہے کہ نارنگ ریلوے اسٹیشن پر بکنگ کلرک تعینات کیا جائے اور ٹکٹ گھر ٹرین آنے سے کم از کم 45 منٹ پہلے کھولا جائے تاکہ مسافروں کو ٹکٹ کے حصول کیلئے کسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے واضح رہے کہ محکمے کی عدم توجہ اور رکاوٹوں کے باوجود نارنگ ریلوے اسٹیشن ماہانہ تقریباً 60 سے 70 لاکھ روپے آمدن دے رہا اگر ٹکٹ گھر کو بروقت کھولا جائے اور بکنگ کلرک تعینات کیا جائے تو ماہانہ ایک کروڑ روپے سے زائد کی آمدن متوقع ہے جبکہ لاہور سے نارنگ بدوملہی ناروال سفر کرنے والے مسافروں نے لاہور اسٹیشن پر ٹکٹ گھر پر لمبی قطاریں لگوانے اور اوور چارجنگ کے خلاف وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی کی دبئی میں مڈل ایسٹ پالیسی اینڈ پلاننگ کے صدر ملک محمد اسحاق سے ملاقات

انسانی حقوق اور خصوصاً غزہ میں جاری اسرائیل کی بدترین جارحیت کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی کی دبئی میں مڈل ایسٹ پالیسی اینڈ پلاننگ کے صدر ملک محمد اسحاق سے ملاقات انسانی حقوق اور خصوصاً غزہ میں جاری اسرائیل کی بدترین جارحیت کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی اس موقع پر انسانی حقوق کی تنظیم کے معروف رہنما ملک محمد اسحاق نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ غزہ میں انسانی نسل کشی پر تشویش ہے انسانی تاریخ کا بدترین ظلم کیا جارہا ہے جس کی مثال نہیں ملتی خوراک کا بحران پیدا کر کے بھوک سے موت کے منہ میں پہنچایا جا رہا ہے غزہ اور کشمیر جیسے مسائل پر مضبوط حکمت عملی مرتب کرنے کی ضرورت ہے نارنگ منڈی کے حوالے سے بات چیت کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ نارنگ منڈی میری پہچان ہے جس کی فلاح و بہبود اور ترقی کیلئے ہمیشہ کوشاں رہتا ہوں۔

چکوال مائنز انسپکٹر اعظم سہیل ناقص سیفٹی انتظامات والی مائن بند کرنے میں ناکام

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ذرائع کے مطابق مائنز انسپکٹر اعظم سہیل سیاسی جماعتوں کے لوگوں کی مائنز بند کرنے سے ڈرنے لگے، اعظم سہیل بہت عرصہ تک چوآسیدن شاہ مائن ریسکیو میں بھی ڈیوٹی پر موجود رہے جس کی وجہ سے ہر لیز اونر سے تعلقات بننے کی وجہ سے بھی ایسی ناقص سیفٹی انتظامات والی مائنز بند کرنے سے گریز کر رہے ہیں ذرائع کے مطابق مائنز انسپکٹر اعظم سہیل خود بھی مائنز اونر رہے چکے ہیں

جہلم شرافت کا ایک خوبصورت پھول کملا گیا

جہلم (تحریر شعیب امجد شائق) جہلم شرافت کا ایک خوبصورت پھول کملا گیا ثاقب احسان جنجوعہ مینیجر نیشنل بنک آف پاکستان جسروٹ (جہلم) زندگی کے پیمانے بھرتے ہیں اور چھلک جاتے ہیں کہ قضاء وقدر کے خم کدے کا یہی دستور ہے مگر بعض پیمانے بھرنے سے پہلے ہی چھلک جاتے ہیں کہ جنہیں دیکھ کر بہت سوں کی آنکھیں بھیگ جاتی ہیں پھول وہی ہیں جسے بکھرنے سے پہلے ہی ٹہنی سے نوچ لیا جائے بعد میں اسے پھول سمجھ کر کوئی نہیں چنتا بلکہ کیاری صاف کرتے وقت اسے ایک طرف ہٹا دیا جاتا ہے یہاں ہوا کا جھونکا اس کے پتوں کو ایک ایک کر کے بکھیر دیتا ہے اور وہ نہ نازک ہاتھوں کے مسل کا شرف حاصل کرتا ہے اور نہ کسی کی زلفوں کی زینت بنتا ہے 24 جولائی 2025 بروز جمعرات گلشن جنجوعہ کا ایک کھلا ہوا پھول ثاقب احسان جنجوعہ مینیجر نیشنل بنک آف پاکستان جسروٹ اس فانی دنیا سے کوچ کر گئے انکی یاد میں گزشتہ روز تعزیتی ریفرنس منعقد کیا گیا اس موقع پر قرآن خوانی کی گئی اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لیے خصوصی دعا کی گئی اس موقع پر نیشنل بنک کے افسران و ملازمین کی کثیر تعداد موجود تھی۔

ٹی ایچ کیو اسپتال میاں چنوں میں لیبارٹری عملے کی جانب سے ایک شہری پر مبینہ تشدد کا الزام

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) ٹی ایچ کیو اسپتال میاں چنوں میں لیبارٹری عملے کی جانب سے ایک شہری پر مبینہ تشدد کا الزام، متاثرہ شہری بلال اپنی بہن کرن ناز کو ڈیلوری آپریشن کے لئے اسپتال لایا تھا، جہاں خاتون ڈاکٹر نے خون کا کراس میچ سرکاری لیبارٹری سے کرانے کی ہدایت دی، شہری کے مطابق لیب اٹینڈنٹ محبوب نے اُسے پرائیویٹ لیب سے ٹیسٹ کروانے کا مشورہ دیا، جس پر بلال نے اسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) ڈاکٹر نزیر ہراج کو شکایت درج کرائی، شکایت کے بعد محبوب اور اس کے ساتھیوں نے مبینہ طور پر شہری پر حملہ کیا، کپڑے پھاڑ دیے، گالم گلوچ کی اور تشدد کا نشانہ بنایا، بلال کا مزید کہنا ہے کہ پرائیویٹ ٹرینی عملہ بھی اس واقعے میں ملوث تھا، ایم ایس ڈاکٹر نزیر ہراج نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے انکوائری کمیٹی قائم کر دی ہے اور یقین دہانی کرائی ہے کہ متاثرہ شہری کو انصاف فراہم کیا جائے گا، واقعے کے بعد اسپتال عملے کی جانب سے مریضوں کو پرائیویٹ لیبز ریفر کیے جانے کے عمل پر شدید تحفظات کا اظہار کیا جا رہا ہے، رابطہ کرنے پر لیبارٹری عملے نے الزام کو بے بنیاد قرار دے دیا۔

پتوکی پولیس کے سپوتوں نے عوام کی جان ومال کی حفاظت کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی پولیس کے سپوتوں نے عوام کی جان و مال کی حفاظت کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا پولیس اپنے شہداء کی فیملیز کیساتھ ہمیشہ کی طرح ساتھ کھڑی ہے۔ ان خیالات کا اظہار محمد سجاد اکبر ڈی ایس پی سرکل پتوکی نے گزشتہ شب 4 اگست یوم شہدا پولیس کے حوالے سے کچہری چوک میں شمعیں روشن کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایس ایچ اوز، تاجروں، سول سوسائٹی کے افراد، صحافیوں اور شہریوں نے شرکت کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے شہدا پولیس کو خراج عقیدت پیش کیا اور پولیس کیساتھ ملکر شمعیں روشن کیں جبکہ اس موقع پر ڈی ایس پی سرکل محمد سجاد اکبر کا کہنا تھا کہ پولیس کے سپوتوں نے عوام کی جان ومال کی حفاظت کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ پولیس اپنے شہداء کی فیملیز کیساتھ ہمیشہ کی طرح ساتھ کھڑی ہے اور ہمارے شہدا کی قربانیاں ہمارا آج محفوظ ہونے کی ضمانت ہیں۔ تقریب کے اختتام پر شہدائے پاکستان اور شہدائے پنجاب کے لیے دعائے مغفرت کی گئی۔

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا اندرون شہر کے بازاروں اور محلوں کا دورہ، صفائی ستھرائی اور تجاوزات کے حوالے سے صورتحال کا جائزہ لیا

دوکانداروں کو سامان دوکانوں سے رکھنے پر تنبیہ جاری۔ گلی محلوں میں صفائی کی صورتحال بہتر بنانے اور نالیوں کی باقاعدگی سے ڈیسلٹنگ یقینی بنانے کی بھی ہدایت جاری



گوجرانوالہ (غلام شبیر ریزیڈنٹ ایڈیٹر) تجاوزات فری گوجرانوالہ۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا اندرون شہر کے بازاروں اور محلوں کا دورہ، صفائی ستھرائی اور تجاوزات کے حوالے سے صورتحال کا جائزہ لیا۔ دوکانداروں کو سامان دوکانوں سے رکھنے پر تنبیہ جاری۔ گلی محلوں میں صفائی کی صورتحال بہتر بنانے اور نالیوں کی باقاعدگی سے ڈیسلٹنگ یقینی بنانے کی بھی ہدایت جاری۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا علی الصبح دال بازار کا تفصیلی دورہ، تجاوزات، صفائی ستھرائی، پرائس کنٹرول کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لیا۔ تجاوزات کے خاتمے کیلئے جاری آپریشن کے دوران مسمار کی گئی قانونی تجاوزات کے کا بھی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تاجر برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ رضا کارانہ طور پر تجاوزات ختم کریں اور کاروباری سرگرمیاں مقررہ حدود، دوکان کے اندر رہتے ہوئے جاری رکھیں تاکہ کسی بھی قانونی کاروائی سے بچ سکیں۔ تجاوزات ٹریفک مسائل کا سبب اور حادثات کی بڑی وجہ ہیں ان سے اجتناب کریں۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا علی الصبح جی ٹی روڈ کا دورہ، سٹی فلائی اوور سے نادرا میگا سنٹر جی ٹی روڈ اور گرین بیلٹس میں صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا، سیوریج نالے کے روڈ سے ملحقہ گڑھے میں جمع پانی کا جائزہ لیا۔ صفائی کی ناقص صورتحال پر سخت اظہار برہمی فوری صفائی بہتر بنانے کے حوالے سے اقدامات کی ہدایات جاری۔

یوم شہدائے پولیس 04 اگست کے حوالے سے ریجنل پٹرولنگ آفس میں تقریب کا انعقاد

ریجنل آفیسر پنجاب پٹرول ذوالفقار علی ورک کی زیر قیادت آفیسران کی شرکت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ریجنل آفیسر پنجاب ہائی وے پٹرول ذوالفقار علی ورک تمام ڈی ایس پی صاحبان اور پٹرولنگ پولیس کے چاک و چوبند دستے نے شہدا کے اعزاز میں سلامی دی، پھول چڑھائے اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کی گئی۔ شہدائے پٹرولنگ پولیس کے وارثان کو پھول اور تحفے دیے اس موقع پر ریجنل آفیسر پنجاب ہائی وے پٹرول ذوالفقار علی ورک نے کہا کہ ہم اپنے شہداء کی عظیم قربانیوں کو بھولے نہیں اور نہ ہی کبھی بھولیں گے۔ شہدائے پٹرولنگ پولیس ہمارا فخر ہیں جنہوں نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے اس گلشن کی آبیاری کی ہے۔ انہوں نے اس بات کا عزم ظاہر کیا کہ ہم آئندہ بھی اپنے فرائض کی ادائیگی میں کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

چوآسیدن شاہ میں ایک اور نومولود بچہ مردہ حالت میں ڈنڈوت ویگن سٹینڈ کے قریب سے برآمد

چوآسیدن شاہ میں ایک اور نومولود بچہ مردہ حالت میں ڈنڈوت ویگن سٹینڈ کے قریب سے

برآمد۔ ذرائع کے مطابق اس سے پہلے بھی ایک نومولود بچہ مردہ حالت میں ٹی ایچ کیو ہسپتال چوآسیدن شاہ سے برآمد ہوا تھا جس پر ہسپتال کی انتظامیہ نے پردہ ڈال دیا تھا۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ۔اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ جات 1

پاکستان یحییٰ آفریدی نے نان نفقہ کی ادائیگی سے متعلق شہریوں کی مختلف اپیلوں پر سماعت کے دوران ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ میں حقائق کی جانچ سے متعلق معاملات نہیں آنے چاہئیں، حقائق کی جانچ سپریم کورٹ کا کام نہیں، ہم یہاں صرف قانون کی خلاف ورزی کو دیکھیں گے۔انہوں نے کہا کہ نان نفقہ سے متعلق حقائق کی جانچ فیملی کورٹس نے کرنی ہیں، سپریم کورٹ حقائق کی جانچ سے متعلق مداخلت نہیں کرے گی، ہم سمجھتے ہیں ہائی کورٹ کو بھی حقائق کی جانچ میں نہیں جانا چاہیے۔درخواست گزار کے وکیل نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ درخواست گزار علیحدگی کے بعد سے نان نفقہ دینے کو تیار ہے۔چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ آپ نے 2022 سے نان نفقہ ادا نہیں کیا، 3 برسوں سے آپ نے اپنے بچوں کو ایک روپیہ بھی نہیں دیا۔جسٹس شفیع صدیقی نے درخواست گزار کے وکیل سے کہا کہ آپ جو بات کررہے ہیں اس کے لیے ریکارڈ کا جائزہ لینا پڑے گا، حقائق کی جانچ کا فورم ماتحت عدالت ہے۔چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ سپریم کورٹ اس مرحلے پر مداخلت نہیں کرے گی۔

بقیہ جات 2

گیا ہے۔دی اکانومسٹ میں شائع مضمون کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر امریکی تعلقات کو نئی جہت دے رہے ہیں، 18 جون کو ٹرمپ سے وائٹ ہاؤس میں ان کی نجی ملاقات خطے میں سفارتی تبدیلی کا آغاز تھی۔واضح رہے کہ حالیہ دنوں میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارت کو مردہ معیشت قرار دے کر 25 فیصد ٹیرف عائد کیا ہے۔دی اکانومسٹ کے مطابق امریکا کی جانب سے پاکستان سے تجارتی معاہدے کا اعلان کرتے ہوئے صرف 19 فیصد ٹیرف عائد کیا گیا، امریکا پاکستان سے تجارت، اسلحہ اور انسداد دہشتگردی تعاون کی بحالی پر کام کررہا ہے، یہ جنوبی ایشیا، چین اور مشرق وسطیٰ میں امریکی پالیسی میں بڑی تبدیلی کا اشارہ ہے۔دی اکانومسٹ میں شائع مضمون کے مطابق امریکی عہدیدار نے پاکستان کی داعش کیخلاف کارروائیوں کا اعتراف کیا، امریکا پاکستان کو بکتر بند گاڑیاں، نائٹ وژن آلات دینے پر غور کررہا ہے، امریکی پالیسی ساز بھارت کی تخریبی سرگرمیوں کا جائزہ لے رہے ہیں۔مضمون کے مطابق عالمی سفارت کار اور سرمایہ کار براہ راست فیلڈ مارشل سے رابطے میں ہیں، فیلڈ مارشل نے چین اور خلیجی ممالک کے ساتھ متوازن تعلقات برقرار رکھے ہیں، بھارت کے ساتھ تنازع کے بعد فیلڈ مارشل کی مقبولیت میں اضافہ ہوا ہے۔برطانوی جریدے کے مطابق غیر ملکی دباؤ کے باوجود فیلڈ مارشل نے بھارت کے خلاف جوابی کارروائی کی، صدر ٹرمپ کے قریبی حلقے پاکستان کے کرپٹو اور مائننگ سیکٹرز میں سرمایہ کاری میں دلچسپی رکھتے ہیں۔پاکستان کی نئی سفارتی حکمت عملی عالمی سطح پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے کردار کو نئی شناخت دے رہی ہے۔

بقیہ جات 3

پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں جسٹس محمد شفیع صدیقی اور جسٹس اشتیاق ابراہیم پر مشتمل بینچ نے کراچی رجسٹری میں سندھ حکومت کے محکموں میں فوکل پرسنز کے تقرر کے احکامات کیخلاف اپیل کی سماعت ہوئی، جس میں عدالت نے سندھ حکومت کی اپیل منظور کرلی اور سندھ ہائیکورٹ کے فیصلے میں ترمیم کردی۔واضح رہے کہ سندھ ہائیکورٹ نے ماڈرن ڈیوائس کے استعمال اور محکموں میں فوکل پرسنز کی تقرری کا حکم دیا تھا۔ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل سندھ سبطین نے موقف اختیار کیا کہ سندھ ہائیکورٹ نے چیف سیکرٹری اور سرکار کے تمام افسران کو موبائل ڈیوائسز آن رکھنے کا حکم دیا تھا۔عدالت نے واٹس ایپ کے ذریعے میسجز کی تصدیقی بلیو ٹک بھی آن رکھنے کی ہدایت کی تھی۔چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے ریمارکس دیئے کہ یہ تو عدالت نے آپ کو سہولت فراہم کی ہے۔جو چیز آپ کو کرنی چاہیے تھی وہ عدالت کہہ رہی ہے۔ہم عدالتی آرڈر میں آپ کی استدعا کے مطابق ترمیم کردیتے

بقیہ جات 4

کے سائے میں آباد کار گروہوں کے ساتھ مسجد اقصیٰ پر دھاوا بولنے کے حالیہ واقعے کی شدید مذمت کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اسلام کے مقدس ترین مقامات میں سے ایک کی حالیہ بے حرمتی نے دنیا بھر کے ایک ارب سے زائد مسلمانوں کے عقیدے کو ٹھیس پہنچائی ہے۔یہ بین الاقوامی قوانین اور انسانیت کے اجتماعی ضمیر پر بھی حملہ ہے۔قابض ریاست کی جانب سے ایسی منظم اشتعال انگیزیاں اور الحاق کے غیر ذمہ دارانہ مطالبات امن کے امکانات کو خطرے میں ڈال رہے ہیں۔ایکس پر پوسٹ میں وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ اسرائیل کی یہ شرمناک کارروائیاں جان بوجھ کر فلسطین اور پورے خطے میں کشیدگی کو ہوا دے رہی ہیں۔اس سے مشرق وسطیٰ مزید عدم استحکام اور تنازع کی جانب بڑھ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک بار پھر فوری جنگ بندی، ہر قسم کی جارحیت کے خاتمے اور ایک بااعتماد امن عمل کی بحالی کا مطالبہ کرتا ہے، جو بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق، القدس الشریف کو دارالحکومت بنانے والی ایک آزاد اور خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کی جانب لے جائے۔

بقیہ جات 5

پیغام میں صوبائی وزیر صنعت و تجارت و اوقاف چوہدری شافع حسین نے کہا کہ بھارت کشمیریوں، عالمی برادری اور اقوام متحدہ کے ساتھ اپنے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام رہا ہے۔پاکستان بھارت کے مقبوضہ وادی کے حوالے سے تمام غیر آئینی اقدامات کی مذمت اور انہیں مسترد کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت نے کشمیریوں کی آواز دبانے کیلئے جبر کا ہر ہتھکنڈہ استعمال کیا لیکن غاصب بھارت کشمیریوں کی آواز دبا سکا ہے نہ کبھی دبا سکے گا۔چوہدری شافع حسین نے کہا کہ کشمیری بھارت کے غیر قانونی اور غاصبانہ تسلط کے خلاف لازوال قربانیاں دے رہے ہیں۔پاکستان کشمیریوں کی توانا اور مضبوط آواز ہے اور پاکستان کشمیریوں کے جائز حق کیلئے دنیا کے ہر پلیٹ فارم پر آواز اٹھاتا رہے گا۔انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے۔کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رہے گی۔صوبائی وزیر نے کہا کہ عالمی برادری بھارت سے اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد کرانے کیلئے اپنا کردار ادا کرے۔مقبوضہ کشمیر کے مسئلے کے پرامن حل کے ذریعے ہی خطے میں پائیدار امن اور استحکام ممکن ہے۔

بقیہ جات 6

وزیر اطلاعات نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ فتنہ گروہ نے اپنی احتجاجی تحریک کے لیے اسی دن کا انتخاب کیا ہے، اور اس کے رہنما نے اسے گوریلا جنگ سے تشبیہ دی ہے۔انہوں نے اسے ملک دشمنی اور فاشزم قرار دیا۔ان کا کہنا تھا کہ یہ سیاسی جماعت نہیں، ایک فاشسٹ گروہ ہے، جس نے پہلے بھی احتجاج کی متعدد کالز دیں جو بری طرح ناکام ہوئیں۔عظمیٰ بخاری نے علیمہ خان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ علیمہ باجی خود تسلیم کر چکی ہیں کہ 5 اگست کا احتجاج ہوتا نظر نہیں آرہا۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ لوگ امریکا سے آزادی کے نعرے لگاتے رہے اور آج خود امریکا جا کر مدد مانگ رہے ہیں۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ 9 مئی کے واقعے کی کوئی معافی ممکن نہیں، اگر ایسے واقعات کو معاف کردیا جائے تو ملک کا امن تباہ ہو جائے۔انہوں نے پی ٹی آئی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ یہ لوگ عوامی مقبولیت کھو چکے ہیں، سمبڑیال اور مریدکے کے ضمنی انتخابات میں ان کی شکست ان کے لیے پیغام ہے۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب میں خواتین کو بااختیار بنانے، بچوں کے لیے اسکالرشپس، ای-بائیکس اور لیپ ٹاپس کی فراہمی، اور ترقیاتی کام مخالفین کو ہضم نہیں ہو رہے۔انہوں نے کہا کہ لاہور میں 15 اینٹی سموگ گنز پہنچ چکی ہیں، جو سموگ کے تدارک میں اہم کردار ادا کریں گی۔پہلے کسی حکومت نے ماحولیاتی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کیے، یہ صرف موجودہ حکومت کا کریڈٹ ہے۔

بقیہ جات 7

ب کے عوام پیپلز پارٹی کو صوبے میں اکثریت دلوائیں، پیپلز پارٹی الگ صوبہ نہ بنائے تو جماعت اور سیاست چھوڑ دوں گا۔سردار سلیم حیدر کا مزید کہنا تھا کہ جنوبی پنجاب کے لوگ محرومیوں کا شکار ہیں، الگ صوبے کے قیام کے علاوہ محرومیوں کا ازالہ نہیں ہوسکتا، پنجاب کے وسائل صرف لاہور میں استعمال ہورہے ہیں۔

بقیہ جات 8

سماعت کریں گے۔ عدالت عالیہ کی گرمیوں کی تعطیلات میں اب چار ہفتے باقی رہ گئے ہیں۔تفصیلات کے مطابق 4 اگست سے 8 اگست تک لاہور ہائیکورٹ کی پرنسپل سیٹ پر چار ڈویژن بنچز اور دس سنگل بنچز مقدمات کی سماعت کریں گے۔ڈویژن بنچ نمبر 1 میں چیف جسٹس عالیہ نیلم اور جسٹس عبہر گل تمام نوعیت کے کیسز سنیں گے۔ڈویژن بنچ نمبر 2 میں جسٹس شاہد کریم اور جسٹس راحیل غضنفر علی خان سول نوعیت کے مقدمات کی سماعت کریں گے۔ڈویژن بنچ نمبر 3 میں جسٹس وقار حیدر اعوان اور جسٹس خالد اسحاق سول مقدمات کی سماعت کریں گے۔ڈویژن بنچ نمبر 4 میں جسٹس ملک محمد اویس خالد کی سربراہی میں جسٹس تنویر احمد شیخ فوجداری کیسز کی سماعت کریں گے۔ذرائع کے مطابق ان چاروں ڈویژن بنچز میں شامل معزز ججز سنگل بنچ کی حیثیت سے بھی کام کریں گے تاکہ عدالتی کام کی روانی برقرار رہے اور زیر التوا مقدمات کو ترجیحی بنیادوں پر سنا جاسکے۔عدالتی ذرائع کا کہنا ہے کہ گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران بھی اہم نوعیت کے مقدمات کی پیروی کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی عدالتی نظام وضع کیا گیا ہے، تاکہ سائلین کو انصاف کی فراہمی میں تاخیر نہ

بقیہ جات 9

افراد سے متعلق دائر درخواستوں پر سماعت کی، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل، پولیس فوکل پرسن اور وزارت داخلہ کے نمائندے عدالت میں پیش ہوئے۔عدالت نے صوبائی اور وفاقی حکومت سمیت متعلقہ فریقین سے لاپتہ افراد سے متعلق رپورٹس طلب کرلیں۔ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل نے کہا کہ جانس خان کیس میں عدالت کو غلط گائیڈ کیا گیا، درخواست گزار لاپتہ نہیں ہے، اس کو لاپتہ ظاہر کیا گیا ہے، درخواست گزار جیل میں تھے اس کی ضمانت بھی ہوئی ہے۔جس پر عدالت نے جانس خان کی گمشدگی سے متعلق دائر درخواست خارج کردی جبکہ باقی کیسز میں متعلقہ فریقین سے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ جات 10

اقدامات کے خلاف اپنا احتجاج درج کرانے کے لیے (آج) یوم استحصال کشمیر منائیں گے۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یہ دن منانے کی اپیل کل جماعتی حریت کانفرنس نے دی ہے۔حریت کانفرنس نے مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ 5 اگست یوم استحصال کشمیر کو یوم سیاہ کے طور پر منائیں تاکہ دنیا کو یہ واضح پیغام دیا جائے کہ بھارت نے ان کے مادر وطن پر ناجائز قبضہ کر رکھا ہے اور کشمیری اقوام متحدہ کی طرف سے تسلیم شدہ حق خودارادیت کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔حریت کانفرنس نے 5 اگست 2019 کو کیے گئے غیر قانونی اقدامات کو کشمیر کی منفرد شناخت، حیثیت اور ثقافت پر حملہ اور آبادی کے تناسب کو تبدیل کرنے کی کوشش قرار دیا۔انہوں نے دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے مظلوم عوام کو درپیش مشکلات کی طرف عالمی توجہ مبذول کرانے کے لیے منگل کو احتجاجی مظاہرے کریں۔نریندر مودی کی زیر قیادت ہندوتوا حکومت نے 5 اگست 2019 کو بین الاقوامی قوانین اور اصولوں کی کھلی خلاف ورزی کرتے ہوئے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کردی تھی اور کشمیریوں کے تمام سیاسی، سماجی، مذہبی اور دیگر بنیادی حقوق سلب کرلیے تھے جبکہ مقبوضہ علاقے کو ایک کھلی جیل میں تبدیل کردیا گیا تھا۔حریت قیادت نے کہا کہ یہ اقدام بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی کھلی خلاف ورزی ہے جن کے تحت قابض ریاستوں کو یکطرفہ فیصلے کرنے سے روکا گیا ہے۔کل جماعتی حریت کانفرنس نے کہا کہ وہ دن دور نہیں جب جموں و کشمیر پر بھارت کا سامراجی قبضہ ہوجائے گا اور یہ علاقہ بھارت کی غلامی سے آزاد ہوجائے گا۔

بقیہ جات 11

سیاہ کے طور پر بھی منایا جائے گا ۔ پاکستان تحریک انصاف کے ترجمان کے مطابق آج 5 اگست کو ملک بھر میں جگہ جگہ پر احتجاج ہوں گے اور ریلیاں نکالی جائیں گی اور اس کے ذریعے پرامن احتجاجی تحریک کا بھی آغاز ہوگا۔دوسری جانب بانی پی ٹی آئی کو دو سال قبل پانچ اگست کے روز گرفتار کیے جانے پر آج کے دن کو یوم سیاہ کے طور پر بھی منایا جائے گا۔ترجمان کے مطابق احتجاجی مظاہروں اور ریلیوں میں کارکنان پاکستان کے پرچم سمیت سفید پرچم اور پارٹی پرچم ہمراہ لائیں گے۔ترجمان کے مطابق تحریک انصاف پنجاب نے بھی اپنی تیاریاں مکمل کرلی ہیں، پنجاب بھر میں جگہ جگہ احتجاج اور ریلیاں نکالی جائیں گی، 5 اگست کو یوم سیاہ کے طور پر منایا جائے گا۔پارٹی قیادت کی جانب سے تمام ارکان اسمبلی، ٹکٹ ہولڈر اور تنظیموں کو بھرپور احتجاج کی ہدایت جاری کردی گئی ہیں۔پی ٹی آئی کی جانب سے پنجاب بھر کے ہر حلقے میں احتجاج کی کال دی گئی، احتجاج کسی ایک جگہ کی بجائے تمام حلقوں میں ہوگا، لاہور کے تمام حلقوں میں بھی احتجاج کی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔دوسری جانب پولیس نے امن و امان کی صورتحال کو کنٹرول میں رکھنے کے لئے اپنی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔پولیس ذرائع کے مطابق امن و امان کی صورتحال کو کنٹرول میں رکھنے کے لئے اہم سرکاری عمارتوں کے باہر اور مرکزی شاہراہوں پر اینٹی رائیٹ فورس کے دستے تعینات ہوں گے۔

بقیہ جات 12

کے خلاف جنگ میں موثر طور پر اس کی مالی معاونت کر رہا ہے۔برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق مشیر اعلیٰ کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکی صدر نے نئی دہلی پر روسی تیل کی خریداری بند کرنے کے لیے دباؤ بڑھا دیا ہے۔وائٹ ہاؤس کے نائب چیف آف اسٹاف اور صدر ٹرمپ کے بااثر ترین مشیروں میں سے ایک، اسٹیفن ملر نے کہا کہ صدر ٹرمپ نے بالکل واضح الفاظ میں کہا ہے کہ یہ قابل قبول نہیں ہے کہ بھارت روس سے تیل خرید کر یوکرین کے خلاف جنگ میں اس کی مالی معاونت جاری رکھے۔اسٹیفن ملر کی جانب سے یہ بیان امریکا کی طرف سے بھارت جیسے اہم انڈو-پیسفک شراکت دار پر اب تک کی سب سے سخت تنقید میں سے ایک

بقیہ جات 13

دو دہائیوں کا ریکارڈ توڑ دیا ہے، متعدد حادثات بھی رپورٹ ہوئے ہیں۔آسٹریلوی میڈیا کے مطابق بارشوں کے بعد سڑکیں، گاڑیاں اور گھر برف سے ڈھک گئے، سیکڑوں گاڑیاں سیلاب میں پھنس گئیں۔ہزاروں گھروں کی بجلی منقطع ہو گئی جبکہ امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔یہ شمال مغربی خطے کے کچھ حصوں میں 20 سالوں میں سب سے زیادہ برف

آج ہم آرٹیفیشل انٹیلی جنس اور طبی سائنس کی دنیا میں زندگی گزار رہے ہیں: خواجہ سلمان رفیق

انتہائی خوبصورت اور علمی کانفرنس میں شرکت پر خوشی محسوس ہو رہی ہے، ایسی کانفرنسز جدت، تحقیق اور ٹیکنالوجی کی جانب حکومت پنجاب کی ترجیحات کی نشاندہی کرتی ہیں

کانفرنس میں آمد پر صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ہمیں دکھی انسانیت کی خدمت کر کے اپنے خدا کو راضی کرنا ہے، پروفیسر محمود ایاز

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں نیشنل ریسرچ اینڈ اینوویشن کانفرنس 2025 میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز، وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر خالد مسعود گوندل، سی ای او میو ہسپتال پروفیسر ہارون حامد، پروفیسر اصغر نقی، پروفیسر محمد معین، پروفیسر ابرار اشرف، پروفیسر فائزہ بشیر، پروفیسر علی مدثر ہاشمی اور پروفیسر عمران حسن خان سمیت فیکلٹی ممبران اور طلباء وطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر نے مختلف طبی سٹالز کا دورہ کیا اور طلباء وطالبات (بقیہ نمبر 37)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں کانفرنس کے موقع پر فیکلٹی کے ہمراہ گروپ فوٹو

جماعت اسلامی سیاسی جماعت نہیں بلکہ ایک عوامی تحریک ہے: ضیاء الدین انصاری

عوامی کمیٹیوں کے عہدیداران گلی محلے کے مسائل حل اور نظام کی اصلاح کیلئے کام کریں گے، ہر باشعور فرد اس جدوجہد کا حصہ بنے

اسلامی پاکستان اور خوشحال پاکستان کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کرے، امیر جماعت اسلامی لاہور کا پی پی 147 میں ممبرز کنونشن تقریب سے خطاب

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی پی پی 147 کے زیر اہتمام ممبرز کنونشن کا انعقاد کیا گیا۔ کنونشن سے امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے خطاب کیا اور شرکاء کو جماعت اسلامی کے پیغام، اہداف اور عوامی خدمت کے مشن سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی ضلع شمالی لاہور عثمان افضل، رہنما جماعت اسلامی شمالی سیف الرحمٰن چوہدری اسلم، محمد سلیم شیخ، شعیب ادریس اور حاجی محمد عباس سمیت بڑی تعداد میں مرد وخواتین اور بچوں نے شرکت کی۔ کنونشن میں بڑی تعداد میں شرکاء نے جماعت اسلامی کی عوام میں بڑھتی ہوئی مقبولیت اور اعتماد کا اظہار ہے۔ اس موقع پر ضلع میں (بقیہ نمبر 38)

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ ممبرز کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ جیل فیصل آباد میں قیدیوں کیلئے مردہ مرغیوں کا گوشت کا انکشاف

جیل افسران اور عملہ ٹھیکیدار سے مل کر کرپشن کر رہے ہیں، محکمہ داخلہ پنجاب کو رپورٹ بھجوادی گئی

قیدیوں کیلئے ہفتے میں 5 دن روزانہ ساڑھے 5 من تک مرغیوں کا گوشت سپلائی کیا جاتا

فیصل آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ جیل فیصل آباد میں مردہ مرغیوں کا گوشت سپلائی کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ ڈی آئی جی اسپیشل برانچ پولیس نے چند روز قبل محکمہ داخلہ کو بھجوائی گئی رپورٹ میں ڈسٹرکٹ جیل فیصل آباد میں مردہ مرغیوں کے گوشت کی سپلائی کا انکشاف کیا۔ رپورٹ کے مطابق ڈسٹرکٹ جیل میں 2000 سے زائد قیدیوں کیلئے ہفتے میں 5 دن روزانہ ساڑھے 5 من تک مرغیوں کا گوشت سپلائی کیا جاتا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ٹھیکیدار شہباز 2 سے اڑھائی من زندہ مرغیاں گاڑی میں لاتا جس کے کچھ دیر بعد اس کا ملازم مردہ مرغیوں کا 2 سے اڑھائی من گوشت موٹر سائیکل پر نیلے ڈرموں (بقیہ نمبر 46)

ویمن یونیورسٹی ملتان میں مرکز برائے شماریات کنسلٹنسی اینڈ ریسرچ قائم کر دیا

تعلیمی اور پیشہ ورانہ دنیا میں ڈیٹا پر مبنی تحقیق کی بڑھتی ہوئی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں ہے

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی ملتان میں مرکز برائے شماریات کنسلٹنسی اینڈ ریسرچ قائم کر دیا گیا ترجمان کا کہنا ہے کہ ویمن یونیورسٹی ملتان نے ایک اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے شماریات کنسلٹنسی اینڈ ریسرچ سنٹر قائم کر دیا ہے اس سنٹر میں معاشی اشاریوں کی تیاری کیلئے خدمات فراہم کی جائیں گی شماریات کنسلٹنسی اینڈ ریسرچ سنٹر کی افتتاحی تقریب کی صدارت وائس چانسلر ڈاکٹر کلثوم (بقیہ نمبر 47)

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ کے ہمراہ شعبہ شماریات میں سنٹر فار سٹیٹسٹیکل کنسلٹنسی اینڈ ریسرچ کے افتتاح کے بعد گروپ فوٹو

پاکستان کشمیریوں کی توانا اور مضبوط آواز ہے: چوہدری شافع حسین

پاکستان بھارت کے مقبوضہ وادی کے حوالے سے تمام غیر آئینی اقدامات کی مذمت اور انہیں مسترد کرتا ہے، صوبائی وزیر صنعت وتجارت واوقاف

کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رہے گی، یوم استحصال کشمیر کے موقع پر خصوصی پیغام

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صنعت وتجارت واوقاف چوہدری شافع حسین نے کہا ہے کہ مودی سرکار نے 5 اگست 2019 کو مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر کے بین الاقوامی قوانین کو پامال کیا۔ بھارت کے اس غیر آئینی اقدام کا مقصد کشمیریوں کو اپنی ہی سرزمین سے بیدخل کرنا تھا۔ یہ اقدام کشمیریوں کے حق خودارادیت کو کمزور کرنے اور کشمیری آبادی کے تناسب کو بدلنے کی بھارتی کوشش ہے۔ یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں صوبائی وزیر صنعت وتجارت واوقاف چوہدری شافع حسین نے کہا کہ بھارت کشمیریوں، عالمی برادری اور اقوام متحدہ کے ساتھ اپنے وعدوں (بقیہ نمبر 48)

پیس پلازہ آتشزدگی: محتسب پنجاب کی مداخلت سے دکانداروں کی بحالی کی راہ ہموار

محتسب پنجاب کے فیصلے سے پیس پلازہ دوبارہ قابل استعمال قرار، متاثرہ دکانداروں کو ریلیف مل گیا

گورنر نے پلازہ مالکان کی اپیل مسترد کر دی، کمشنر لاہور کو 60 دن میں سفارشات پر عملدرآمد کی ہدایت

لاہور (زیڈ این این) گلبرگ لاہور میں واقع پیس پلازہ میں 13 مارچ 2022 کو پیش آنے والے آتشزدگی کے افسوسناک واقعے میں 400 سے زائد دکانیں اور 100 اسٹالز مکمل طور پر تباہ ہو گئے۔ متاثرہ شہریوں اور دکانداروں کی جانب سے دفتر محتسب پنجاب کو موصول شکایات پر فوری کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ماہرین کی جانب سے عمارت کا تکنیکی معائنہ کیا گیا، جس میں پیس پلازہ کو بحالی کے لیے مکمل طور پر محفوظ قرار دیا گیا۔ تاہم پلازہ مالکان عمارت کی بحالی کی مخالفت کر رہے تھے۔ محتسب پنجاب نے چیف انجینئر ایل ڈی اے کی سربراہی میں 8 رکنی کمیٹی تشکیل دی، جس نے عمارت کو محفوظ طریقے سے دوبارہ استعمال کے قابل قرار دیا۔ اس کی روشنی میں محتسب پنجاب نے کمشنر لاہور کو 60 دن کے اندر سفارشات پر عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت جاری کی۔

ملا امیر متقی کا دورہ پاکستان موخر، پاکستان وافغانی سفارتی حکام نے تصدیق کر دی

اسلام آباد (این این آئی) افغان عبوری وزیر خارجہ ملا امیر متقی کا دورہ پاکستان موخر کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق افغان عبوری وزیر خارجہ نے پاکستان کے سہ روزہ دورہ پر اسلام آباد آنا تھا۔ پاکستانی وافغان سفارتی حکام نے دورہ موخر ہونے کی تصدیق کر دی۔ سفارتی ذرائع کے مطابق افغان وزیر خارجہ کا دورہ تکنیکی وجوہات کی بنا پر ملتوی کیا گیا۔ ملا امیر متقی نے یہ دورہ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کی دعوت پر کرنا تھا۔ افغان عبوری وزیر خارجہ کے دورے کیلئے نئی تاریخ کا اعلان باہمی مشاورت سے ہو گا۔

بھارت نے 1947 کی طرح 5 اگست 2019 کو پھر کشمیر پر شبخون مارا: ذیشان رفیق

آپریشن سیندور سے اکھنڈ بھارت کے اپنے ہی خواب کی مانگ اجڑ گئی، آپریشن بنیان مرصوص نئی داستانیں رقم کر گیا، وزیر بلدیات پنجاب کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے یوم استحصال کشمیر (5 اگست) پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بھارت نے جس طرح 1947 کو کشمیر پر غاصبانہ قبضہ کیا ویسے ہی 5 اگست 2019 کو ایک بار پھر شبخون مارا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ کشمیری عوام پر جاری مسلسل جبر سے بھی بھارت کو مطلوبہ نتائج نہیں ملے۔ چنانچہ اس نے سیاسی اور سفارتی محاذ پر اپنی ناکامی کا بدلہ 5 اگست کے اقدام سے لینے کی کوشش کی۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ وزیر اعظم مودی بھارت کی دنیا بھر میں جگ ہنسائی کا باعث بنے ہیں۔ بھارت اپنے مکروہ اقدامات چھپانے کے لئے بلوچستان میں مداخلت کر رہا ہے۔ ذیشان رفیق نے (بقیہ نمبر 49)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق مقامی ہوٹل میں استحکام پاکستان کانفرنس میں ملک وقوم کی سلامتی کیلئے دعا کر رہے ہیں جبکہ صوبائی وزیر اقلیتی امور بھی ہمراہ ہیں

آرٹیکل 370 اور A-35 کا خاتمہ کر کے نہتے کشمیریوں کے بنیادی حقوق پر شب خون مارا گیا، لائبہ کوثر احمد

مظفر آباد (این این آئی) سابق معاون خصوصی ہمراہ وزیر اعظم آزاد کشمیر لائبہ کوثر احمد نے کہا ہے کہ 5 اگست 2019 تاریخ کا وہ سیاہ دن ہے جب بھارت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کی آئینی حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرتے ہوئے آرٹیکل 370 اور A-35 کا خاتمہ کیا، اور نہتے کشمیریوں کے بنیادی حقوق پر شب خون مارا۔ آج پانچ سال گزرنے کے باوجود کشمیری قوم اس غیر قانونی اقدام کو نہ تسلیم کرتی ہے، نہ بھلا سکتی ہے۔ بھارت کا 5 اگست کا اقدام اقوام متحدہ کی قراردادوں، بین الاقوامی قوانین، اور خود بھارتی آئین کی روح کے خلاف ہے۔ اس روز سے مقبوضہ کشمیر ایک کھلی جیل میں تبدیل ہو چکا ہے

سانحہ سید پور انتہائی افسوسناک اور دردناک ہے، محمد مشتاق گورسی

بچی کو انصاف نہ ملنا اور بچی کے والد کی دہائی اس سے بھی زیادہ افسوسناک ہے

دھناں (این این آئی) سرپرست اعلیٰ پیپلز پارٹی تحصیل کھوئی رٹہ محمد مشتاق گورسی نے کہا کہ سانحہ سید پور انتہائی افسوسناک اور دردناک ہے اور پرے اس بچی کو انصاف نہ ملنا اور بچی کے والد کی دہائی اس سے بھی زیادہ افسوسناک ہے پورے وادی بناہ کے عوام بالخصوص بچی کا والد جو بیرون ملک سے دہائی دے رہا ہے کہ میری بچی کو انصاف دیا جائے اصلی وارث میں ہوں میرے گھر والوں کو بھی شامل تفتیش کیا جائے

صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ کی قومی استحکام پاکستان کانفرنس میں شرکت

کانفرنس کی صدارت خطیب وامام بادشاہی مسجد مولانا سید عبدالخبیر آزاد نے کی

صوبائی وزیر کا معرکہ حق "آپریشن بنیان مرصوص" میں پاکستان کی عظیم فتح پر پاک فوج کو خراج تحسین

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے لاہور کے ایک مقامی ہوٹل میں منعقدہ مجلس علماء پاکستان کے زیر اہتمام "قومی استحکام پاکستان کانفرنس" میں خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر جشن آزادی اور معرکہ حق کو مشترکہ منانے کے ساتھ "آپریشن بنیان مرصوص" میں پاکستان کی عظیم فتح پر خوشی کا اظہار کیا گیا اور پاکستان کی بہادر مسلح افواج کو خراج تحسین بھی پیش کیا گیا۔ کانفرنس میں مذہبی ہم آہنگی، رواداری، احترام انسانیت اور "پیغام پاکستان" کے فروغ پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے اپنے خطاب میں پاک فوج کے جوانوں (بقیہ نمبر 50)

سیلان قتل عام کے متاثرین 27 سال گزر جانے کے باوجود انصاف سے محروم

جموں (این این آئی) سیلان پونچھ قتل عام کے متاثرین ابھی تک انصاف سے محروم ہیں جس میں بھارتی فوجیوں نے 3 اور 4 اگست 1998 کی درمیانی شب کو ضلع پونچھ کے علاقے سیلان میں 11 بچوں سمیت ایک ہی خاندان کے 19 افراد کو گولیاں مار کر شہید کر دیا تھا۔ کشمیر میڈیا سروس (بقیہ نمبر 40)

چینی کی قیمتوں پر تحریک تحفظ آئین پاکستان نے چیف جسٹس پاکستان کو خط لکھ دیا

چیف جسٹس کو معاملہ 3 رکنی جج کمیٹی کو ریفر، ازخود نوٹس لینے کا، تحقیقاتی کمیشن تشکیل دینے، ذمے داری متعین کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) تحریک تحفظ آئین پاکستان نے چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کو خط لکھ دیا، خط محمود خان اچکزئی، علامہ ناصر عباس، اسد قیصر اور مصطفیٰ نواز کھوکھر کی جانب سے بھیجا گیا۔ خط کے متن کے مطابق شوگر انڈسٹری میں غیر قانونی پالیسیوں اور اقدامات پر کڑا احتساب ہونا چاہیے، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں بتایا گیا کہ 300 بلین روپے سے زائد کی کرپشن ہوئی۔ جنوری سے چینی کی قیمت تشویشناک حد تک 200 روپے فی کلو دیکھ رہے ہیں۔

کراچی: نالے میں گر کر ماں اور بچے کی ہلاکت 99 لاکھ روپے ہرجانے کا حکم

حادثہ فریقین کی غفلت کے باعث پیش آیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ کے ایم سی اور ڈی ایم سی وسطی اپنی ذمہ داریاں نبھانے میں ناکام رہیں

کے ایم سی اور ڈی ایم سی وسطی اپنے عوامی فرائض کی انجام دہی میں ناکام رہے، ریکارڈ سے ظاہر ہوتا ہے حادثہ فریقین کی غفلت کے باعث پیش آیا، فیصلہ

کراچی (این این آئی) سینئر سول جج وسطی سٹی کورٹ کراچی نے شادمان نالے میں موٹر سائیکل گرنے سے خاتون اور دو ماہ کے بچے کی ہلاکت کے کیس میں متاثرہ شہری کے حق میں فیصلہ سناتے ہوئے کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (کے ایم سی) اور ڈسٹرکٹ میونسپل کارپوریشن (ڈی ایم سی) وسطی کو 99 لاکھ روپے سے زائد ہرجانہ ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا کہ ریکارڈ سے ظاہر ہوتا ہے حادثہ فریقین کی غفلت (بقیہ نمبر 44)

فیروز والا، بہاولپور میں مبینہ طور پر سسرالیوں کے تشدد سے دو خواتین جاں بحق

بہاولپور میں مبینہ طور پر شک کی بنیاد پر خاوند، سسر اور دیور نے مل کر خاتون کو پھندا لگا کر قتل کر دیا، تدفین کے موقع پر پولیس پہنچ گئی

فیروز والا / بہاولپور (خبر نگار) فیروز والا اور بہاولپور میں مبینہ طور پر سسرالیوں کے تشدد سے دو خواتین جاں بحق ہو گئیں، بہاولپور میں بہو کو مبینہ طور پر شک کی بناء پر قتل کیا گیا۔ فیروز والہ تھانہ فیکٹری ایریا کے علاقہ میاں کالونی ڈوگر چوک میں شوہر نے مبینہ تشدد کر کے بیوی کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ لواحقین کا کہنا تھا کہ شوہر بیوی کو 4 دن قبل صلح کے بہانے سے گھر لے کر گیا تھا، خاتون کی شناخت 22 سالہ انعم سے ہوئی جو 2 بچوں کی ماں (بقیہ نمبر 44)

پرائیویٹ سکولز کے جعلی فٹنس سرٹیفکیٹ کا انکشاف، صرف مالکان کی رجسٹریشن کا فیصلہ

جعلی فٹنس سرٹیفکیٹس پر کارروائی، پرنسپلز کو رجسٹریشن یا تجدید کی اجازت نہیں ہو گی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی

لاہور (زیڈ این این) پرائیویٹ سکولز کی جانب سے جعلی بلڈنگ فٹنس سرٹیفکیٹس جمع کروانے کا انکشاف ہوا ہے، جس کے بعد ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی نے اہم قدم اٹھاتے ہوئے صرف سکول مالکان کو رجسٹریشن جاری کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اب پرائیویٹ سکولز کے پرنسپلز یا ہیڈ ٹیچرز کو رجسٹریشن یا تجدید کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ صرف سکول آنرز کو رجسٹریشن کے لیے درخواست دینے کی اجازت ہو گی، اور انہیں درخواست کے ساتھ بیان حلفی بھی جمع کروانا ہو گا۔ بیان حلفی میں سکول آنرز یہ تصدیق کریں گے کہ رجسٹریشن کے لیے دی گئی تمام دستاویزات اصلی اور قابل تصدیق ہیں۔ اس اقدام کا مقصد جعلی کاغذات کی روک تھام اور تعلیمی اداروں میں حفاظتی معیار کو یقینی بنانا ہے۔

مظفر آباد: آزاد کشمیر کلچرل اکیڈمی کے زیر اہتمام پانچ اگست یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے طالبات پینٹنگ کر رہی ہیں

لاہور: صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد پریس کانفرنس کے دوران میر ابرانڈ پاکستان نمائش کا 14 اور 15 اگست کو لاہور ایکسپو سینٹر میں انعقاد کا اعلان کر رہے ہیں

دریاؤں کے حفاظتی بندوں: 2 ارب 76 کروڑ روپے کے فنڈز کی درخواست

آبپاشی پنجاب نے 16 اسکیموں کی تجویز دی؛ راوی پر حفاظتی اقدامات ناگزیر قرار

لاہور (زیڈ این این) لاہور سمیت پنجاب بھر میں دریاؤں کے حفاظتی بندوں کی مرمت اور بحالی کے لیے محکمہ آبپاشی پنجاب نے 2 ارب 76 کروڑ روپے کے فنڈز کی ڈیمانڈ کر دی ہے۔ محکمہ آبپاشی کی رپورٹ کے مطابق، 225 ملین مکعب فٹ مٹی کی کٹائی کے لیے 16 حفاظتی اسکیمیں تجویز کی گئی ہیں، جن پر فوری عمل درآمد ضروری قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ لاہور میں دریائے راوی کے شاہدرہ سیکشن پر پانی کی سطح میں اگرچہ کمی واقع ہوئی ہے، تاہم حفاظتی اقدامات نہ ہونے کی صورت میں خطرہ برقرار ہے۔ محکمہ آبپاشی کے ترجمان کے مطابق، دریائے راوی کے کنارے کچے کے علاقوں میں فوری (بقیہ نمبر 43)

شیخوپورہ موٹروے پولیس ٹریننگ کالج شیخوپورہ کمانڈنٹ ڈی آئی جی ڈاکٹر فریش خان یادگار شہداء پر سلامی دیتے ہوئے

صارف عدالت کے 1600 کیسز سیشن کورٹ منتقلی، دکانداروں کے وارنٹ واپس

لاہور (زیڈ این این) صارف عدالت لاہور میں زیر سماعت 1600 مقدمات کو سیشن کورٹ منتقل کرنے کے لیے مارکنگ کا عمل جاری ہے، عملے کے مطابق آخری مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔ ذرائع کے مطابق سیشن کورٹ میں تا حال ایڈیشنل سیشن جج مقرر نہیں کیا گیا، جس پر متاثرہ سائلین اپنے وکلاء سے نئے کیسز کی دائرہ اختیار کے حوالے سے مشورے لینے لگے ہیں کہ اب وہ نئے کیسز کہاں دائر کریں؟ ادھر پولیس نے 30 دکانداروں کے وارنٹ گرفتاری واپس جمع کروا دیے، جس پر دکانداروں نے سکھ کا سانس لیا

صارف عدالت لاہور میں 1600 کیسز کو سیشن کورٹ بھجوانے کیلئے مارکنگ کا عمل جاری

لاہور (این این آئی) صارف عدالت لاہور میں 1600 کیسز کو سیشن کورٹ بھجوانے کیلئے مارکنگ کا عمل جاری ہے، 30 دکانداروں کے وارنٹ گرفتاری پولیس نے واپس جمع کرا دیئے۔ صارف عدالت لاہور میں 1600 کیسز کو سیشن کورٹ بھجوانے کیلئے مارکنگ کا عمل جاری ہے، عملے کا کام آخری مرحلے میں داخل ہو گیا۔ سیشن کورٹ میں ابھی تک ایڈیشنل سیشن جج مقرر نہیں۔

ٹیلی نار کمپنی صارفین کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہی ہے، صارفین

ٹیلی نار کمپنی کی انتہائی تھرڈ کلاس سروس ہے، حکومت فوری نوٹس لے، صارفین کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان بھر اور آزاد کشمیر کے رہائشی ٹیلی نار کمپنی کی انتہائی تھرڈ کلاس سروس سے عاجز آ گئے، حکومت سے فوری طور پر سخت ترین نوٹس لینے کا مطالبہ، ٹیلی نار کمپنی صارفین کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہی ہے لیکن اس کی سروس انتہائی بے کار ہے، بار بار شکایات کے باوجود (بقیہ نمبر 35)

شمس الاسلام قتل، وکلاء کی ہڑتال، سندھ ہائیکورٹ میں نعرے بازی

ٹی ڈی پر سب تشدد ہو چکا، قاتل نے اعتراف جرم کر لیا ہے، اب احتجاج کا کوئی فائدہ نہیں، جسٹس کے کے آغا سے جملوں کا تبادلہ

کراچی (این این آئی) وکیل خواجہ شمس الاسلام کے قتل کے خلاف وکلاء نے عدالتی کارروائی کا بائیکاٹ کرتے ہوئے سندھ ہائیکورٹ میں نعرے بازی کی، ججوں سے جملوں کا تبادلہ کیا۔ وکلاء نے ججز سے بورڈ ڈسچارج کرنے کی استدعا کی جس پر قائم مقام چیف جسٹس ظفر احمد راجپوت نے (بقیہ نمبر 36)

پشاور: صوبائی ٹینس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ٹریننگ کیمپ میں شریک کھلاڑیوں میں مہمان خصوصی ٹینس سٹرنگز اور گرپس تقسیم کر رہے ہیں

جعلی پولیس مقابلے میں ہلاکت کی درخواست ایف آئی اے کو بھجوادی گئی

لاہور ہائیکورٹ نے دادرسی کیلئے معاملہ ڈائریکٹر ایف آئی اے کے سپرد

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے عارف والا کے شہری کی مبینہ جعلی پولیس مقابلے میں ہلاکت کے خلاف دائر درخواست نمٹا دی اور دادرسی کے لیے اسے ڈائریکٹر ایف آئی اے کو بھجوانے کا حکم جاری کر دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم نے درخواست گزار کوثر پروین کی درخواست پر تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے ڈائریکٹر ایف آئی اے کو معاملے پر قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کی ہدایت دی۔ درخواست گزار نے مؤقف اپنایا کہ اس کے پانچ بیٹوں کو عارف والا پولیس نے گرفتار کیا، جن میں سے تین کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجا گیا جبکہ دو بیٹے عمر دراز اور کم سن دلدار وہاڑی پولیس کے حوالے کر دیے گئے۔ اس کے بعد عدالت سے رجوع کیا گیا۔

تین سال سے لاپتہ لڑکی بازیاب، لاہور ہائیکورٹ میں پیش

پہلے بھی پسند کی شادی کا بیان دیا جسے نہیں مانا گیا' لڑکی کا عدالت کے روبرو بیان

بیٹی میرے 90 لاکھ روپے ساتھ لے گئی وہ واپس دلا دیں' والد، ایس ایچ او لڑکی کی سلامتی کی خبر رکھے' عدالت کا حکم

لاہور (ای این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر حافظ آباد نے سابق فوجی کی تین سال سے لاپتہ بیٹی کو بازیاب کرا کے لاہور ہائیکورٹ میں پیش کر دیا۔ لڑکی نے عدالت کے سامنے پسند کی شادی کا بیان دیدیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں سابق فوجی کی تین سال سے لاپتہ بیٹی کی بازیابی کیلئے درخواست پر سماعت ہوئی۔ ڈی پی او حافظ آباد نے لڑکی علیحہ کو بازیاب کر کے پیش کر دیا۔ عدالت نے کہا کہ دکھ تو ہوتا ہے جب بچی ایسی حرکت کرے۔ لڑکی نے عدالت کے سامنے پسند کی شادی کا بیان دیتے ہوئے کہا کہ میں نے پہلے بھی پسند کی شادی کرنے کا بیان دیا جو نہیں مانا گیا، والد اور بھائی مجھے دھمکیاں دیتے ہیں۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

پنجاب پولیس سے مقابلے میں انتہائی مطلوب دہشت گرد بلال کھوسہ ہلاک

ڈیرہ غازی خان میں پولیس سے فائرنگ کے تبادلے میں ہلاک، دہشت گرد ٹی ٹی پی سے تعلق رکھتا تھا، ترجمان

دہشتگردی، راہزنی کے سنگین مقدمات میں مطلوب، پولیس اور سی ٹی ڈی کو عرصے سے مطلوب تھا

لاہور (زیڈ این این) پنجاب پولیس کو ٹارگٹ کلنگ اور دہشتگردی جیسے سنگین جرائم میں انتہائی مطلوب دہشت گرد بلال عرف بشیر کھوسہ کو ایک مقابلے کے دوران ہلاک کر دیا گیا ہے۔ پنجاب (بقیہ نمبر 41)

نئے گیس کنکشن کے خواہشمندوں کو سستی آر ایل این جی دینے کا فیصلہ

پاکستان درآمد شدہ گیس کی اضافی مقدار کے مسئلے کا سامنا کر رہا، حکام چاہتے یہ گیس نئے کنکشن کے خواہشمند افراد کو فراہم کی جائے

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے نئے گیس کنکشن حاصل کرنے والوں کو سستی آر ایل این جی دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت نے ایک اہم فیصلہ کیا ہے جس کے تحت گھریلو اور تجارتی شعبوں میں نئے گیس کنکشن کے خواہشمندوں کو درآمد شدہ گیس آر ایل این جی فراہم کی جائے گی جو ایل پی جی کے مقابلے میں 31.25 فیصد سستی ہو گی۔ اس فیصلے کا مطلب یہ ہے کہ نئے گیس (بقیہ نمبر 43)

جہلم ویلی: ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر طاہر رحیم مغل حفاظتی ٹیکہ جات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

79 ویں یوم آزادی کے عظیم الشان موقع پر روزنامہ 'قوت' خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔ تمام نمائندگان اپنے اشتہارات انٹرویوز 12 اگست 2025 تک ادارہ ہذا کو میل کر دیں تاکہ اچھی کوریج دی جاسکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان
dailyquwat786@gmail.com
PH:0302-1228000 / 0322-4181870